فہرست ظفر جلیل

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیشمار ہی اوس پاک پروردگار کی لئی کہ ہمکو توفیق دی اپنی ذکر کی اور راہ بتائی اپنی
شکر کی یا الٰہی درود و سلام بیحد نازل کر خاتم النبیین شفیع المذنبین رسول امین پر اور انکی
اصحاب ابرار اور آل اطہار پر اور سب پر اور اس عاجز کو دنیا مین اتباع اونکا نصیب کر
اور حشر مین اونکی خادمون مین منسوب کر آمین آمین آمین یا اله العالمین بعد ازین فقیر احقر
العباد محمد قطب الدین غفر اللہ لہ ولوالدیہ بہائی مسلمانون کی خدمت مین التماس کرتا ہی
کہ کتاب مستطاب حصن حصین کہ مشتمل ہی حدیثون اور دعاؤن فرمائی ہوئی سرور عالم صلی اللہ
علیہ وسلم کی کو لائق اسکی ہی کہ اگر اوسکو تعویذ جان کا کرین بجا ہی اور آب زر سی لکھین تو
سزا ہی کیونکہ جو برکت اور کثرت ثواب کی اون دعاؤن وغیرہ مین ہو گی کہ زبان مبارک
رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible] آئی ہوئی ہین ممکن نہین کہ غیر مین ہو پس ہر مومن کو
چاہئی کہ اوسکو وسیلہ نجات دارین کا کری کہ اللہ تعالی فرماتا ہی لقد کان لکم فی رسول اللہ
اسوۃ حسنۃ لمن کان یرجو اللہ والیوم الآخر یعنی البتہ ہی تمہاری لئی بیچ افعال رسول خدا کی

بڑی اچھی واسطی اوسکی کہ امید رکہتا ہی اللہ تعالی کی اور دن آخرت کی اس لیٔ اس عاجز نی واسطی نفع
پہانی مسلمانون کی اور وسیلہ کرنی مغفرت اپنی کی ترجمہ اوسکا ہندی مین موافق شرحون کے
لکہا اور فائدی اوسکی مشکوۃ اور شرح ملا علی قاری اور شرح شیخ فخر الدین رحمہما اللہ کیسی کہ اولاد
حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ کیسی ہین لکہی یعنی بعد ترجمہ دعا روغیرہ کی فضیلت اور حل
مطلب اوسکی لکہی اور دعائین بہی کہ خوب تہین اوسمین درج کین اور علامت اوسکی کہ ترجمہ
ف کا لکہا اور بعد تمام ہونی کی اکثر جا ی کذا ذکر کر نام اوس کتاب کا یا کتاب والی کا
لکہا کہ جس سے وہ نقل کیا اور اخیر کتاب مین ایک خاتمہ لکہا کہ مشتمل ہی حدیثون خوش مضمون
اور بکار آمدنی کو کہ مشکوۃ وغیرہ مین سی چنکر اسی طرح ترجمہ اور فائدی اوسکی بہی لکہی اور وجہ اولن
حدیثون کی لکہنی کے یہہ ہی کہ پرہیزگاری اور آراستگی نفس کے ہر کسی کو لازم ہی تا عبادت اچھی طرح
مقبول ہو چنانچہ امام غزالی رحمہ اللہ نی منہاج العابدین مین لکہا ہی کہ اصل عبادت مین تین چیزین ہین
ایک توفیق اور مدد اللہ تعالی کی اور وہ پرہیزگارون کو ہوتی ہی جیسی کہ فرمایا اللہ تعالی نی
اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی مدد اور حفاظت اللہ تعالی کی ساتہہ پرہیزگارون کے ہی اور دوسری اصلاح عمل کی
اور وہ بہی پرہیزگارون کی لیٔ ہی جیسی کہ فرمایا اللہ تعالی نے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا
سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ یعنی ای ایمان والو ڈرو اللہ سی اور پرہیزگاری کرو اور
کہو بات اچہی اور سنوار دیگا خدا تمہاری لیٔ عمل تمہاری اور بخشیگا تمہاری لیٔ گناہ تمہارے اور
تیسری قبول عمل اور وہ بہی پرہیزگارون کی لیٔ ہی چنانچہ فرمایا ہی اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی
قبول نہین کرتا ہی خدا تعالی عمل کو مگر پرہیزگارون سی پس مدار عبادت کا ان تین چیزون پر ہوا اول
توفیق چاہیٔ تا عمل کرے بعد اوسکی سنوارنا چاہیٔ تا عمل بی نقصان ہووی بعد ازان قبول چاہیٔ تا فائدہ عبادت کا
حاصل ہو اور ان تین چیزون کی لیٔ ہی تضرع اور سوال سب عابدون کا رَبَّنَا وَفِّقْنَا لِطَاعَتِکَ وَتَمِّمْ تَقْصِیْرَنَا وَتَقَبَّلْ

اَتمِمْ لَنَا یعنی ای رب ہماری توفیق دی ہمکو اپنی طاعت کی اور تمام کر تقصیر ہماری اور قبول کر عمل
ہماری اور یہہ تینون باتین تقوی سی میسر ہوتی ہین تمام ہوا کلام امام غزالی کا اور یہی مضمون سرور عالم
صَلَّی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤن سی بہی سمجہا جاتا ہی اور مصنف نی بہی اسپر اشارہ کیا ہی آداب
دعا مین بس اسی لئی اخیر مین ایسی حدیثین لاحق کی گئین کہ بیدار کرین خواب غفلت سی اور اونکی تاثیر
آدمی پر بعض گار ہو جاوی بس چاہئی یون کہ جسکو اللہ تعالی توفیق اس کتاب کی دعاؤن کی پڑہنی کی
دلی وہ بعد ہی تمام وظیفہ کی جسقدر ہوسکی مطالعہ اوسکا بہی اپنی پر لازم کری اور اہل علم جہان
اسکا ذکر ین کہ ہندی عبارت کو دیکہکر کیا کرینگی بلکہ یہہ دیکہین کہ حب عجائب و غرائب اسکی معلوم
ہونگی کہ ہر کسی کا مطلب اور حاجت بر آری ہر امر کی اسمین موجود ہی آپ اپنی ہزار کام چہوڑ کر مشغول ہو
اپنی کو اسمین غنیمت اور بہبودی سمجہین گی کسواسطی کہ کوئی کام دین و دنیا کا ایسا نہین کہ اوس
عقدہ کشائی اوسکی نہو اور زیادہ خوبی یہہ ہی کہ جب بہت سی کتابین دیکہین گی تب اتنی مطالب
معلوم کرینگی اسمین بی محنت موجود ہین اور حکیم خیر اللہ شاہ نی کہ احباء عاجز کی سی ہین تاریخ اس
شرح کی اتمام کی ظفر جلیل کہی اور یہی نام اسکا رکہا گیا یعنی اسپر عمل کرنی سی آدمی مطلب پاب
و فتحیاب دارین کا ہوتا ہی اور بعد طیار ہونیکی اول سی آخر تک پیچ حضرت مخدومی مکرمی استاذی
مولوی محمد اسحق صاحب زاد اللہ شرفا کی عرض کی اور از راہ کرم عمیم کی باوجود بی استعدادی
میری کی پسند فرمائی پس بعد اسکی بہی اگر کوئی صاحب غلطی ملاحظہ فرماوین شرحون سی تحقیق کر کر بنا دین
کہ بندہ بہر حال تقصیر وار ہی رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ
عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا
فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ ٭ آمِیْنَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ اور جسکو اللہ تعالی توفیق دی اسکی
رواج دینی مین قصور نکری کہ حدیث شریف مین آیا ہی اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ یعنی جو اچہی بات کا

... تا ہی اوسکو بھی ثواب مثل ثواب کرنی والی اوسکی کی ہوتا ہی یا اللہ تو اس عاجز کو اور میری والدین
کو اور سب مسلمانوں کو اس سی بہرہ مند کر اور اپنی رحمت خاص سی بخش دی اور ہماری گناہوں پر
خیال نہ فرما اور اس کتاب کو قبول فرما اور خالص اپنی خوشنودی کی لئی گردان اور وہ کام کروا
ہم سی کہ جسمین تو راضی ہووی آمین یا معبود العالمین اور سند کتاب حصن حصین کی یہہ ہی کہ پڑہی
یہہ کتاب فقیر محمد قطب الدین بن محمد محی الدین بن عبد المجید معروف بہ شاہ حاجی احمد الدہلوی
غفر اللہ لہم نی حضرت مخدومی مکرمی معظمی مولوی محمد اسحق رحمۃ اللہ سی اور اونکو سند پہنچی حضرت
شیخ عبد العزیز رحمہ اللہ سی اور اونکو حضرت شیخ ولی اللہ محدث دہلوی سی اور اونکو شیخ ابو طاہر
مدنی سی اور اونکو شیخ ابراہیم کردی سی اور اونکو شیخ احمد قشاشی سی اور اونکو شیخ احمد بن عبد القدوس
شناوی سی اور اونکو شیخ شمس الدین احمد بن محمد رملی سی اور اونکو شیخ زین الدین زکریا انصاری
اور اونکو حافظ وقت تقی الدین محمد بن محمد بن محمد بن فہد الہاشمی المکی سی اور اونکو مؤلف
کتاب ابو الخیر محمد بن محمد بن محمد الجزری الشافعی سی اور احوال اس کتاب کی مؤلف کا
مولانا عبد العزیز محدث رحمہ اللہ نی بستان المحدثین مین یہہ لکہا ہی کہ نام انکا قاضی القضاۃ
شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف بن عمر ہی اور کنیت انکی ابو الخیر اصل مین دمشقی
ہین پہر شیرازی اور مشہور ساتہہ ابن الجزری کی باپ انکا سوداگر تہا ایک مدت دراز
اوسکی ہان فرزند نہ ہوا جب حج کو گئی آب زمزم پیا اور دعا اولاد کی لئی کی حق تعالی نی
اونکو یہہ فرزند بزرگوار عطا فرمایا پچیسوین رمضان المبارک کی ہفتی کی رات مین بعد نماز
تراویح کی سنہ ۷۵۱ سات سو اکیاون ہجری مین دمشق مین پیدا ہوئی اور وہین نشو و نما
پایا ... فقہ اور حدیث خوب حاصل کی اور علم قرأت کو کامل کیا کہ اوسمین مہارت کلی پیدا
کی [illegible] بنایا اوسکا نام دار القرآن رکہا بعد اوسکی شہر روم مین داخل ہوئی

اور اوس ملک وسیع مین علم قرأت اور حدیث کو پہیلایا اور لوگون کو نفع عظیم اونسی پہونچا خلاصہ
ریاست علم قرأت کی ملکون اسلامیہ مین انکو مسلّم ہوئی اور تہی خوش شکل اور خوش لباس اور
زبان آور اور فصیح و بلیغ ملک روم مین انکو امام اعظم لقب دیا تہا اور بارہا ساتھ طواف
کعبے کے مشرف ہوے اور آخر شہر ازمیر مین استقامت پکڑی اور اوقات اونکی صرف ہوتی
ساتھ ان تین شغلون کی قرأت قرآن کی پاس آنا حدیثون کا پاس عبادت اور اونکی اوقات
مین ایک برکت محسوس تہی باوجودیکہ لوگ واسطے طلب ان دو علم شریف کی اونسے ہجوم رکہتی تہی
اور میہ اوراد و عبادات ہی کرتی تہی اور پہر اوس قدر تصنیف کرتی کہ ایک کاتب جید زود نویس
لکہہ سکی اور سفر اور حضر مین بیدار اور قائم اللیل رہتی اور ہرگز روزہ پیر او جمعرات کا اونسی فوت
ہوتا اور تین روزی ہر مہینے کی بہی رکہتی اور کتابین اونکی مشہور ہین جیسے نافع من الغش فی القرأة العشر کہ
بہت شہرت رکہتی ہی اور بہت کتابین کہ بعضون کی اونمین لکہی ہین تصنیف کین سنہ [illegible]
آٹھ سو تین تیس مین وفات پائی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَّظَاہِرًا وَّبَاطِنًا کہ دیباچہ اسکا تمام ہوا اور
متن اور شرح اوسکی شروع ہوتی ہی مِنْہُ الْاِسْتِعَانَةُ وَعَلَیْہِ التُّکْلَانُ
وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ بخشش کرنی والی مہربان کے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عُدَّۃً لِلِقَائِہٖ کلمہ توحید کا سامان ہی واسطی دیدار خدا کی ف اشارہ
ہی حدیث قدسی کی مضمون پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِصْنِیْ فَمَنْ دَخَلَ حِصْنِیْ اَمِنَ مِنْ عَذَابِیْ یعنی
اللہ تعالی فرماتا ہی کلمہ توحید قلعہ میرا ہی جو کوئی داخل ہوا قلعہ میری مین امن مین ہوا عذاب میری سے اَللّٰہُمَّ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْخَلْقِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ قَالَ الْفَقِیْرُ الْعَبْدُ الضَّعِیْفُ الْمِسْکِیْنُ

قطع الى الله الراجي من كرمه ان ينجيه من القوم الظالمين محمد بن محمد بن محمد بن
الجزري الشافعي لطف الله تعالى به في شدائده ۔ يا اللہ رحمت نازل کر ہے اوپر سردار خلق
کے نام پاک اونکا محمد ہی اور اوپر اولاد اونکی کی اور اصحاب اونکی کی اور سلام بہیج کہتا ہی محتاج
ضعیف مسکین چھوڑنی والا لوگون کو رجوع کرنی والا طرف اللہ کی امیدوار کرم اوسکی کی
یہہ کہ خلاصی دی اوسکو قوم ظالمون سی محمد بیٹا محمد بیٹا محمد بیٹا جزری کا کہ شافعی ہی مہربانی کری اللہ
بلند سبب اس کتاب کی بیچ سختی اوسکی کی ف مصنف نی اپنی کو فقیر کہا بسبب اس آیت کی
والله الغني وانتم الفقراء یعنی اللہ تونگر ہی اور تم محتاج ہو اور مسکین کہا بسبب اس حدیث کی اللهم
احيني مسكينا وامتني مسكينا واحشرني في زمرة المساكين یعنی یا اللہ زندہ رکھ
مجکو مسکین اور مار مجکو مسکین اور حشر کر میرا مسکینون مین اور لفظ ضعیف کا اشارہ ہی اس آیت پر خلق
الانسان ضعيفا یعنی پیدا کیا گیا آدمی ضعیف اور دعا مین اشارہ کیا اپنی حال پر کہ ایک ظالم نی گہیر
رکہا تہا اور جزری نسبت جزیرہ ابن عمر رض کی طرف ہی جہین مصنف رہتا تہا اما بعد حمد الله
الذي جعل الدعاء لرد القضاء والصلوة والسلام على محمد سيد الانبياء وعلى اله
وصحابه الاتقياء الاصفياء فان هذا الحصن الحصين من كلام سيد المرسلين
وسلاح المؤمنين من خزانة النبي الامين والهيكل العظيم من قول الرسول
الكريم والحرز المكنون من لفظ المعصوم المامون بذلت فيه النصيحة اي پس بعد
تعریف خدا کی جسنی گردانا دعا کو واسطی پہیرنی تقدیر کی اور بہیجنی رحمت خاص اور سلام کی
اوپر محمد کی کہ سردار نبیون کی ہین اور اوپر اولاد اور اصحاب اونکی کی کہ پرہیزگار برگزیدہ ہین
پس تحقیق یہہ قلعہ محکم کلام سردار رسولون کی ہی اور یہہ ہتیار مومنون کا خزانہ نبی امانت دار کی ہی اور یہہ
تعویذ بڑا قول رسول بزرگ کی ہی اور یہہ تعویذ محفوظ کلام اچہا ہی کی کیا ہون خیر خواہی کی [illegible] ہی خرچ کی

یعنی سمین نصیحت ۔ ف ۔ تقدیرین دو ہین ایک معلق دوسری مُبرَم یعنی قطعی لیکن معلق دعا
دوا سی بدلی جاتی ہی اور تقدیر مبرم کسی چیز سی نہین بدلی جاتی یہان معلق سی مراد ہی اور کلام تقدیر کی یعنی
یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام سی ہی کہ امن مین ہیگی گناہون سی اور نصیحت صحیح کی یعنی اس کتاب کی
تصنیف کرنی مین خیرخواہی مسلمانونکی کی ہی کہ سبکو فائدہ دیگی وَاَخْرَجْتُهٗ مِنَ الْاَحَادِیْثِ الصَّحِیْحَةِ
اَبْرَزْتُهٗ عُدَّةً عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَجَرَّدْتُهٗ جُنَّةً تَقِيْ مِنْ شَرِّ النَّاسِ وَالْجِنَّةِ ۔ اور نکالا
مین اسکو حدیثون صحیح سی ظاہر کیا مین اسکو درحالیکہ سامان ہی نزدیک ہر سختی کی اور خالص کیا مین
اسکو درحالیکہ سپر ہی کہ بچاتی ہی برائی آدمیون اور جنون کی سی ف یعنی اس کتاب کی حدیثون کو
بچنی کیلئی بلاؤن سی اور حدیثون مین سی کہ اونمین دعائین نہین ہین چھانٹ لیا مین تَحَصَّنْتُ بِهٖ فِيْمَا دَهَمَ مِنَ
الْمُصِيْبَةِ وَاعْتَصَمْتُ مِنْ كُلِّ ظَالِمٍ بِمَا حَوٰى مِنَ السِّهَامِ الْمُصِيْبَةِ ۔ روکا کیا مینی ساتھ اسکی
بیچ اوس چیز کی کہ پیش آئی مصیبت سی اور بچاؤ کیا مینی ہر ظالم سی سبب اوس چیز کی کہ جمع کیا اس
کتاب نی تیرون پہنچنی والون سی ف یعنی نشانہ پر مراد تیرون سی دعائین اس کتاب کی ہین
کہ جیسا تیر کام کرتا ہی نشانی پر ویسی ہی یہہ دعائین کام کرتی ہین اس لئی کہ رسول مقبول کی فرمانی مین ہرگز
احتمال خطا کا نہین پس اونکا فرمانا کیون نہ تاثیر کری ۔ وَقُلْتُ شِعْرًا اَبْيَاتًا قُوْلُوْا لِلشَّخْصِ قُوَّةٌ
تَقْوٰى بِهٖ عَلٰى ضَعْفِيْ وَلَمْ يَخْشَ رَقِيْبَهٗ ۔ خَبَأْتُ لَهٗ سِهَامًا فِي اللَّيَالِيْ ۔ وَاَرْجُوْ
اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ مُصِيْبَةً ۔ اور کہا مینی شعر خبردار ہو کہو تم اوس شخص کو کہ تحقیق قوت ظاہر کی
اوپر نالہ وزاری کی اور نہ ڈرا نگہبان اپنی سی چھپا رکہی مینی واسطی اوسکی تیر راتون مین اور امید
رکہتا ہون مین یہہ کہ ہووین تیر اوسکو پہنچنی والی ف رقیب اوس نگہبان کو کہتی ہین
جس سی کوئی چیز پوشیدہ نہو یہہ صفت پروردگار ہی مین پائی جاتی ہی بمضمون قول اللہ تعالی کی
وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ۔ یعنی اللہ تعالی کو

شاملِ حال ظالمون کی عملون سی لیکن تاخیر دیتا ہی اونکو اور سدّ لئی کہ پہراوتی اونکی آنکہین کہ وہ قیامت
ہی اور ہر اوپر ونسی دعائین پہیلی ہوئی ہین کہ بہت قبول ہوتی ہین اپنی دعاؤن میں لوگون کی تمیز لئی
پیرون کی ہین اوسکی دفع کی لئی کہین یعنی اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ اَنْ يَّنْفَعَ بِهٖ وَاَنْ يَّنْهَجَ عَنْ كُلِّ
مُسْلِمٍ بِسَبَبِهٖ عَلٰى اَنَّهٗ مَعَ اقْتِصَارِهٖ وَاخْتِصَارِهٖ لَمْ يَدَعْ حَدِيْثًا صَحِيْحًا فِيْ بَابِهٖ اِلَّا
اسْتَحْضَرَهٗ وَاَتٰى بِهٖ مانگتا ہون مین اللہ بڑی سی یہہ کہ نفع دی سبب اس کتاب کی یعنی
مسلمانون کو ہر حالت مین اور یہہ کہ دور کری غم ہر مسلمان ہی سبب اسکی مانگتا ہون بناء اسکی کہ تحقیق
اسنی باوجود کوتاہی اور چہوٹی ہونی اپنی کی نہین چہوڑی ہی کوئی حدیث صحیح بیچ باب اپنی کی یعنی
وغیرہ کی مگر کہ جمع کیا اوسکو اور لائی اوسکو ف اقتصار کہتی ہین لفظ اور معنی کی تہوڑی
ہونی کو اور اختصار کہتی ہین اوسکو کہ لفظ تہوڑی ہون اور معنی بہت وَلَمَّا اَكْمَلْتُ تَرْتِيْبَهٗ وَتَهْذِيْبَهٗ
طَلَبَنِيْ عَدُوٌّ لَا يُمْكِنُ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلَّا اللّٰهُ تَعَالٰى فَهَرَبْتُ مِنْهُ مُخْتَفِيًا وَتَحَصَّنْتُ
بِهٰذَا الْحِصْنِ الْحَصِيْنِ فَرَاَيْتُ سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا جَالِسٌ
عَلٰى يَسَارِهٖ وَكَاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا تُرِيْدُ فَقُلْتُ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
اُدْعُ اللّٰهَ لِيْ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فَرَفَعَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ الْكَرِيْمَتَيْنِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهِمَا
فَدَعَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ اور جب پوری کی مینی ترتیب اور اصلاح اسکی طلب کیا
مجکو دشمن نی کہ نہین ممکن تہا یہہ کہ دفع کری اوسکو کوئی مگر اللہ سو بہاگا مین اوس کی ہاتہہ
اور محافظت کی مینی ساتہہ اس قلعہ محکم کی یعنی ساتہہ پڑہنی اور ہمیشہ وظیفہ کرنی اسکی کی پس دیکہا
مینی سردار رسولون کی کو خواب مین رحمت فرماوی ہمیشہ اللہ اونپر او سلام اور مین تہا بیٹہا ہوا
بائین طرف اونکی اور گویا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی ہین کیا چاہتا ہی تو پس عرض کیا
مینی اوسنی ای رسول خدا دعا کرو اللہ تعالی سی میری لئی اور سب مسلمانون کی لئی پس اوٹہائی

صلی اللہ علیہ وسلم نے دونو ہاتھ بزرگ اپنے یعنی جیسے ادب دعا کا ہے اور مین دیکھتا ہون طرف دو
ہاتھون کی پس دعا کی پھر پھیری دونو ہاتھ مونھ بزرگ اپنے پر ف بیٹھنا بائین طرف اپنی کے
تھا کہ جانب دلکی ہے اور اشارہ ہی یسیر یعنی آسانی پر اور اُدع اللّٰہَ لی وللمسلمین سی معلوم ہوتا ہے
کہ وہ شخص دشمن دین کا تھا یا ظلم کرنی والا سب پر وَكَانَ ذٰلِكَ لَيْلَةَ الْخَمِيسِ فَهَرَبَ الْعَدُوُّ
لَيْلَةَ الْاَحَدِ وَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنِّي وَعَنِ الْمُسْلِمِينَ بِبَرَكَةِ مَا فِي هٰذَا الْكِتَابِ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَمَزْتُ لِلْكُتُبِ الَّتِي خَرَّجْتُ مِنْهَا هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ بِحُرُوفٍ
تَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ سَلَكْتُ فِيهَا اَخْصَرَ الْمَسَالِكِ اور تھا یہہ خواب جمعرات کی رات مین
پس بھاگا دشمن اتوار کی رات مین اور دور کیا غم اللہ تعالی نے مجھسے اور سب مسلمانون سی بسبب برکت
اوس چیز کی کہ اس کتاب مین ہی روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی اور تحقیق اشارہ کیا مین
واسطے اون کتابون کی کہ روایت کین مینی اونسی یہہ حدیثین سات حرفون کی کہ دلالت کرین اون کتابون
پر چلا مین بیچ ان رمز کتابون کی بہت چھوٹی راہ مین فَجَعَلْتُ عَلَامَةَ صَحِيحِ الْبُخَارِيِّ خ وَمُسْلِمٍ
م وَسُنَنِ اَبِي دَاوُدَ د وَالتِّرْمِذِيِّ ت وَالنَّسَائِيِّ س وَابْنِ مَاجَةَ الْقَزْوِينِيِّ
ق وَهٰذِهِ الْاَرْبَعَةِ عه وَهٰذِهِ السِّتَّةِ ع وَصَحِيحِ ابْنِ حِبَّانَ حب وَصَحِيحِ
الْمُسْتَدْرَكِ لِلْحَاكِمِ مس وَاَبِي عَوَانَةَ عو وَابْنِ خُزَيْمَةَ مه وَالْمُوَطَّاِ ط
وَسُنَنِ الدَّارَقُطْنِيِّ قط وَمُصَنَّفِ ابْنِ اَبِي شَيْبَةَ مص وَمُسْنَدِ الْاِمَامِ
اَحْمَدَ ا وَالْبَزَّارِ ر وَاَبِي يَعْلَى الْمَوْصِلِيِّ ص وَالدَّارِمِيِّ مي وَمُعْجَمِ الطَّبَرَانِيِّ
الْكَبِيرِ ط وَالْاَوْسَطِ طس وَالصَّغِيرِ صط وَالدُّعَاءِ لَهُ طب وَلِابْنِ
مَرْدُوَيْهِ مر وَلِلْبَيْهَقِيِّ ق فِي السُّنَنِ الْكَبِيرِ لَهُ يق وَعَمَلِ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ
لِابْنِ السُّنِّيِّ ي پس کہ یہی نشانی صحیح بخاری کی خ اور مسلم کی م اور سنن ابی داود

ترمذی کی ت اور نسائی کی س اور ابن ماجہ قزوینی کی ق اور ان چاروں کی یعنی ابوداؤد ترمذی نسائی ابن ماجہ کی عہ اور ان چھوں کی یعنی بخاری مسلم ترمذی ابوداؤد نسائی ابن ماجہ کی کہ جنکو صحاح ستہ کہتے ہیں ع اور نشانی صحیح ابن حبان کی حب اور صحیح مستدرک حاکم کی مس اور صحیح ابی عوانہ کی عو اور ابن خزیمہ کی خز اور موطا کی طا اور سنن دار قطنی کی قط اور مصنف ابن ابی شیبہ کی مص اور نشانی مسند امام احمد کی آ اور بزار کی ز اور ابو یعلی موصلی کی ص اور مسند دارمی کی می اور معجم کبیر طبرانی کی ط اور معجم اوسط طبرانی کی طس اور معجم صغیر طبرانی کی طص اور نشانی کتاب دعا طبرانی کی طب اور کتاب دعا ابن مردویہ کی مر اور کتاب دعا بیہقی کی ق اور نشانی سنن کبیر بیہقی کی سق اور نشانی کتاب عمل الیوم واللیلۃ ابن سنی کی ی وَاَقُولُ مَرْمُوزٌ مَنْ لَهُ اللَّفْظُ اور پہلے لایا ہوں اشارہ اوسکا کہ واسطے اوسکی لفظ ہی ف جہاں اختلاف ہوتا ہی لفظوں میں تو رمز اوسکی پہلے لاتا ہی جسکی لفظ حدیث کی روایت کی ہیں اگرچہ رتبہ میں کم ہو جیسی ایک حدیث بخاری میں بھی آئی ہی اور ترمذی میں بھی اور لفظوں میں فرق ہی اور اسنی ترمذی کی لفظ روایت کی ہیں تو ت پہلے لاویگا اور اگر لفظوں میں اتفاق ہی تو ترتیب مذکورسے لاویگا کذا قال الملا علی القاری وَاِنْ كَانَ الْحَدِيثُ مَوْقُوفًا جَعَلْتُ قَبْلَ رَمْزِهِ مو لِيُعْلَمَ اَنَّهُ مَوْقُوفٌ لِمَا بَعْدَهُ مِنَ الْكُتُبِ وَذٰلِكَ قَلِيْلٌ حَيْثُ عَدِمَ الْمُتَّصِلُ اَوِ اخْتُلِفَ فِيْهِ عَلٰى اَنِّيْ لَمْ اَجْعَلْ هٰذِهِ الرُّمُوزَ اِلَّا لِعَالِمٍ يَّرْبَاُ بِنَفْسِهِ عَنِ التَّقْلِيْدِ اَوْ لِمُتَعَلِّمٍ يَتَعَرَّفُ صَحِيْحَ الْكُتُبِ وَالْمَسَانِيْدِ اور اگر ہو حدیث موقوف لکھا میں نے پہلے اشارہ اوسکی کی لفظ مو کا تو کہ جانا جاوی کہ تحقیق یہ حدیث موقوف ہی اون کتابوں میں جنکا اشارہ کیا ہی بعد لفظ مو کی اور اگرچہ اور روئیں مرفوع ہو لیکن انمیں موقوف ہی اور یہ یعنی حدیث موقوف کا لانا کم ہی جہاں کہیں کہ نہ پائی گئی متصل یا جہاں اختلاف کیا گیا

اوسمین باوجود اسکی تحقیق نہین کیٔ ہی یہہ اشارہ ہی کہ واسطی اوس عالم کی کہ لمبند کرتا ہی نفس اپنی کو
تقلید سی یعنی بیپروائی تقلید سی واسطی طالب علم کی کہ چاہتا ہی صحیح کتابون کو اور مسندون کو
ف مراد موقوف سی یہہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک نہ پہونچی ہو بلکہ صحابی وغیرہ تک پہونچی ہو
کہ فلانی صحابی وغیرہ نی یون کہا اور مراد متصل سی یہان حدیث مرفوع ہی یعنی جہان کہین حدیث
مرفوع نہین پائی گئی پائی گئی ہی مگر اوسمین اختلاف کیا گیا ہی مرفوع غیر مرفوع کی ہونی مین تو اوس
حدیث کی پہلی علامت کی لیٔ رمز مو کی لکھی ہی اور مسندون کتابون کو کہتی ہین کہ جنمین مسندین
صحابیون کی ہون بغیر ترتیب بابون کی خلاف بخاری وغیرہ کی کذا قال العلی رح وَاِلَّا فَفِی الْحَقِیْقَۃِ
لَا احْتِیَاجَ اِلَیْہَا لِعُمُوْمِ النَّاسِ فَلْیَعْلَمْ اَنِّیْ اَرْجُوْ اَنْ یَّکُوْنَ جَمِیْعُ مَا فِیْہِ صَحِیْحًا
فَزَالَ الْاِلْتِبَاسُ اور نہ پس حقیقت مین نہین احتیاج ہی طرف اشارون کی واسطی عام لوگون کی
پس جاننا چاہئی کہ تحقیق مین امید رکھتا ہون یہہ کہ ہووی سب اوس چیز کا کہ اس مختصر مین ہی صحیح یعنی
ثابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی پس دور ہوا شبہہ یعنی عام لوگون کی لیٔ کہ اسمین حدیث موضوع
نہین ہی وَقَدْ جَمَعَ بِحَمْدِ اللّٰہِ تَعَالٰی ھٰذَا الْمُخْتَصَرُ اللَّطِیْفُ مَا لَمْ یَجْمَعْہُ مُجَلَّدَاتٌ مِنَ
التَّوَالِیْفِ وَاِذَا انْتَہٰی نَرْجُوْ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی اَنْ نَجْعَلَ فِیْ اٰخِرِہٖ فَصْلًا یَفْتَحُ مَا اُقْفِلَ مِنْ
لَفْظِ مَا فِیْہِ قَدْ اُشْکِلَ اور تحقیق جمع کیا ہی شکر خدا تعالی کا اس مختصر لطیف نی اون حدیثون کو کہ
نہین جمع کیا اوسکو بڑی کتابون نی تصنیف ہوئی ہین سی اور جب تمام ہووی یہہ کتاب امید رکھتی
ہین ہم خدا تعالی سی یہہ کہ کرین ہم بیچ آخر اسکی کی ایک فصل کہ کھولدی اوس چیز کو کہ بند کیا گیا لفظ
اوس چیز کی سی کہ اسمین مشکل ہو ف یعنی جو لفظ حدیث کی مشکل ہین اونکی معنی کھولدی چنانچہ
مصنف نی بحسب وعدہ کی بنتیہ لکھا کہ نام اوسکا مفتاح الحصن الحصین رکھا وَھُوَ مُقَدِّمَۃٌ
تَشْتَمِلُ عَلٰی اَحَادِیْثَ فِیْ فَضْلِ الدُّعَاءِ وَالذِّکْرِ ثُمَّ اٰدَابُ الدُّعَاءِ وَالذِّکْرِ وَاَوْقَاتُ الْاِجَابَۃِ

وَشُرُوطِهَا وَاَمَاكِنِهَا ثُمَّ اسْمِ اللهِ تَعَالَى الْاَعْظَمِ وَاَسْمَائِهِ الْحُسْنٰى ثُمَّ مَا يُقَالُ فِي الصَّبَاحِ
اِلَى الْمَسَاءِ فِي طُوْلِ الْحَيٰوةِ اِلَى الْمَمَاتِ مِنْ جَمِيْعِ مَا يُحْتَاجُ اِلَيْهِ وَصَحَّ النَّقْلُ عَنْهُ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الذِّكْرِ الَّذِيْ وَرَدَ فَضْلُهُ وَلَمْ يَخْتَصَّ بِوَقْتٍ مِّنَ الْاَوْقَاتِ
ثُمَّ الْاِسْتِغْفَارِ الَّذِيْ يَمْحُو الْخَطِيْئَاتِ ثُمَّ فَضْلِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَسُوَرٍ مِّنْهُ وَاٰيَاتٍ
ثُمَّ الدُّعَاءِ الَّذِيْ صَحَّ عَنْهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ ۔ اور یہہ رسالہ مقدمہ پر کہ شامل
ہی اور چند فصلون کی بیچ فضیلت دعا کی اور ذکر کی یہہ بیان آداب دعا کا ہی اور آداب ذکر کا اور وقتون
قبولیت کا اور حالون قبولیت کا اور مکانون قبولیت کا یہہ بیان اسم اعظم کا اور اسماء حسنی کا یہہ
بیان اون دعاؤن کا کہ پڑہی جاوین صبح سی شام تلک اور بیچ دراز کی زندگانی کی مرنی تلک یعنی اول
سی آخر عمر تلک تمام اون چیزون سی کہ احتیاج لائی جاتی ہی طرف اوسکی اور حال یہہ کہ صحیح ہوئی ہی نقل صحیح
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی یہہ بیان اوس ذکر کا کہ آئی ہی بزرگی اوسکی اور نہین خاص ہی ساتہہ کسی وقت کے
وقتون سی یہہ بیان استغفار کا ہی جو مٹاتا ہی گناہون کو یہہ بیان فضیلت قرآن بزرگ کا اور سورتون
اوسکی کا اور آیتون کا یہہ بیان اون دعاؤن کا کہ صحیح ہوئی ہین پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سی اسی طرف
ای بغیر مخصوص ساتہہ وقت کی لفظ کذالک کا لفظا متعلق ہی ساتہہ دعا کی اور اس توجیہہ پر ملا علی قاری نی لی
تشبیہ کیا ہی اور کہا کہ تینون کی ساتہہ لگتا ہی یعنی ہر ایک استغفار اور قرأت اور دعا مذکورات
کی لئی نہین ہی وقت مخصوص اوقات سی بلکہ لائق یہہ ہی کہ مواظبت کری ان پر طالب جمیع حالات اور
مقامات مین اس لئی کہ ہمیشہ کرنا ذکر کا ثابت ہوتا ہی اس آیت سی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا
كَثِيْرًا یعنی ای ایمان والون یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت اور نہ مقید ہونا قرأت کا کسی وقت مین معلوم
ہوتا ہی اس آیت سی اُتْلُ مَا اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ ۔ یعنی پڑہ وہ چیز کہ وحی کی گئی طرف تیری کتاب سی
اور ایسی ہی نہ مقید ہونا استغفار کا اس حدیث شریف سی طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا

جو نہ شوقی ہی ہو سکتا کہ باوجود اعمال نامہ اپنی بین ہاتھ بہت ثُمَّ خَتَمَهُ بِتَفْضِيْلِ الصَّلٰوةِ

عَلٰى سَيِّدِ الْخَلْقِ وَرَسُوْلِ الْحَقِّ الَّذِيْ هَدَى اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَ

مِنَ الْعَمٰى فَاَوْضَحَ الْمَحَجَّةَ وَلَمْ يَدَعْ لِاَحَدٍ حُجَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ۞ پھر تمام کیا مینی اسکو ساتھ فضیلت درود کی اوپر سردار

خلق کی اور رسول حق کی وہ جو راہ دکھائی اللہ تعالی نی سبب اونکی گمراہی سی اور بینا کیا اندھی پنی سے

پس روشن کی راہ سیدھی اور نہ چھوڑی کسی کی لئی حجت رحمت خاص بھیجی اللہ اونپر اور سلام بھیجے

دیا کرے اونپر اونکو یاد کرنی والی اور جب کہ غافل ہووین ذکر اونکی سی غافل **ف** مراد ہر وقت ہی

اسلئی کہ کوئی وقت غفلت یا ذکر سی خالی نہیں بعضی محدثین نی اس درود شریف کو افضل درود

لکھا ہی کذا ذکرہ الحرز ح **فَصْلُ الدُّعَاءِ** یہہ بیچ بیان فضیلت دعا کی ہی **ف**

فضیلت دعا

معنی دعا کی ہین طلب کرنا ادنی کا اعلی سی کسی چیز کو بطور عاجزی اور بیکسی کی اور دعا کرنی کی

بڑی فضیلت و ثواب ہی اور اللہ تعالی نی کلام اللہ مین کتنی جگہہ دعا کرنی پر رغبت دلائی ہی

اور بہت سی حدیثون مین بزرگی دعا کی آئی ہی اور حدیثون صحیح اور قول ائمہ سی ثابت ہوتا

دعا سی معلوم ہوتا ہی کذا ذکرہ العلی ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّعَاءُ

هُوَ الْعِبَادَةُ ثُمَّ تَلَا وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ الْاٰيَةَ ۞ مص عه حب

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی دعا وہی ہی بندگی پھر پڑھی یہہ آیت اور کہا پروردگار تمہاری نی

دعا کرو مجھسی ساری آیت تک نقل کی یہہ حدیث ابن ابی شیبہ او چارون نی یعنی ابو داؤد و ترمذی

نسائی ابن ماجہ نی اور ابن حبان حاکم احمد نی **ف** اس عبارت سی معلوم ہوتا ہی کہ دعا کی سوای

کوئی چیز عبادت نہین یہہ حصر مبالغہ فرمایا ہی معنی یہہ ہین کہ دعا بڑا رکن عبادت کا ہی جیسی کہ اور جگہہ

فرمایا اَلْحَجُّ عَرَفَةُ یعنی بڑا رکن حج کا وقوف عرفہ کا ہی اور ساری آیت یون ہی وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ

اُدْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۔ یعنی اور فرمایا رب
نے تمہارے مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں تمہاری دعا بیشک جو لوگ کہ تکبر کرتے ہیں عبادت میری سے
یعنی دعا میری سے قریب ہے کہ داخل ہونگے دوزخ میں ذلیل ہو کر اس سے معلوم ہوا کہ بندے کو دعا سے
اور ثواب کی بڑی امید ہے پس دعا ایسی بڑی عبادت ہے کذا ذکرہ المخرج مَنْ فُتِحَ لَهُ فِي الدُّعَاءِ
فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْإِجَابَةِ ۔ مص یعنی جسکے لیے کھولا جاوے واسطے اوسکے دروازہ دعا کا
تو اوسکے لیے کھولے جاتے ہیں اوسکے لیے دروازے قبولیت کے اصل کیا ہے ابن ابی شیبہ نے ف یعنی
توفیق دعا کی ملا ہے اجابت کی کذا ذکرہ المخرج فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ ۔ مس یعنی کھولے جاتے
ہیں اوسکے لیے دروازے جنت کے اوسکو لفظ حاکم نے نقل کیا اس روایت میں بجائے ابواب الاجابۃ کے ابواب
الجنۃ آیا ہے اور ذکر کی دونوں روایتوں میں مناسبت اشارہ لطیف ہے کہ دعا مانگنا خالی فائدہ سے نہیں
یا سبب قبولیت کی ہوتی ہے مراد بر آتی ہے یا اگر مصلحت وقت حصول مقصود میں توقف ہوتا ہے
تو جزا اوسکی ہاتھ سے نہیں جاتی بلکہ سبب کھلنے دروازہ جنت کی ہوتی ہے کہ آخرت میں ذخیرہ
رہتی ہے اور آخرت بہتر ہے دنیا سے فَإِنَّ الْآخِرَةَ خَيْرٌ وَأَبْقَى ۔ اسی لیے آیا ہے کہ بعضے آدمی کہ جنکی دعا تمام
کرتے ہیں دنیا میں سبب مصلحت کے اوس وقت کہ ذخیرہ کی گئی ہے کہنے لگیں کاشکی کوئی دعا ہماری دنیا میں
مقبول ہوتی تو آخرت میں پورا ذخیرہ ثواب کا پاتے کذا ذکرہ العلی فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الرَّحْمَةِ
وَمَا سُئِلَ اللهُ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يُسْأَلَ الْعَافِيَةَ ۔ ت کھولے جاتے ہیں اوسکے
لیے دروازے رحمت کے اور نہیں مانگی جاتی اللہ تعالی سے کوئی چیز کہ بہت پیاری ہو نزدیک اوسکے
اس سے کہ مانگی جاوے عافیت نفس کی بہتر ہے ف مراد عافیت سے یہ ہے کہ سلامتی رہے سب
آفتوں اور بیماریوں اور بلاؤں ظاہری اور باطنی سے دین و دنیا میں کذا ذکرہ المخرج لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ
إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ ۔ مص حب مس یعنی نہیں پھیرتی تقدیر معلق کو

کو پھیر دیتا دعا اور نہین زیادتی کرتی عمر مین کوئی چیز مگر نیکی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی
مراد تقدیر سی یہان بُری چیز ہی کہ جسکی اترنی کو آدمی بُرا جانتا ہی پس جب توفیق دیا گیا دعا کی
اللہ تعالی دُور کر دیتا ہی اوسکو یا آسان کر دیتا ہی پس بمنزلہ دور ہونی کی ہوتی ہی اور لفظ بِرّ کا ظاہر
یہہ ہی کہ معنی اوسکی طاعت ہین کہ سب عبادت کو شامل ہی جیسی کہ اللہ تعالی نی فرمایا وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنْ
اٰمَنَ آخر تک یعنی ولیکن نیکی والا وہ ہی کہ ایمان لاوی پس معنی حدیث کی دو ہین ایک یہہ کہ جب بِرّ کیا عمر اوسکی
ضائع نہوئی پس گویا کہ زیادہ ہوئی اور دوسری یہہ کہ زیادتی عمر مین حقیقۃً ہوتی ہی فرمایا اللہ تعالی
نی یَمْحُو اللّٰہُ مَا یَشَاۗءُ وَیُثْبِتُ یعنی محو کرتا ہی اور ثابت کرتا ہی اللہ رزق اور اجل سی جو کچھ چاہتا ہے
اور صورت کی زیادتی کی کشاف مین یہہ لکھی ہی کہ لوح محفوظ مین لکھا جاتا ہی کہ فلانا شخص اگر حج کریگا
عمر اوسکی چالیس برس کی ہوگی اور اگر جہاد بھی کریگا ساٹھ برس کی اور اگر دونون کی [illegible]
یہہ زیادتی عمر کی ہوئی اور اگر ایک کیا چالیس برس کی ہوئی یہہ کمی ہوئی کذا ذکر العلی
حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ وَالدُّعَاۗءُ یَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ یَنْزِلْ وَاِنَّ الْبَلَاۗءَ لَیَنْزِلُ
الدُّعَاۗءُ فَیَعْتَلِجَانِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۔ ص س ط س ۔ نہین فائدہ کرتا ڈر تقدیر سی یعنی
اوترنی بلا کو کہ مقدر ہی دفع نہین کرتا اور دعا نفع کرتی ہی اوس بلا سی کہ اوتر چکی دفع ہوتی ہی یا صبر آجاتا ہی
اور اوس بلا سی کہ نہین اوتری یعنی ارادہ اوترنی کا رکھتی ہی اوسکو بھی دعا دُور کرتی ہی یا آسان کر دیتی ہی
اور تحقیق بلا البتہ ارادہ اوترنی کا کرتی ہی ملتی ہی اوس سی دعا پس لڑتی ہین دونون دن قیامت تک نقل کی یہہ حاکم بزار نی
اور طبرانی نی اوسط مین ف لڑتی ہین یعنی کشتی کرتی ہین یعنی دعا بلا کو نہین اوترنی دیتی ہی دعا سبب
رد بلا کی ہوتی ہی اور بچاتی ہی جیسی سپر کو روکتی ہی لڑائی مین کذا ذکر العلی لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ
عَلَی اللّٰہِ مِنَ الدُّعَاۗءِ ۔ ت ق حب مس ۔ نہین کوئی چیز بزرگ قدر نزدیک اللہ تعالی کی
دعا سی یعنی عبادتون قولی مین [illegible] نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی

فی صحیح الحاکم قال اللہ یغضب علیہ ت مس جو کوئی نہ مانگی اللہ تعالی سی وہی ساتھہ
شان سوال کی یا قال کی از راہ بی پروائی کی تو غصہ ہوتا ہی اللہ او سی نقل کی یہہ ترمذی حاکم نی
ف غصہ اس لئی ہوتا ہی کہ دعا محبوب چیز ہی اللہ تعالی کی پس جسنی دعا کی تکبر ...
گیا کذا ذکرہ العلی ج مَنْ لَمْ یَدْعُ اللّٰہَ غَضِبَ عَلَیْہِ مص جو کوئی نہ دعا کری اللہ تعالی
سی غصہ ہوتا ہی وہ او سی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی لَا تَعْجِزُوْا فِی الدُّعَاءِ فَاِنَّہٗ لَنْ
یَهْلِکَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ ہ حب مس نہ تہکو یعنی کاہلی او قصور نکرو دعا مین اسلئی
کہ تحقیق ہرگز نہین ہلاک ہوتا ساتھہ دعا کی کوئی نقل کی یہہ ابن حبان حاکم نی مَنْ سَرَّہٗ اَنْ
یَسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَ الْکُرَبِ فَلْیُکْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرَّخَاءِ ت
جسکو خوش لگی یہہ کہ قبول کری اللہ تعالی دعا اوسکی نزدیک سختیون اور غمون کی پس چاہیئی کہ بہت
کری دعا فراخی کی حالت مین نقل کی یہہ ترمذی نی ف اسلئی کہ مومن کی شان سی یہہ ہی کہ
اللہ تعالی سی التجا کری پہلی اضطرار کی بخلاف کفار فجار کی کہ جب اونکو سختی او غم پہونچتی ہی دعا
کرتی ہین او فراخی مین اسراف کرتی ہین او دعا چہوڑ دیتی ہین جیسی کہ اللہ تعالی نی فرمایا وَاِذَا
اَنْعَمْنَا عَلَی الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِہٖ وَاِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَاءٍ عَرِیْضٍ یعنی جب انعام
کرتی ہین ہم آدمی پر منہہ پہیر لیتا ہی او دور کر لیتا ہی پہلو اپنی او جب پہونچتی ہی اوسکو برائی پس صاحب دعاء
چوڑی کا ہوتا ہی یعنی بہت دعا کرتا ہی کذا ذکرہ العلی ج اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَ
عِمَادُ الدِّیْنِ وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مس دعا ہتہیار مومن کا ہی یعنی دور
کرتا ہی اوسکی بلا اپنی او غم سی او ستون دین کا ہی او روشنی آسمانون کی اور زمین
کی یعنی اوس سی نیکیاں ظاہر و باطن آسمان و زمین والون کی جاتی مین نقل کی یہہ حاکم
نی ف نماز کو بھی او جانی ستون دین کا ... خلافت نہین ہی اس لئی کہ ایک

تو عطا کی جاتی ہوتی ہیں اور شمار ہی تو مشتمل ہی دعا کو کذا ذکرہ العلی ۔ مَرَّ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقَوْمٍ مُبْتَلِیْنَ فَقَالَ اَمَا کَانَ ہٰؤُلَاۗءِ یَسْئَلُوْنَ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ ۔ یعنی
گذرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم پر کہ گرفتار تہی کسی بلا میں پس فرمایا کیا نہیں تہی یہہ لوگ مانگتے
حق میں اپنے مانگتی خدا سے عافیت دائم نقل کی یہہ بزار نی ف اسمین اشارہ ہی اسپر کہ جنہی لازم
کیا دعا کو زمین میں محفوظ رہا بلا سے اور جسنی ترک کی اور غافل ہوا تضرع رب العالمین کیطرف سے ہوئی
بلا سے اوسکی کذا ذکرہ العلی ۔ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَنْصِبُ وَجْہَہٗ لِلّٰہِ تَعَالٰی فِیْ مَسْئَلَۃٍ
اِلَّا اَعْطَاہَا اِیَّاہُ اِمَّا اَنْ یُّعَجِّلَہَا لَہٗ وَاِمَّا اَنْ یَّدَّخِرَہَا لَہٗ ۔ نہیں کوئی مسلمان
کہ قائم کری موہنہ اپنا واسطی خدا تعالی کے دعا میں مگر کہ دیتا ہی اوسکو یہہ سوال اوسکا یا یہہ کہ
جلدی دیتا ہی سوال اوسکو یعنی دنیا میں اور یا یہہ کہ ذخیرہ کرتا ہی اوسکو اوسکی لئی آخرت کی
ف یعنی آخرت میں بہت سا ثواب اوسکا دیگا یا بخشیگا کچہہ گناہ اوسکی غرض کہ
ضائع نہیں کرتا اجر تیرا کارساز پس تاخیر کی صورت میں طالب کو دعا کا چاہیئے کہ
کہ کلام اللہ میں آیا ہی عَسٰی اَنْ تَکْرَہُوْا شَیْئًا وَّہُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّہُوَ شَرٌّ لَّکُمْ وَاللّٰہُ
یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ یعنی بعضی چیز تم مکروہ رکہتی ہو اور واقع میں وہ تمہاری بہتر ہوتی ہی
اور بعضی چیز دوست رکہتی ہو اور وہ بُری ہوتی ہی تمہاری لئی اور اللہ جانتا ہی اور تم نہیں جانتی
پس آدمی بہلائی برائی اپنی نہیں جانتا سوا اللہ کی پس لازم ہی بندی کو کہ قائم ہو دعا میں حق بندگی کی
اوسکو اجر ربوبیت کا یہہ حدیث دلیل ہی اسپر کہ دعا بندی کی قبول ہوتی ہی چنانچہ حاکم نی روایت
کی ہی کہ بلا دیگا اللہ تعالی ایک مومن کو قیامت میں اور سامنی کہڑا کر کر پوچہیگا ای بندی میری حکم کیا
تہا میں نی تجکو دعا کری تو مجہسی اور میں نی وعدہ کیا تہا کہ قبول کرونگا پس آیا تو نی دعا کی تہی کہیگا ہان
ای رب میری پس فرماویگا اللہ تعالی کہ تحقیق نہیں کی تو نی کوئی دعا مگر کہ قبول کی میں نی تیری لئی لیا ملاقی

اپنی

نہین دعا کی تھی تونی کہ دور کردون غم تیرا کہ اوترا تہا تجہ پر دنیا مین تجہسی پس تحقیق کہ بچایا ہی تجہکو تیری
پیچہی یاد کیا وہ تو جلدی قبول کی مین نی دعا تیری دنیا مین اسیطرح فلانی فلانی روز بہی دعا کی تہی تونی غم کو
اوتارنی کی کہ دور کرون اوسکو پس دیکہا تونی دور ہونا اوس غم کا عرض کریگا ہان ای رب میری پس
فرمایگا ذخیرہ رکہین مین نی تیری لئی جنت مین بدلی اوسکی ایسی ایسی چیزین اسیطرح اور حاجت کو
پوچہکر فرماویگا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی پس مومن نی نہین کوئی دعا کی ہوگی مگر کہ اللہ تعالی بیان کریگا
تعجیل اوسکی یا ذخیرہ ہونا اوسکا پس کہیگا مومن اوسوقت کاشکی کوئی دعا میری دنیا مین تعجیل نکرتی یہہ اختصار ہی حدیث
شریف کا ذکر کی شیخ ملا علی رح نی او شیخ فخرالدین رح نی لکہا ہی کہ دعا بندہ مسلمان کی البتہ مقبول ہی دنیا مین
پروردگار کی لیکن بنابر مصلحت کی کبھی دیتا ہی دنیا مین اور کبھی ذخیرہ کرتا ہی آخرت کی لئی حاصل یہہ کہ دعا بندگی ہی
کہ وقت اوترنی بلا کی یا نزدیک خوف اوترنی کی بندہ ساتہہ اوسکی حکم کیا گیا ہی جیسی کہ ساتہہ نماز روزہ کی حکم کیا
گیا ہی جسوقت آوی **نظم** از دعا نبود مراد عاشقان * جز سخن گفتن بآن شیرین دہان * ای خوش وقت
از دعا کردن غرض با قبول و یا رد او بت چہ کار * کہ اجابت کردشان ہوا المراد * ورنہ با دیدار نقد آیند شاد
در گمند ر دلنشینہ آن بیشتہ تیر سی سخن یار دلکہ **اَلذِّكْر** یہہ بیان فضیلت ذکر کا ہی **ف**
فضیلت ذکر کی ثابت ہی آیتون قرآن مجید کیسی مثل قول اللہ تعالی کی فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ یعنی پس یاد کرو مجکو
یاد کرونگا مین تمکو اور سفیان بن عُیَیْنہ نی لکہا ہی کہ خبر مجہکو پہونچی ہی کہ حق سبحانہ تعالی نی فرمایا بندون اپنی کو
ایک چیز دی ہی مین نی کہ اگر جبرئیل او میکائیل کو دیتا مین تو تحقیق نعمت بزرگ انکو دیتا مین وہ یہہ ہی
فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ اور احیاء العلوم مین ثابت بنانی سی نقل کیا ہی کہ کہا مین جانتا ہون جسوقت کہ پروردگار
تعالی مجکو یاد کرتا ہی یارون نی تعجب کیا اور پوچہا کیونکر جانتا ہی تو کہا مین یاد کرتا ہون اوسکو تو وہ بہی
مجہی یاد کرتا ہی اور شیخ علی متقی رحمۃ اللہ نی لکہا ہی کہ ذکر یہہ ہی کہ خلاصی پاوی غفلت و نسیان سی ساتہہ
دوام حضور قلب کی ساتہہ حق کی اور لیوی نام خدا تعالی کا ساتہہ زبان و دل کی اور افضل یہہ ہی کہ ذکر

دل اور زبان سی جو ادا کری ایک سی یعنی ساتھ دل کی افضل ہی ایسا ہی کہا نووی نی شرح مسلم مین اور ذکر ہی
ذکر ذکر جلالت کا یعنی اسم ذات کا یا صفتونکا صفات الٰہی سی یا ایک حکم کا احکام اوسکی سی یا فعل کا افعال
اوسکی سی پس متکلم ذاکر ہی اور فقیہ ذاکر ہی اور مدرس اور مفتی اور واعظ ذاکرین اور متفکر عظمت
اور جلال اوسکی مین ذاکر ہی کذا قال الفرح یَقُولُ اللّٰہُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا
مَعَہٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ
ذَکَرْتُہٗ فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٍ مِّنْہُ الْحَدِیْث ح م ت س ق فرماتا ہی اللہ تعالی
مین نزدیک گمان بندی اپنی کی ہون کہ ساتھ میری رکھتا ہی اور مین ساتھ اوسکی ہون یعنی ساتھ توفیق
و رحمت و مدد کی جب یاد کرتا ہی مجکو پس اگر یاد کری مجکو ذات اپنی مین یعنی چپکی سی یاد کرتا ہون مین اوسکو
ذات اپنی مین اور اگر یاد کری مجکو جماعت مین یاد کرتا ہون مین اوسکو اوس جماعت مین کہ بہتر ہی
اوس سی فرمایا آخر حدیث تلک نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی ف نزدیک
گمان بندی اپنی کی ہون یعنی معاملہ کرتا ہون بندی سی موافق گمان اوسکی کی اور کرتا ہون اوسکی
جو توقع رکھتا ہی مجسی مراد ہی رغبت دلانی اسپر کہ امید اللہ تعالی کی خوف پر غالب رکھی اور گمان
اچھا رکھی کہ بخشیگا مجکو جیسی کہ ایک روایت مین آیا ہی کہ اللہ تعالی ایک شخص کو دوزخ مین لیجانیکا
حکم فرمایگا جب وہ کنارے دوزخ پر کھڑا ہوگا عرض کریگا ای رب میری میرا گمان تیری ساتھ اچھا تھا
فرماویگا اللہ تعالی پھیر لاؤ اسکو اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ اور حقیقت امید کی یہہ ہی کہ عمل کری اور
پھر امیدوار بخشش کا رہی اور بغیر عمل کی امید رکھنی لوہا سرد کوٹنا ہی یعنی بیفائدہ اور مراد چپکی سی
ذکر قلبی سی یا آہستہ پڑھنا زبان سی یاد کرتا ہون مین ذات اپنی مین یعنی بغیر اطلاع حال اوسکی کی
کسی مخلوق اپنی پر یا چپکی ہی دونگا ثواب اوسکا آپ ہی کسی اور پر ظاہر نہین ہونیکا یہہ ثبوت دلیل ہی
اسپر کہ ذکر قلبی افضل ہی یہہ [illegible] کی کہ واسطی ہی کہ وہ ذکر خفی کہ نہین سنتی ہین اوسکو

[illegible] سی عمل لکھنی والی ستّر درجہ افضل ہی اور وارد ہوا ہی کہ خیر الذکر الخفی جماعت سے بہتر
یعنی ملائکہ مقربین اور ارواح انبیا کی پس نہ دلیل ہوئی یہہ حدیث مذہب معتزلہ کی کہ ملائکہ فضل ہین
انبیا اور بشر سی اور آخر حدیث کا یہہ ہی کہ اگر کوئی نزدیکی ڈہونڈہی اور آوی طرف میری ایک بالشت
نزدیکی ڈہونڈہون مین اور آؤن طرف اوسکی ایک گز اور اگر نزدیکی ڈہونڈہی ساتہہ میری ایک گز
نزدیکی ڈہونڈہون طرف اوسکی بمقدار پہیلانی دونو ہاتہونکی اور اگر آوی میری پاس پیادہ تو آؤن
مین طرف اوسکی تیز رو حاصل یہہ کہ بندہ اگر تہوڑیسی بہی رجوع اور ذکر کرتا ہی وہان سی توجہ اور
التفات اور رحمت اس سی زیادہ ہوتی ہی کذا ذکرالعلی والفخر ح اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ
وَاَزْکَاهَا عِنْدَ مَلِیْکِکُمْ وَاَرْفَعِهَا فِیْ دَرَجَاتِکُمْ وَخَیْرٌ لَّکُمْ مِّنْ اِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَ
الْوَرِقِ وَخَیْرٌ لَّکُمْ مِّنْ اَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّکُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَهُمْ وَیَضْرِبُوْا اَعْنَاقَکُمْ قَالُوْا
بَلٰی قَالَ ذِکْرُ اللّٰهِ ت ق مس ا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کیا نہ خبر دون مین
تمکو ساتہہ بہترین عملون تمہاری کے اور بہت پاکیزہ اونکی کی نزدیک پادشاہ تمہاری کے اور ساتہہ
بہت بلند اعمالکی درجون تمہاری مین یعنی جنت مین اور ساتہہ بہتر کی تمہاری لئی خرچ کرنی سونی اور
چاندی کیسی اور ساتہہ بہتر کی تمہاری لئی اس سی کہ ملو تم دشمنون اپنی سی یعنی کافرونسی جہاد مین
پس مارو تم گردنین اونکی یعنی مار ڈالو تم بعضی اونکی کو اور ماریں وہ گردنین تمہاری یعنی سبکی یا بعضون
کی کہا اصحاب نی ہان خبر دیجئی فرمایا رسول خدا نی وہ ذکراللہ کا ہی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ
حاکم [illegible] نی ف اچہا ہونا ذکر کا اور بلند ہونا اوسکا اس سبب سی ہی کہ تمام عبادات بالیاد [illegible]
[illegible] خرچ کرنی سونی اور چاندی سی اور لڑائی کی کفار سی وسیلی ہین طرف تقرب خداتعالی کی اور
ذکر مقصود [illegible] کہ فرمایا اللہ تعالی نی انا جلیس من ذکرنی یعنی مین ہم نشین اوسکا ہون جو یاد
کرتا ہی مجکو پس ذکر [illegible] فضائل انواع ذکر کا قرآن شریف سی چنانچہ

فضیلت ذکر کا بیان آوے گی اور پڑھنا پڑھانا علوم دین کا افضل ہے ذکر سے جیسے کہ آگے حدیثوں سے
معلوم ہوتا ہے اس لیے کہ یہ ذکر باعث ہے اور سبب عمل کا ہے کذا قال القاری رح اور مشہور یہ ہے
کہ عبادت متعدی کہ نفع اوسکا غیر کو پہنچے افضل عبادت لازمی سے ہے کہ نفع اوسکا خاص کرنے والے
کی ذات پر ہو ولیکن یہ حکم مخصوص ساتھ غیر ذکر کے ہے اور ذکر اس سے مستثنی ہے ولہذا آنحضرت نے فرمایا
کذا قال المخرج ما صدقة افضل من ذکر الله ط ش نہیں ہے کوئی صدقہ بہتر ذکر خدا کے سے
نقل کیا یہ طبرانی نے اوسط میں ف صدقہ اوس مال کو کہتے ہیں جسکے دینے میں امید ثواب کا
ہو اللہ تعالی سے اس حدیث میں تسلی ہے فقراء صابرین کو کذا قال العلی قاری رح ان للہ ملائکة
یطوفون فی الطرق یلتمسون اهل الذکر فاذا وجدوا قوما یذکرون الله عز وجل
تنادوا هلموا الى حاجتكم قال فيحفونهم باجنحتهم الى السماء الدنيا الحديث
خ م ف تحقیق اللہ کے لیے فرشتے ہیں یعنی سوا ہی حفظ کے اعمال کے لکھنے والوں کے جو پھرتے ہیں
راہوں میں ڈھونڈتے ہیں ذکر کرنے والوں کو یعنی ذکر کی مجلسوں کو اور دعا کرنے والوں کو پس جب پاتے ہیں
اوس ایک جماعت کو کہ یاد کرتے ہیں اللہ عز وجل کو پکارتے ہیں آپس میں آؤ طرف حاجت اپنی کی فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے پس گھیر لیتے ہیں انکو ساتھ پروں اپنے کے آسمان دنیا تک فرمایا اخیر حدیث
تک نقل کی یہ حدیث بخاری مسلم ترمذی نے ف باقی حدیث یہ ہے کہ جب فرشتے چلے جاتے ہیں اللہ تعالی کے
پاس تو پوچھتا ہے اونسے پروردگار عالم کا حال باوجود یہ کہ وہ بہت جانتا ہے کیا کہتے ہیں بندے میرے
تو انکا جواب میں عرض کرتے ہیں کہ ساتھ پاکی اور بڑائی کی یاد کرتے ہیں تجھکو اور تعریف کرتے ہیں تیری
اور ساتھ بزرگی کی یاد کرتے ہیں تجھکو پس فرماتا ہے اللہ تعالی کیا دیکھا ہے انہوں نے مجھکو عرض کرتے
ہیں فرشتے قسم ہے اللہ کی نہیں دیکھا انہوں نے تجھکو پس فرماتا ہے پس کیا حال ہوتا اگر دیکھتے
مجھکو کہتے ہیں فرشتے اگر دیکھتے تجھکو تو ہوتے وہ بہت کرنے والے عبادت تیری اور

پاتی ہین بندی کی تیری اور بہت کرتی ہین تسبیح تیری پس فرماتا ہی اللہ پس کیا مانگتی ہین مجھسی عرض کرتی

ہین فرشتی مانگتی ہین تجھسی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالی کیا دیکھی ہی انہون نی بہشت عرض کرتی ہین

قسم ہی اللہ کی نہی سب تمہاری نہین دیکھی انہون نی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیا حال ہو

اگر دیکھین وہ بہشت عرض کرتی ہین فرشتی اگر دیکھین اوسکو ہوون بہت اوپر حرص کی وا

اور بہت طلب کرین اوسکو اور بہت اوسمین کرین رغبت پھر فرماتا ہی اللہ کس چیز سی پناہ مانگتی ہین

عرض کرتی ہین فرشتی پناہ مانگتی ہین دوزخ سی فرماتا ہی اللہ پس کیا دیکھا ہی انہون نی اوسکو کہتی

ہین فرشتی قسم ہی اللہ کی نہی سب نہین دیکھا انہون نی اوسکو فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیا حال ہو

اگر دیکھین اوسکو عرض کرتی ہین فرشتی اگر دیکھین اوسکو ہوون بہت اوس سی بہاگنی والی اور بہت

اوس سی ڈرنی والی فرماتا ہی اللہ تعالی پس گواہ کرتا ہون مین تمکو تحقیق مین بخش دیئی گناہ اونکی پس

عرض کرتا ہی ایک فرشتہ فرشتون مین سی کہ فلانا شخص آبیٹھا ہی ذکر کرنی والون مین نہین ہی ذکر

کرنی والا سوا اوسکی نہین کہ آیا تہا کسی کام کی لئی فرماتا ہی اللہ تعالی وہ بیٹھنی والی ہین کہ نہین بدبخت

ہوتا ہمنشین اونکا کذا فی المشکوۃ ۔ مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّهٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ رَبَّهٗ مَثَلُ

الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ متفق علیہ ۔ مثل اوس شخص کی کہ یاد کرتا ہی پروردگار اپنی کو یعنی ہمیشہ یا کبھی کبھی

اور اوس شخص کہ نہین یاد کرتا پروردگار اپنی کو یعنی مطلق یا کبھی کبھی مانند زندی اور مردی کی ہی نقل کیا

کی یہہ بخاری مسلم نی ف حاصل یہہ ہی کہ ذکر حیات قلب ذاکر کی ہی اور غفلت موت اوسکی

اور جیسی کہ زندہ اپنی زندگی سی بہرہ مند ہوتا ہی ایسا ہی ذکر کرنی والا اپنی عمل سی بہرہ مند ہوتا ہی

اور نہ یاد کرنی والا کہ اوسکو اپنی عمل سی بہرہ نہین مانند مردی کی ہی کہ اوسکو زندگی سی کچھ بہرہ نہین

ہوتا بیت ۔ زندگانی نتوان گفت حیاتی کہ مراست ۔ زندہ آنست کہ با دوست وصالی دارد

کذا ذکر العلی القاری ۔ لا یقعد قوم یذکرون اللہ الا حفتہم الملائکۃ ۔ ف

غَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهُ م ت ق
نہین بیٹھتی ہی ایک قوم کہ یاد کرتی ہین اللہ تعالی کو مگر کہ گھیر لیتی ہین اونکو فرشتی یعنی وہ جو ذکر والون
ڈھونڈھتی پھرتی ہین اور ڈھانپ لیتی ہی اونکو رحمت اور اوترتی ہی اونپر تسکین خاطر کی اور یاد کرتا ہی اونکو
اللہ بیچ اون لوگون کی کہ نزدیک اوسکی ہین نقل کی یہہ مسلم ترمذی ابن ماجہ نی ف سکینہ
خاطر جمعی دلکی ہی کہ اوسکی سبب سی خواہش لذتون دنیا کی اور لذت ماسوا اللہ کی دل سی نکل
جاتی ہی اور حضور ساتھہ اللہ کی ہم پہونچتا ہی اور مراد اون لوگون سی کہ نزدیک اوسکی ہین فرشتی مقرب
ہین کہ جنہون نی کہا تھا حضرت آدم علیہ السلام کی پیدا کرنی کی وقت اے اللہ ایسی کو پیدا کرتا ہی تو کہ زمین
مین فساد اور خون ریزی کریگا اونسی بطور فخر کی فرماتا ہی [illegible] کہ با وجود موانع کی کہ نفس
اور شیطان اور علائق ہین غافل نہین ہوتی اوسکی ذکر سی کذا ذکرہ العلی ج یا رسول اللہ اِنَّ شَرَائِعَ
الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَأَنْبِئْنِي بِشَيْءٍ أَتَشَبَّثُ بِهِ قَالَ لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا
مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ت ق حب مس مص ایک شخص نی عرض کیا اے رسول خدا کی تحقیق
احکام اسلام کی تحقیق بہت غالب ہوئی ہین مجہپر پس خبر دو مجکو ساتھہ ایسی چیز کی کہ بھروسا کرون مین ساتھہ
اوسکی فرمایا ہمیشہ رہی زبان تیری تر ذکر اللہ کی سی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی
شیبہ نی ف شرائع اسلام کی یعنی علامتین اسلام کی قسم نوافل سی کہ دلالت کرتی ہین صدق
اسلام مسلم کی پر غالب ہوئی ہین یعنی متعدد ہوئی ہین اور اوس حد کو پہونچی ہین کہ عاجز ہون
کرنی سی اور متحیر ہون بعضی کی کرنی مین کہ کونسی افضل ہی کہ اختیار کرون اور تر ہی زبان کی کنایہ
ہی سہولت اور آسانی اور روانی زبان سی جیسی کہ خشکی زبان کی عبارت ہی تنگی اوسکی سی اور زبان
سی یا زبان قلبی مراد ہی کیونکہ یہہ زبان ہمیشہ تر نہین رہ سکتی یا اسی زبان کو فرمایا بمبالغہ یا مراد
ہمیشہ طاقت کی ہو یا [illegible] کہ دل در دریا [illegible] ہو لیس یہہ فرد علی الوہی کذا ذکرہ العلی ج

آخِرُ كَلَامٍ فَارَقْتُ عَلَيْهِ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ قُلْتُ أَيُّ الْأَعْمَالِ
أَحَبُّ إِلَى اللهِ قَالَ أَنْ تَمُوتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِنْ ذِكْرِ اللهِ حب ص طب کبیر

معاذ نے آخری کلام کہ جدائی کی مینے اوسپر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی وقت رخصت کی یمن کو یہہ تہا
کہ عرض کیا مینے کونسا عمل بہت پیارا ہی نزدیک اللہ کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مری تو
اوس حالت مین کہ زبان تیری تر ہو ذکر اللہ کی سے نقل کیا اسے ابن حبان نے اور طبرانی نے **ف** تر ہونی
سے مراد یہہ ہی کہ تیری زبان پر ذکر جاری ہو اسمین اشارہ ہی اسپر کہ افضل اعمال کا ذکر اللہ تعالی کا ہی اور بڑا فائدہ
اوسکا حسن خاتمہ ہی جیسے کہ وارد ہوا ہی کہ نہین کوئی بندہ کہ لا اله الا الله کہا ہو پہر مری اسی پر مگر کہ
داخل ہوگا بہشت مین اور اشارہ ہی اسپر کہ لازم کرنا ذکر کا حالت حیات مین سبب ہوتا ہی حاصل
ہونی ذکر کا وقت مرنی کی جیسے کہ روایت کیا گیا ہی كَمَا تَعِيشُونَ تَمُوتُونَ وَكَمَا تَمُوتُونَ تُحْشَرُونَ
یعنی جسطرح جیتی رہوگی اوسیطرح مروگی اور جسطرح مروگی اوسیطرح اوٹہائی جاؤگی کذا ذکرہ العلی قاری

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَوْصِنِي قَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللهِ مَا اسْتَطَعْتَ وَاذْكُرِ اللهَ عِنْدَ كُلِّ
حَجَرٍ وَشَجَرٍ وَمَا عَمِلْتَ مِنْ سُوءٍ فَأَحْدِثْ لِلّٰهِ فِيهِ تَوْبَةً السِّرُّ بِالسِّرِّ وَالْعَلَانِيَةُ
بِالْعَلَانِيَةِ طب کہا معاذ بن جبل نے عرض کیا مینے اے رسول خدا کچہہ نصیحت کرو مجکو فرمایا لازم کر اوپر
اپنی تقوی اللہ کا جب تلک طاقت رکہی تو اور یاد کر اللہ کو نزدیک ہر پتہر اور درخت کی اور جو کچہ
کی ہو تونی برائی یعنی گناہ یا غفلت ایسی پیدا کر خالص واسطی اللہ کی اوسمین یعنی بیچ حق اوس برائی کی
یا برائی کی لئی توبہ توبہ پوشیدہ بیچ گناہ پوشیدہ کی اور توبہ ظاہر بیچ گناہ ظاہر کی نقل کی یہہ طبرانی نے
ف یہہ عرض بہی وقت رخصت کی معاذ نے طرف یمن کی کی ظاہر یہہ معلوم ہوتا ہی کہ یہہ عرض اول
حدیث سابق سی کی ہو اور تقوی یعنی پرہیزگاری حرام چیزون سی اور احتراز شبہات سی ہوا ہی اور اسکا
سی ہی اور حقیقت مین تقوی حفاظت کرنا حدود الٰہی کا اور وفا کرنا عہدون اوسکی کا ہی اور یہہ کئی قسم پر

تقویٰ عوام کا یہہ ہی کہ فرمان برداری احکام الٰہی کی کری اور بچی منع چیزون سی اور تقویٰ خواص کا
موافقت بندی کی ہی ساتھہ پروردگار کی اوس چیز مین کہ مقدر ہی اوسکی حق مین حضرت ابن عمر کی
روایت ہی کہ متقی وہ ہی جو اپنی لیئی کسی سی سوای ایزد سبحانہ کی امید نیکی کی نرکہی اور یاد کرنا نزدیک
ہر درخت و پتھر کی اشارہ ہی طرف مقام مشاہدی کی کہ ہر چیز دلیل ہی اوپر وحدانیت اللہ تعالیٰ
کی یعنی جو چیز دیکھی جاتی کہ اوسکی قدرت کاملہ سی پیدا ہوئی ہی اور اسکا بنانی والا ایک ہی کوئی
شریک اوسکا نہین اور اخیر حدیث سی یہہ معلوم ہوا کہ جیسا گناہ کیا ہی ویسی ہی توبہ کری اگر گناہ
پوشیدہ کیا تہا توبہ بہی پوشیدہ کری اور اگر ظاہر کیا ہی توبہ بہی ظاہر کری مستحب یونہی ہی اور یہہ
معلوم ہوا کہ بمجرد صادر ہونی گناہ کی توبہ کرنی واجب ہی یا مستحب چنانچہ نووی سی منقول ہی کہ بعد گناہ
کی بغیر ڈہیل کی توبہ کرنی واجب ہی اگرچہ گناہ صغیرہ ہو پس اس صورت مین اگر تاخیر کریگا تو یہ مین
ایک گناہ اور اوسکی ترک کا لازم آویگا کذا ذکر العلی والفرح مَا عَمِلَ اٰدَمِيٌّ عَمَلًا اَنْجیٰ
لَہٗ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ط ا مص نہ عمل کیا کسی آدمی نی کوئی عمل کہ بہت
نجات دینی والا ہو اوسکو عذاب اللہ کی سی ذکر اللہ کیسی نقل کیا یہہ طبرانی احمد ابن ابی شیبہ نی
ف یعنی ذکر کی برابر کوئی عمل اللہ کی عذاب سی قیامت کو چہٹکارا نہین کروانی کا سبب
افضل ہی قَالُوْا وَلَا الْجِہَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰہِ قَالَ وَلَا الْجِہَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰہِ اِلَّا
اَنْ تَضْرِبَ بِسَيْفِہٖ حَتّٰى يَنْقَطِعَ قَالَہٗ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ط مص طس صط
عرض کیا صحابیون نی اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین فرمایا اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین مگر یہہ کہ مارے ساتھہ
تلوار اپنی کی یہان تلک کہ ٹوٹ جاوی تلوار فرمایا اسکو یعنی وَلَا الْجِہَادُ کو حَتّٰى يَنْقَطِعَ تک تین بار
نقل کی یہہ طبرانی نی ابن ابی شیبہ نی اور طبرانی نی اوسط اور صغیر مین ف اور نہ جہاد یعنی جو جہاد
خالی ہو ذکر سی اور جسم جہاد مع ذکر بہی ہو تو ایسی ذکر سی افضل ہو گا حاصل یہہ کہ ذکر افضل ہی

اور بڑی عبادت سی یعنی جو خالی ہو ذکر سی لیکن جب ذکر ملیکا ساتھہ ایک عمل کی بیشک نہین کہ وہ
افضل ہوگا بڑی ذکر سی کذا ذکرہ العلی رح اور بیہقی نی عبد اللہ بن عمر سی روایت کی ہی اِلّا اَنْ
یَضْرِبَ بِسَیْفِہٖ حَتّٰی یَنْقَطِعَ اس سی معلوم ہوا کہ اگر جہاد اس مرتبہ کو پہونچی تو بہی ذکر افضل
نہین پس ان دونون حدیثون مین مخالفت ہوئی پس حنفی نی کہا ضرور پڑی ترجیح ایک حدیث
کی دوسری پر یا کہین کہ کسی راوی کو وہم ہوا اور قہستانی نی توجیہہ سہل اقل کی ہی وہ یہہ ہی کہ
اِلّا اَنْ یَضْرِبَ بِسَیْفِہٖ بدل ہی جہاد سی اور کلمہ اِلّا انکار ہی پس اس صورت مین یہہ حدیث مخالف نہین
ہونی کی ساتھہ حدیث ابن عمر کی کہ بیہقی نی روایت کی ہی اور ساتھہ حدیث اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ
آخر تک کی اور ساتھہ تمام حدیثون کی کہ دلالت رکہتی ہین اوپر فضیلت ذکر کی جہاد خاص پر کذا ذکرہ

الفرج لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِیْ حِجْرِہٖ دَرَاہِمُ یُقَسِّمُہَا وَاٰخَرُ یَذْکُرُ اللّٰہَ کَانَ الذَّاکِرُ
لِلّٰہِ اَفْضَلَ ط اگر تحقیق ایک آدمی ہو کہ گود اوسکی مین درہم ہون کہ بانٹتا ہوا اونکو یعنی اور ذکر
نہ کرتا ہو اور دوسرا ہو کہ ذکر کرتا ہو اللہ کا یعنی اور درہم نہ بانٹتا ہو تو ہوگا ذکر کرنی والا خاص
واسطی اللہ کی افضل نقل کی یہہ حدیث طبرانی نی ف اس لئی کہ جو اللہ تعالی کو یاد کرتا ہی اللہ تعالی
اوسکو یاد کرتا ہی اور اللہ کا یاد کرنا اپنی بندی کو افضل ہر چیز سی کذا ذکرہ العلی رح اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ

الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ ت
جب گذرو تم باغون جنت مین پس میوہ کہاؤ کہا صحابیون نی ای رسول اللہ کی اور کیا ہین باغ
فرمایا حلقی ذکر کی نقل کی یہہ ترمذی نی ف معنی یہہ ہین کہ جب گذرو تم ایک جماعت پر کہ یاد کرتی
ہون اللہ تعالی کو ایک مکان مین پس تم بہی اونکی ساتھہ یاد کرو یا سنو اونکا یاد کرنا متابعت اس لئی
کہ وہ باغ جنت ہین مین اب بہی اور آئندہ کو بہی فرمایا اللہ تعالی نی وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ جَنَّتَانِ
بعضون نی جنتان کی یہہ بہی معنی کہی ہین کہ ایک جنت دنیا مین یعنی حلقی ذکر کی اور دوسری عقبی مین اور

میوہ کہاؤ یعنی کرو اوسمین وہ چیز کہ سبب ہووی حاصل ہونی باغون جنت کا قسم تسبیح اور تحمید
اور تہلیل سی اور بعضی شارحین حدیث نی لکھا ہی کہ حلقی ذکر کی مسجدین مراد ہین اونہون نی
حمل کیا ہی اس حدیث پر کہ مضمون اوسکا یہہ ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی جب گذرو تم
باغون جنت پر چرو تم ابوہریرہ نی کہا کیا ہین وہ فرمایا مسجدین ابوہریرہ نی کہا چرنا اونکا کیا
ہی فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ملا علی قاری نی لکھا ہی کہ اظہر یہہ ہی کہ
یہان مطلق حلقی مراد ہین اور حلقی مسجد کی افضل ہوتی ہین اور توری نی کہا ہی کہ اس حدیث مین
اشارہ ہی اسپر کہ جیسا ذکر مستحب ہی حلقی مین بیٹھنا ذکر کی لئی ہی مستحب ہی کذا ذکر العلی والفخر
ح یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ سَیَعْلَمُ اَھْلُ الْجَمْعِ الْیَوْمَ مَنْ اَھْلُ الْکَرَمِ فَقِیْلَ مَنْ اَھْلُ
الْکَرَمِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَھْلُ مَجَالِسِ الذِّکْرِ مِنَ الْمَسَاجِدِ حب طص
فرمایا ہی اللہ غالب اور بزرگ نی قریب ہی کہ جانین گی صاحب جمع کی یعنی قیامت والی اس دن کہ
کون ہین صاحب بزرگی کی یعنی لائق اکرام کی کہ جن پر اللہ تعالی انعام و بخشش کریگا عرض کیا صحابہ نی کون
ہین صاحب بزرگی کی ای رسول اللہ کی فرمایا صاحب مجالس ذکر کی مسجدون سی نقل کی یہہ ابن حبان
طبرانی ابو یعلی نی ف من المساجد بیان ہی مجالس کا اور بعضی نسخون مین فی ہی بجای من کی یعنی وہ
مجالس والی ذکر کی کہ واقع ہی مسجدون یعنی دنیا اور بازار دنیا کو ترک کرکر مشغول ہوتی ہین ساتھ ذکر
خدا کی مسجدون مین اس حدیث مین اشارہ ہی کہ ذکر اللہ کا مسجدون مین افضل ہی غیر مسجدون سی
کذا ذکر العلی ح مَا مِنْ آدَمِیٍّ اِلَّا لِقَلْبِہٖ بَیْتَانِ فِیْ اَحَدِھِمَا الْمَلَکُ وَفِی الْاٰخَرِ الشَّیْطَانُ
فَاِذَا ذَکَرَ اللّٰہَ خَنَسَ وَاِذَا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ وَضَعَ الشَّیْطَانُ مِنْقَارَہٗ فِیْ قَلْبِہٖ وَ
وَسْوَسَ لَہٗ ص نہین کوئی آدمی مگر کہ واسطی دل اوسکی کی دو مکان ہین ایک مین اونمین
سی فرشتہ ہی یعنی الہام کرتا ہی اچھی باتین اور ذکر خدا کا اور دوسری مین شیطان ہی یعنی بری وسوسی

اور غفلت ڈالتا ہی پس جب یاد کرتا ہی اللہ کو یعنی بسبب الہام فرشتی کی پیچھی ہٹ جاتا ہی شیطان
اور جب نہین یاد کرتا اللہ کو یعنی بسبب اعراض کی الہام فرشتی کیسی کہتا ہی شیطان منہہ اپنا
اوسکی دلمین اور وسوسی ڈالتا ہی اوسکی لئی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی **ف** وسوسی ڈالتا ہی
کہ باعث ہوتی ہین غفلت کی پس جب تلک کہ ذکر نہین کرتا یہی حال ہوتا ہی شیطان کا آدمی کی ساتھہ
کذا ذکر العلی رح مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ
صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهٗ كَاَجْرِ حَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ **ت**
اِنْقَلَبَ بِاَجْرِ حَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ جو کوئی نماز پڑہی فجر کی جماعت سین پہر بیٹھا ہوا یاد کرتا رہی
اللہ کو یہان تلک کہ نکلی آفتاب یعنی بقدر نیزہ کی بلند ہو کہ آہت نماز کی نہی پہر پڑہی نماز دو رکعت
ہوتا ہی ثواب اوسکی لئی مانند ثواب حج کی یعنی بسبب قائم کرنی فرض کی جماعت سی اور مانند ثواب عمری
پوری پوری پوری کی یعنی بسبب ادا کرنی اس سنت کی نقل کی یہہ ترمذی نی اور طبرانی کی روایت
مین بدلی کانت لہ کی یہہ آیا ہی پہرتا ہی ساتھہ ثواب حج اور عمری کی **ف** بیٹھا ہوا یاد کرتا رہی یعنی
کہ بعد حیعلتین کی لاحول پڑہی مگر پہلی حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ یہان بہی مثل کہنی موذن کی کہی پس احتمال کہتا ہی

کہ [illegible] طرح جواب دی [illegible] طرح اور کتاب ترجمہ مین ایسا [illegible] ماشاء اللہ کان وما لم یشأ لم یکن نقل کیا ہی کچہہ اصل صحیح حدیثون [illegible]

[illegible] جاتی ہی مگر فتاوی عالمگیری مین غرائب سی نقل کیا ہی ہو الصحیح واللہ اعلم کذا قال الفخر اور جب کہی موذن الصلوۃ خیر من النوم

کہی جواب مین صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوۃ خیر من النوم اللہم [illegible] اور تکبیر مین قد قامت الصلوۃ [illegible]

کہی اَتَاہُمَا اللّٰہُ وَآدَاہُمَا کذا فی وظائف النبی اِذَا قَالَ ذٰلِکَ مِنْ قَلْبِہٖ دَخَلَ الْجَنَّۃَ * م د س ن * جب کہ کوئی
یعنی جواب اذان کو نہ دل اپنی سی یعنی ساتھ اعتقاد اور اخلاص کے داخل ہوگا بہشت مین نقل کی یہہ مسلم ابو داود نسائی نے

مَنْ قَالَ حِیْنَ یَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ

وَرَسُوْلُہٗ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا غُفِرَ لَہٗ ذَنْبُہٗ * م ع ہ ی *
جو کوئی کہی جب سنی موذن کو یعنی اوائل اذان مین شروع کی وقت یا بعد فراغت کی کہ گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین
کوئی معبود مگر اللہ اکیلا نہین شریک کوئی اوسکا اور تحقیق محمد بندی اوسکی ہین اور رسول اوسکی راضی ہوا مین
ساتھ اللہ کی ازروی رب ہونی کی اور ساتھ محمد کی ازروی رسول ہونی کی اور ساتھ اسلام کی ازروی دین
ہونی کی بخشی جاتی ہین اوسکی لئی گناہ اوسکی نقل کی یہہ مسلم نی اور چارون نی اور ابن سنی نے مَنْ قَالَ

مِثْلَ مَقَالِہٖ یَعْنِی الْمُؤَذِّنَ وَشَہِدَ مِثْلَ شَہَادَتِہٖ فَلَہُ الْجَنَّۃُ * ص * جو کوئی کہی مانند کہنی اوسکی
مراد کلمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ ضمیر مقالہ کی موذن اور گواہی دی یعنی وحدانیت اور رسالت پر وقت جواب
دینی شہادتین کی مانند گواہی دینی موذن کی پس اوسکی لئی بہشت ہی نقل کی یہہ ابو یعلی نی وَکَانَ اِذَا سَمِعَ

الْمُؤَذِّنَ یَتَشَہَّدُ قَالَ وَاَنَا وَاَنَا * د حب مس * اور تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب سنتی تہی
موذن کو کہ شہادتین کہتا ہی فرماتی تہی اور مین بہی گواہی دیتا ہون [illegible] گواہی دیتا ہون نقل کی یہہ ابو داود
ابن حبان حاکم نی **ف** تکرار انا کی واسطی جواب شہادتین کی ہی یعنی جب موذن اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
اور اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہتا تہا حضرت اوسکی جواب مین انا انا فرماتی تہی کذا ذکرہ العلی ثُمَّ لِیُصَلِّ

عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ یَسْئَلِ اللّٰہَ لَہُ الْوَسِیْلَۃَ * م د ت س سنی * پہر درود
بہیجی یعنی بعد فراغت پانی کی جواب اذان سی حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پہر مانگی خدا سی واسطی پیغمبر صلی اللہ علیہ
وسلم کی مقام وسیلہ نقل کی یہہ مسلم ابو داود ترمذی نسائی ابن سنی نی **ف** مراد وسیلہ سی ایک حیثیت
مین قرب درگاہ الٰہی کا ہی اور بلندی درجی کی نزدیک اللہ تعالی کی اور بعضی کہتی ہین مراد وسیلہ سی مقام شفاعت ہے

دن قیامت کی اور بعضون نی کہاہی کہ وہ مکان ہی مکانون جنت سی جیسی کہ حدیث شریف مین آیاہی کہ پہر مانگو میری لئی
اللہ سی وسیلہ کہ وہ ایک مکان ہی جنت مین کہ نہین لائق ہی مگر واسطی ایک بندی کے بندون اللہ کے سی اور مین امید
رکہتاہون کہ وہ مین ہونگا پس جسنی میری لئی وسیلہ مانگا واجب ہوئی اوسکی لئی شفاعت میری کذا ذکرہ الشیخ
والعلی اور وسیلہ یون مانگی یقول اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ
اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ خ عہ حبشی
اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ حبشی کہی سننی والا یا اللہ پروردگار اس پکار پوری کی اور نماز حاضر کی دی محمدؐ کو
وسیلہ اور فضیلت اور اوٹہا اوسکو مقام محمود مین وہ جو وعدہ کیاہی تو نی اوس نقل کی بخاری نی اور چارون نی
اور ابن حبان اور بیہقی نی اور بیہقی نی یہہ جملہ بہی زیادہ نقل کیاہی کہ تحقیق تو نہین خلاف کرتاہی وعدی مین ف
مراد دعوت تامہ سی بلانا طرف توحید کی ہی یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا کلمات اذان کی مراد مین اوس
کہ نماز کی طرف بلاتی ہین اور فضیلت یعنی قدر و مرتبہ بلند سب خلائق پر اور ظاہر یہہ ہی کہ فضیلت عطف تفسیری
وسیلہ کا ہی [illegible] کو کہتی ہین یا مرتبہ دوسرا ہی سوای وسیلہ کی مقام محمود یعنی وہ مقام
کہ تعریف کیا جاوی اوس [illegible] اسکی زبان پر اور رشک لیجاوین تمام خلق اور وہ مقام قرب
اور شفاعت کا ہی کہ حضرت [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم اوس مقام مین کہڑی ہوکر شفاعت کرینگی اور
اولین و آخرین حیران اور سرگردان ہونگی اور کوئی انبیا اور رسولون مین سی جرأت اوس مقام کیسی دم نہین
مارسکنی کا مشہور تر قول بیان مقام محمود کا [illegible] بہت سی قول علما نی لکہی ہین اور وہ جو وعدہ
کیا ہی لائق یعنی آیت عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا مین اگر کوئی کہی کہ جب اللہ تعالی نی وعدہ فرمایا
اور وعدی کی وفا کی کیا احتیاج جواب یہہ کہ امت بہی ثواب پاوی یا تواضعًا اور کسر نفسی سی حضرت نی فرمایا کہ باوجود
اس وعدی کی بہی احتیاج نی نیاز سی رکہتاہون کذا ذکرہ العلی والشیخ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی
کہ جسنی یعنی سنی اذان کی یہہ دعا پڑہی لائق اور واجب ہوئی اوسکو شفاعت میری دن قیامت کی کذا

ما من مسلم يسمع النداء بالتكبير فيكبر ويقول أشهد أن لا إله إلا الله وأشهد
أن محمدًا رسول الله ثم يقول اللهم أعط محمدًا الوسيلة والفضيلة واجعله في الأعلين
درجته وفي المصطفين محبته وفي المقربين ذكره إلا وجبت له الشفاعة يوم القيامة

طب، نہیں کوئی مسلمان کہ سنے اذان یعنی اللہ اکبر کہے موذن اور اللہ اکبر کہے سننے والا اور کہے سننے والا
جواب موذن کا جب کہ شہادتین سنے اس طرح اشہد ان لا الہ الا اللہ اور اشہد ان محمدًا رسول اللہ
پھر کہے یعنی بعد فراغت اذان کی اور تمام کرنے جواب کے یا اللہ دے حضرت محمد کو وسیلہ اور فضیلت اور کر انکو
بیچ بلندترین مرتبہ والوں کے مرتبہ اونکا یعنی ثابت رکھ درجہ اونکا اعلیٰ علیین در بیچ رسولوں میں اور کر بیچ دل
برگزیدوں کی محبت اونکی اور کر بیچ زبان مقربوں کی یعنی انبیا اور ملائکہ کی ذکر اونکا مگر واجب ہوئی
اوسکے لیے شفاعت دن قیامت کی یعنی نہ کریگا کوئی مسلمان جو کہ مذکور ہوا مگر کہ واجب ہوگی اوسکے لیے شفاعت
حضرت کی نقل کی یہ طبرانی نے من قال حين ينادي المنادي اللهم رب هذه الدعوة القائمة والصلوة
النافعة صل على محمد وارض عني رضا لا تسخط بعده استجاب الله دعوته ط

طس ی، جو کوئی کہے جس وقت کہ اذان دے موذن یعنی وقت شروع اذان کے پڑھے یا بعد فراغت کے یا اللہ پروردگار
اس پکار ہمیشہ رہنے والی کی اور اے پروردگار اس نماز فائدہ دینے والی کی یعنی پہنچنے والا اوسکا ثواب بیچ
نجات پانے رحمت خاص بھیج اوپر محمد کے اور راضی ہو مجھ سے یعنی ساتھ تھوڑے عمل کے راضی ہونا کہ نہ غضب
ہووے تو پیچھے اوسکے قبول کرتا ہے خدا دعا اوسکی یعنی جو کوئی وقت اذان کے ان کلمات کو پڑھکر دعا کریگا
دعا اوسکی قبول ہوگی خواہ یہ دعا ہو یا اور ہو نقل کیا یہ احمد اور طبرانی نے اوسط میں اور ابن سنی نے

من نزل به كرب أو شدة فليتحين المنادي فإذا كبر كبر وإذا تشهد تشهد وإذا قال
حي على الصلوة قال حي على الصلوة وإذا قال حي على الفلاح قال حي على الفلاح ثم يقول
اللهم رب هذه الدعوة الصادقة المستجاب لها دعوة الحق وكلمة التقوى أحينا

وَاَمِتْنَا عَلَیْهَا وَابْعَثْنَا عَلَیْهَا وَاجْعَلْنَا مِنْ خِیَارِ اَهْلِهَا اَحْیَاءً وَاَمْوَاتًا ثُمَّ یَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهُ حصن

ت یعنی جس نے پیا اوس کی ہم یا تحقیق [illegible] تو اسکے وقت سنوکا یعنی منتظر وقت اذان کا ہوئی پس جب سنی کہی

موذن اللہ اکبر کہی تو بھی اللہ اکبر اور جب سنی شہادتین کہی موذن سے شہادتین کہی سنی والا اور جب کہی موذن حی

علی الصلوٰۃ کہی سنی والا حی علی الصلوٰۃ اور جب کہی موذن حی علی الفلاح کہی سنی والا حی علی الفلاح پھر کہی سننی والا

یعنی بعد جواب دینے ساری اذان کی پڑھی یہہ دعا یا اللہ پروردگار اس دعا سچی مقبول کی کہ دعا حق ہی اور کلمہ

تقویٰ کا ہی زندہ رکھہ ہمکو اسپر یعنی مستقیم رکھہ اسکی اعتقاد پر اور عمل پر بمقتضای اسکے زندگی مین اور مار ہمکو

اسپر اور اوٹھا ہمکو اسپر اور کر ہمکو بہترین اہل دعا مین سے یعنی کر ہمکو جملہ مومنین کامل سے حالت زندگی مین اور

حالت موت مین پھر مانگی خدا تعالی سے حاجت اپنی کہ جسمین مبتلا ہی نقل کیا یہہ حاکم ابن سنی نی ف

کلمہ تقویٰ کا ہی یعنی کلمہ تقویٰ والون کا ہی جو تقویٰ کرتی ہین شرک سی یا اضافت کلمہ کی تقویٰ کی طرف اسلئے ہی

کہ اسکی سبب سی آدمی آگ سی بچتا ہی اور مراد دونو جملون سی کلمہ شہادتین کا ہی کذا ذکر العلی والدعاء

بَیْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَۃِ لَا یُرَدُّ ۔ د ت س حب عو ۔ فَادْعُوْا ۔ ص ۔ فَاسْئَلُوا اللّٰہَ

الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ۔ ت ۔ اور دعا درمیان اذان اور تکبیر کی رد نہین کیجاتی نقل کیا

ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان ابو یعلی نی اور ایک روایت مین ابو یعلی نی بعد اسکی یہہ بھی نقل کیا کہ پس دعا

کرو پس مانگو اللہ تعالی سے عافیت دنیا اور آخرت مین نقل کیا یہہ ترمذی نی یعنی بجای فادعوا کی ف ظا

اس حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ دعا قبول ہوتی ہی درمیان اذان اور تکبیر کی خواہ متصل اذان کی ہو یا فرق سی مگر

متصل اولی ہی تا موافق ہو جی اس حدیث الدُّعَاءُ مُسْتَجَابٌ عِنْدَ النِّدَاءِ کی یعنی دعا قبول ہوتی ہی نزدیک

اذان کی [illegible] اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ قَدْ قَامَتِ

الصَّلٰوۃُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ ۔ ق مہ ت ۔ اور تکبیر میں [illegible]

اللہ بہت بڑا ہی گواہی دیتا ہوں میں یہہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ گواہی دیتا ہوں میں یہہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ کی ہیں آؤ تم
نماز پر آؤ تم مراد ولی پر تحقیق قائم ہوئی نماز تحقیق قائم ہوئی نماز اللہ بہت بڑا ہی اللہ بہت بڑا ہی نہیں کوئی معبود
مگر اللہ نقل کی یہہ احمد ابو داؤد و ابن ماجہ ابن خزیمہ ترمذی نے ف یہہ موافق مذہب شافعی کی ہی اور مذہب امام اعظم
رحمہ اللہ کے میں تکبیر کی بہی کلمے دو دو ہیں جیسا کہ حدیث ابی محذورہ سے ثابت ہوتی ہی اور امام طحاوی نے کہا ہی کہ متواتر آثار
سے ثابت ہی کہ بلال تکبیر دو دو بار کہتے تھے مرتے دم تک اور یہہ حدیث اگر صحیح ہو تو منسوخ ہی ساتھ حدیث ابی محذورہ کی کذا ذکر

العلی اذھبی کان الاذان الا فی الترجیع وبزیادۃ قد قامت الصلوۃ قد قامت الصلوۃ اعاد
[illegible] اقامت اذان کی ہی مگر بیچ ترجیع کی اور زیادتی قد قامت الصلوۃ قد قامت الصلوۃ کی نقل کی یہہ احمد
[illegible] اور ابن خزیمہ نے ف مگر بیچ ترجیع کی یعنی تکبیر میں ترجیع نہیں یعنی شہادتین مکرر نہیں کی جاتی
ہیں تکبیر میں مثل اذان کی پس اس صورت میں اذان کی انیس کلمے ہوئے جیسا کہ مذہب شافعی میں ہی اور تکبیر کی سترہ کلمے
جیسا کہ مذہب حنفی میں ہی کذا ذکر العلی وَاِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ الْمَکْتُوْبَۃِ حب ت قال م

عه حب بَعْدَ التَّکْبِیْرِ م ت وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ
لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّيْ وَ
اَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا
لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ
اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ م عه حب

ط اور جب کھڑا ہوتے کوئی طرف نماز فرض کی نقل کی یہہ ابن حبان ترمذی نے کہی نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی
اور ابن حبان نے بیچ تکبیر تحریمہ کی نقل کی یہہ مسلم ترمذی نے یعنی سوا حدیث کا بعضوں نے قال کہا اور بعضوں نے

کیا اسد اوسکی جہہ ہی متوجہ کیا میں نی منہہ اپنا طرف اوس ذات کی کہ پیدا کیا آسمانون اور زمین کو درحالیکہ تابع
کرنی والا ہون اور نہیں ہون میں شرک کرنیوالون سی تحقیق نماز میری اور عبادتین میری اور زندہ رہنا میرا اور مرنا میرا واسطے
خدا پروردگار عالمون کے ہی یعنی جس چیز پر کہ حالت زندگی میں ہون اور جس پر کہ مرونگا یعنی طاعت اور ایمان
سب خالص خدا کی لئی ہی نہیں کوئی شریک اوسکا اور ساتہہ اسیکے یعنی ساتہہ توحید اور اخلاص کے
حکم کیا گیا ہون میں اور میں مسلمانون سی ہون یا اللہ تو پادشاہ ہی نہیں کوئی معبود مگر تو تو پروردگار میرا ہے
اور میں بندہ تیرا ہون ستم کیا میں نی جان اپنی پر یعنی بسبب قصور کرنیکی بندگی اور اطاعت میں اور اقرار
کیا میں نی ساتہہ گناہون اپنی کی یعنی بسبب امید مغفرت کی کہ فرمایا ہی تو نی کہ جو کوئی معترف گناہون کا ہوکر میری درگاہ
میں آتا ہی بسبب صدق اوسکی کی بخشتا ہون میں پس بخش میری لئی گناہ میری سب یعنی صغیرہ ہون یا کبیرہ
خطا سے ہون یا عمدا تحقیق نہیں بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو اور راہ دکہا مجکو طرف اچہی خلقون کی نہیں راہ دکہاتا طرف اچہی
خلقون کی کوئی مگر تو اور دور کر مجہسی بری اخلاق نہیں دور کرتا مجہسی بری اخلاق مگر تو حاضر ہون میں خدمت تیری میں اور بجا لاتی ہون حکم تیرا
میں اور تمام بہلائیان بیچ ہاتہہ تیری کی ہین یعنی تیری قبضہ قدرت مین ہین اور برائی نہین نسبت کیجاتی طرف تیری
میں بسبب تیری موجود ہون اور طرف تیری رجوع کرتا ہون میں بابرکت ہی تو اور بلند ہی تو بخشش چاہتا ہون

ف

میں تجہسی اور توبہ کرتا ہون میں طرف تیری نقل کیے یہہ مسلم اور چارون نی اور ابن حبان طبرانی نی
واسطی رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ادنی مرتبہ حسن خلق کا یہہ ہی کہ جہگڑا ساتہہ خلق کی ترک کری اور راضی رکہی
اونکو رنج و راحت میں اور سہیل تستری رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ادنی مرتبہ حسن خلق کا یہہ ہی کہ خلق سے
جفا کہینچی اور بدلا نہ لی اور رحمت اور شفقت کری ظالم پر اور بخشش چاہی اوسکی لئی اور برائی نہین نسبت کیجاتی
طرف تیری یعنی اگرچہ خالق شر کا بہی اللہ ہی ہی مگر بپاس ادب کی نہیں کہا جاتا خالق الشر جیسیکہ خالق
القردۃ یعنی پیدا کرنی والا بندرون کا نہین کہا جاتا یا یہہ معنی ہین کہ شر تیری درگاہ میں مقبول نہین اور اوس
سی تقرب نہین حاصل ہوسکتی بلکہ اچہی بات کو قبول کرتا ہی جیسیکہ فرمایا ہی الیہ یصعد الکلم الطیب یعنی

اوسکی چڑہتی ہین باتین اچھی اور تکبیر کی بعد جو دعا پڑہتی ہین اوسکو دعاء استفتاح کہتی ہین وہ کتنی وجہ صحیح سی روایت کی گئی ہی کہ ہر وقت مین حضرت مختلف پڑہتی تہی یعنی کبہی کوئی کبہی کوئی نہ یہہ کہ سبکو ہمیشہ پڑہتی تہی اور اگر کوئی جمع بہی کری جائز ہوگی اور یہہ جو اختیار کیا ہی بعض مشائخ نی کہ پڑہتی ہین وجہت وجہی کو پہلی شروع کرنی نیت کی پس وہ خلاف روایت اور درایت کی ہی اور لازم آتی ہی اسمین تاخیر تکبیر کی اقامت کے نزدیک قائم ہونی جماعت کی کذا ذکرہ العلی و الفقیر اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ع خ م د س ق ق یا اللہ دور ہی ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کی جیسی کہ دوری ڈالی تونی درمیان مشرق اور مغرب کی یا اللہ دہو گناہ میری ساتہہ پانی اور برف اور اولی کی نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی ابن ماجہ نی ف دونو جا ہی مراد مبالغہ ہی مٹ جانی گناہون مین اسطرح کہ مشرق مغرب مین بڑا فرق ہی اسی طرح گناہ دور ہون اور جو کپڑا تین چیزون سی کئی بار دہویا جاتا ہی نہایت صاف ہوتا ہی اسیطرح محکو پاک کر اور طرح طرح کی بخششین نازل کر یہہ بطریق تمثیل کے فرمایا ہی حقیقت اسکی مراد نہین کذا ذکرہ العلی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ع د ت ق مس ط مو هر پاک ہی تو یا اللہ اور پاکی بیان کرتا ہون ساتہہ تعریف تیری کے اور بابرکت ہی نام تیرا اور بلند ہی بزرگی تیری اور نہین کوئی معبود سوا تیری نقل کیے یہہ ابو داؤد ترمذی ابن ماجہ حاکم طبرانی نی اور موقوفا مسلم نی ف مذہب امام اعظم اور محمد رحمہما اللہ کا اور ظاہر مذہب امام مالک و امام احمد رحمہما اللہ یہہ ہی کہ بعد تکبیر تحریمہ کی سبحانک اللہم آخر تک پڑہی اور وجہت وجہی آخر تک نہ پڑہی اور نزدیک ابو یوسف کے یہہ ہی کہ دونو پڑہی اور مختار طحاوی کا بہی یہی ہی مگر سبحانک پہلی پڑہنا اولی ہی اور ہر ایک سند حدیث کی تہی مین طعن ذکر کی اور شرح مین اس مقام کو دیکہی کذا ذکرہ الفقیر اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا م ت س اللہ بہت بڑا ہی اور تعریف [illegible]

اور ساتھہ پاکی کی یاد کرتا ہون مین اسکو صبح اور شام مین نقل کیا اسکو مسلم ترمذی نسائی نی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا

طَيِّبًا مُبَارَكًا ٭ م د مق ٭ فيه د نس ٭ سب تعریف اللہ کی لئے ہے تعریف بہت

پاک یعنی آمیزش ریاسی نا بابرکت نقل کی اسکو مسلم ابو داؤد و نسائی نی اور ایک روایت مین ابو داؤد نسائی نے

لفظ فیہ کا بہی زیادہ کیا ہی معنی دہی ہین اصلی کہ وہان فیہ مقدر ہی اور یہان مذکور ہی اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

ذَنْبِيْ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَنَقِّنِيْ مِنْ خَطِيْئَتِيْ كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ مِنَ الدَّنَسِ ط ٭

یا اللہ دوری ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میرے کے جیسی کہ دوری ڈالی تونی درمیان مشرق اور مغرب

کی اور پاک کر مجھکو گناہون میرے سے جیسی کہ پاک کیا تونی کپڑی کو میل سی نقل کیے اسکو طبرانی نی وَفِيْ صَلٰوةِ التَّطَوُّعِ

د ٭ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا ثَلٰثًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا ثَلٰثًا سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ثَلٰثًا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ نَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ وَهَمْزِهٖ ٭ د ق حب مس مص ستی ٭ اور بیچ

نماز نفل مین نقل کی اسکو ابو داؤد نی یعنی مخصوص ہونا اس دعا کا نفل مین فقط روایت ابو داؤد مین آیا ہی اللہ بہت

بڑا ہی بڑا تین بار پڑہی سب تعریف اللہ کو ہی بہت پڑہی تین بار پاکی بیان کرتا ہون اسکی صبح اور شام مین

تین بار پڑہی پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ اللہ کی شیطان راندہی ہوئی سی تکبر اسکی سی اور سحر اسکی سی اور وسوسہ

اسکی سی نقل کی اسکو ابو داؤد و ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ بیہقی نے **ف** اکثر استعمال تطوع کا

غیر سنتون رواتب یعنی غیر مقرری مین آتا ہی اور لفظ الرجیم کا فقط ابن ماجہ اور بیہقی نی نقل کیا ہی مراد پہلی لکہی

جاتی ہی اور مراد نفخ سی کبر شیطان کا ہی یعنی تکبر اور خود پسندی کہ شیطان آدمی کو اس ورطہ مین ڈالتا ہی پس وہ

اپنی کو اوروں سی بڑا جانتا ہی اور اوروں کو حقیر گنتا ہی اور مراد نفث سی سحر ہی کہ شیطان آدمی پر سحر کر کر اپنا تابعدار

کر لیتا ہی یا باعث ہوتا ہی سحر پر کہ لوگون سی سحر کروا تا ہی کذا ذکرہ العلی والفقر سُبْحَانَ ذِی الْمَلَكُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ

وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ ٭ طس ٭ پاک ہی صاحب پادشاہت کا اور صاحب غلبہ کا اور بزرگواری کا اور بڑائی کا

نقل کی اسکو طبرانی نی اوسط مین **ف** جبروت مبالغہ ہی جبر مین بمعنی قہر کی اور کبریا بزرگی ذات کی اور عظمت

صفت کی کذا ذکرہ العلی وَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ فَلْیَقُلِ الْمَاْمُوْمُ اٰمِیْنَ یُجِبْہُ اللّٰہ
م د س ق ** اور جب کہی امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پس چاہیے کہ کہی مقتدی آمین قبول کریگا اسد تعالی دعا اوسکی
نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد و نسائی ابن ماجہ نی وَاِذَا اٰمَّنَ الْاِمَامُ فَلْیُؤَمِّنِ الْمَاْمُوْمُ فَمَنْ وَافَقَ تَاْمِیْنُہٗ تَاْمِیْنَ
الْمَلٰٓئِکَۃِ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ ** خ م ** اور جب آمین کہی امام پس چاہیئے آمین کہی مقتدی پس جو شخص کہ موافق ہوا
ہی آمین کہنی اوسکی آمین کہنی فرشتون کی بخشتا ہی اسد واسطی اوسکی جو پہلی گذری گناہ اوسکی نقل کی یہہ بخاری مسلم نی
ف یعنی جب امام آمین کہتا ہی فرشتی بہی آمین کہتی ہین پس اوس وقت مقتدیون کو بہی موافقت اونکی کرنی چاہیئی
کہ سبب ہی بخشش کا کذا ذکرہ العلی وَ لَمَّا قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اٰمِیْنَ مَدَّ بِہَا صَوْتَہٗ ** ا د ت
مص ** رَفَعَ بِہَا صَوْتَہٗ ** د ** اور جب کہتی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آمین دراز کرتی تہی ساتھہ اوسکی آواز اپنی نقل کی یہہ احمد
ابو داؤد و ترمذی ابن ابی شیبہ نی بلند کرتی تہی ساتھہ آمین کی آواز اپنی نقل کی یہہ ابو داؤد نی ف مذہب امام اعظم کا
یہہ ہی کہ آمین چپکی کہی مقتدی ہو یا امام نماز سری ہو یا جہری اور سند انکی یہہ ہی کہ حضرت عمر اور حضرت عبد اللہ ابن مسعود
رضی اللہ عنہما فرماتی تہی کہ چار چیزین ہین کہ اخفا کری ساتھہ اونکی امام تسمیہ اللہ اور اعوذ اور آمین اور تشہد اور ایک
روایت مین آیا ہی کہ حضرت عمر اور حضرت علی جہر نہین کرتی تہی ساتھہ بسم اللہ اور اعوذ کی اور آمین کی اور احمد اور ابو یعلی
اور طبرانی اور دارقطنی اور حاکم نی علقمہ سی اونہون وائل سی روایت کی ہی کہ مینی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتھہ نماز پڑہی
جب ولا الضالین کہا آمین چپکی کہی اور ایک دلیل انکی یہہ ہی کہ آمین دعا ہی کہ معنی اسکے یہہ ہین یا اسد قبول کر اور دعا
چپکی ہی اولی ہی جیسکہ فرمایا اللہ تعالی نی اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً یعنی پکارو رب اپنی کو عاجزی اور پوشیدہ اور مبسوط
مین شیخ الاسلام نی لکہا ہی کہ مذہب ہمارا مذہب علی اور عمر اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کا ہی اور ابن مسعود نی فرمایا
کہ صحابہ نی آمین پکار کر کہنی موقوف کی ہی اسلیی کہ جانتی تہی جہر آمین مین منسوخ ہوا اور حدیثین جہر کی بہی بہت اور صحیح ہین
اور مذہب امام شافعی اور احمد کا بہی یہی ہی پس ہو سکتا ہی کہ جہر اول تعلیم صحابہ کی لئی ہوا ہو جیسی کہ اور دعائین آمین
تہا ئین جب سیکہہ لئی صحابہ اخفا کیا پس اسطرح جہر اور اخفا دونو ثابت ہوئی واللہ اعلم کذا ذکرہ الفہر وَکَانَ اِذَا قَالَ

يَسْمَعُ مَنْ يَلِيهِ مِنَ الصَّفِّ الْأَوَّلِ * د ق * فَيَرْتَجُّ بِهَا الْمَسْجِدُ * ق * اور تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
جب آمین کہتی تہی سنتا تہا وہ شخص کہ قریب اونکی ہوتا تہا صف پہلی میں سے نقل کی یہہ ابو داود ابن ماجہ نی پس گونجتی
تہی ساتہہ اوسکی مسجد نقل کی یہہ ابن ماجہ نی وَقَالَ آمِينَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * ط * اور کہتی تہی حضرت یعنی کہی
آمین تین بار نقل کی یہہ طبرانی نی وَحِينَ قَالَ وَلَا الضَّالِّينَ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي آمِينَ * ط * اور جب کہتی
تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ولا الضالین فرماتی تہی یعنی کہی ای رب میری بخش مجکو قبول کر دعا میری نقل کی یہہ
طبرانی نی وَإِذَا رَكَعَ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ * م عه حب مس ر * ثَلٰثًا * ر * وَذٰلِكَ
أَدْنَاهُ * د * اور جب رکوع کرے کہی پاک ہی پروردگار میرا بڑا نقل کی یہہ مسلم اور چاروں نی اور ابن حبان حاکم بزار نی
اور ایک روایت مین بزار نی تین بار پڑہنا اسکا نقل کیا ہی اور تین بار کہنا ادنی درجہ اسکا ہی نقل کی یہہ ابو داود نی
ف مراد ادنی سی ادنی درجہ کمال سنت کا ہی نہ ادنی درجہ جواز کا اسلئی کہ اصل جواز ایکبار سی اور تین بار کہنا
داخل کمال کے ہی لیکن ادنی کمال کا اور افضل پانچ بار ہی یا سات بار اور اعلی درجہ کمال کے حدیثین بعضوں نے
دس بار تلک کہا ہی اور بعضوں نی قریب بقدر قیام کی اور ملا علی قاری نی مظہر سی نقل کیا ہی کہ نہایت کمال کی سات
ہی اور یہہ سب حالتین تنہائی مین ہین اور امام رعایت حال مقتدیون کی کرے سفیان ثوری نی کہا ہی کہ امام
تسبیحات رکوع سجود کی پانچ بار کہی کذا ذکرہ الفخر اور ایک روایت مین رکوع کی یہہ تسبیح آئی ہی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ
رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي * خ م د س ق * پاکی ہی تجکو یا اللہ رب ہمارے اور پاکی بیان
کرتا ہون ساتہہ تعریف تیری کے یا اللہ بخش مجکو نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داود نسائی ابن ماجہ نی سُبْحَانَ اللّٰهِ
وَبِحَمْدِهٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * ا ط * یا پڑہی سبحان اللہ وبحمدہ تین بار نقل کی یہہ احمد طبرانی نی اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ
وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِي وَبَصَرِي وَمُخِّي وَعَظْمِي وَعَصَبِي * م د س
یا اللہ تیری ہی لئی رکوع کیا مینی اور ساتہہ تیرے ایمان لایا مین اور تیری ہی لئی اسلام لایا مین اور تابعداری
اور فروتنی کی واسطی تیری سماعت میری نی اور بینائی میری نی اور گودی میری نی اور ہڈی میری نے اور پٹہی میری نے نقل کی یہہ مسلم

ابوداؤد ونسائی نے ف یہہ کنایہ ہی کمال خضوع وخشوع سے کہ تمام اعضا طرف اوسکی فروتنی کرتی ہیں سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ
رَبُّ الْمَلٰٓئِکَةِ وَالرُّوْحِ م د س یعنی تو ہی پاک نہایت پاک پروردگار فرشتوں اور جبرئیل کا نقل کی یہہ مسلم
ابوداؤد ونسائی نے رَکَعَ لَکَ سَوَادِیْ وَخَیَالِیْ وَاٰمَنَ بِکَ فُؤَادِیْ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ هٰذِهٖ یَدَایَ وَمَا
جَنَیْتُ عَلٰی نَفْسِیْ یعنی رکوع کیا تیرے لیے ظاہر میری نی اور باطن میری نی اور ایمان لایا ساتھ تیری دل میرا اقرار کرتا
ہوں میں ساتھ نعمت تیری کے کہ مجھپر ہی یہہ ہیں ہاتھ میری اور جو کچھ کہ گناہ کیا میں نے اوپر جان اپنی کی نقل کی یہہ بزار نی
یعنی گناہ میری ایسے سب موجود ہیں اور میں اقرار کرتا ہوں اوسکا یعنی ظاہر کرتا عجز کا ہی اور اقرار کرتا ساتھ
تقصیر کی طاعات میں اور نہ بجا لانی احکام اوامر و نواہی سے کذا ذکرہ العلی سُبْحَانَ ذِی الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَکُوْتِ وَالْکِبْرِیَاۗءِ
وَالْعَظَمَةِ د س پاک ہی صاحب غلبہ اور صاحب بادشاہت اور صاحب بڑائی اور بزرگی کا نقل کیے
ابوداؤد ونسائی نے وَاِذَا قَامَ مِنَ الرُّکُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَہٗ م ع ط اور جب کھڑا ہو
رکوع سے کہی قبول کیا اللہ نی واسطے اوسکی کہ تعریف کی اوسکی نقل کیے یہہ مسلم اور چاروں نے اور طبرانی
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ خ م ت س د رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ خ م رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ خ
رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْهِ خ د س یا اللہ پروردگار ہمارے تیری ہی لیے
تعریف ہی نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابوداؤد نی ای رب ہمارے اور تیری ہی لیے تعریف ہی نقل کیے
یہہ بخاری مسلم نی ای رب ہمارے تیری ہی لیے تعریف ہی نقل کی یہہ بخاری نی ای پروردگار ہمارے اور تیری ہی
تعریف ہی تعریف بہت پاکیزہ یعنی خالی ریا اور شرک سے بابرکت یعنی ساتھ زیادتی خلوص اور خضوع کی نقل کی
بخاری ابوداؤد ونسائی نی ف نقل کیا شیخ فخر الدین نی کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جب امام
سمع اللہ لمن حمدہ کہی کہو اللہم ربنا لک الحمد کہ جس کسی کا قول موافق ہوا قول ملائکہ کی ساتھ بخشی جاتی ہیں گناہ
اوسکی پہلی کی اور امام اعظم کی مذہب میں امام سمع اللہ لمن حمدہ کہی اور مقتدی ربنا اور اگر اکیلا نماز پڑھتا ہو
دونوں کہی اور صاحبین کے نزدیک امام بھی دونوں کہی چنانچہ امام طحاوی نی بھی اختیار کیا ہی لیکن پہلا قول اصلح ہی

کذا فی الہدایۃ وشرحہا اور وظائف النبی میں لکہا ہی کہ امام دونوں کہی اور یہی صحیح ہی اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ

السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي مِنَ الذُّنُوبِ وَالْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْوَسَخِ ۔ م د ت ق

یا اللہ تیرے ہی لئی سب تعریف ہی آسمانوں بہر اور زمین بہر اور بقدر بہرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو کسی چیز سے

پیچہی آسمان و زمین کے یا اللہ پاک کر مجہکو ساتہ برف اور اولی اور پانی ٹہنڈی کے یا اللہ پاک کر مجہکو گناہوں

سی اور چوکون سی جیسے کہ پاک کیا جاتا ہی کپڑا سفید میل سی نقل کی یہہ مسلم ابو داود ترمذی ابن ماجہ نی ف

کہ چاہی تو کسی چیز سی پیچہی آسمان و زمین کے یعنی مانند عرش کی اور اوپر اوسکی اور تحت الثری کے یہ تمثیل ہی

اور مراد کثرت حمد کی ہی یعنی اگر حمد کا جسم فرض کیا جاوی تو اس قدر ہووی کہ یہہ چیزین بہر جاوین کذا

ذکرہ العلی اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءُ مَا شِئْتَ

مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ

لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۔ م د س ۔ یا اللہ پروردگار ہمارے تیری ہی لئی سب تعریف

ہی آسمانوں اور زمین بہر اور اتنی بہر اوس چیز کی کہ درمیان اونکی ہی اور بقدر بہرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو

کسی چیز سی بعد اسکی ای صاحب تعریف اور بزرگی کی تو لائق تر ہی اوس چیز سی کہ کہی بندہ اور ہم سب واسطے

تیری بندی ہین نہین کوئی روکنی والا اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہین کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ روکی تو

اور نہین فائدہ دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی نقل کی یہہ مسلم ابو داود و نسائی نی اَللّٰهُمَّ

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءُ مَا شِئْتَ بَعْدُ اَهْلَ

الثَّنَاءِ اَهْلَ الْكِبْرِيَاءِ وَالْمَجْدِ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۔ ط ۔ یا اولاد

حضرت سعد بعد اوٹہانی کی سر کو رکوع سی یہہ دعا پڑہتی تہی یا اللہ پروردگار ہمارے تیری ہی لئی تعریف ہی آسمانوں

اور زمین بہر اور بقدر بہرنی اوس چیز کی کہ درمیان انکی ہی اور بقدر بہرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو بعد اسکی

لائق تعریف کی اور ای صاحب بڑائی اور بزرگی کی نہین کوئی روکنی والا اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہین نفع
دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی اوسکی نقل کیے ہیہ طبرانی نی وَاِذَا سَجَدَ سُبْحَانَ رَبِّیَ
الْاَعْلٰی ۃ مرعہ رحب مس ثلثا مرہ وَذٰلِکَ اَدْنَاہُ ۃ د اور جب سجدہ کری
کہی پاک ہی پروردگار بلند میرا نقل کیے ہیہ مسلم نی اور چار دن نی اور بزار ابن حبان حاکم نی اور ایک روایت مین
بزار نی تین بار پڑہنا اسکا نقل کیا ہی اور تین بار کہنا ادنی درجہ اوسکا ہی نقل کی ہیہ ابو داود نی اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ
بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَبِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ
اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ ۃ مرعہ اور کبہی سجدہ مین فرماتی آنحضرت یا اللہ پناہ مانگتا ہون ساتہ
خوشنودی تیری کی غضب تیری سی اور ساتہہ عافیت تیری کی یعنی نجات تیری کی عذاب تیری سی اور پناہ
مانگتا ہون مین ساتہہ تیری غذاب تیری سی نہین گن سکتا مین تعریف تجہپر تو ویسا ہی ہی جیسا کہ تعریف کی
تو نی اوپر نفس اپنی کی نقل کیے ہیہ مسلم نی اور چار دن نی اَللّٰهُمَّ لَکَ سَجَدْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ
اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِیْ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ فَاَحْسَنَ صُوَرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَکَ
اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ۃ مردس یا اللہ تیری ہی لئی سجدہ کیا مینی اور ساتہہ تیری ایمان لایا مین
اور واسطی تیری اسلام لایا مین یعنی اطاعت کی ظاہر مین سجدہ کیا مونہہ میری نی یعنی ذات میری نی اوس
ذات کو کہ پیدا کیا اوس کو اور صورت بنائی اوسکی پس اچہی بنائین صورتین اوسکی اور کہولی کان اوسکے
اور آنکہین اوسکی بہت برکت والا ہی خدا بہترین پیدا کرنی والو کا نقل کیے ہیہ مسلم ابو داود نسائی نی ف
فاحسن صور، فقط ابو داود نسائی نی روایت کیا ہی یعنی خاص کیا اوسکو سب مخلوقات مین سی ساتہہ
نصب کرنی قد کی اور دینی خوب صورتی کی اور معتدل کرنی مزاج کی وغیر ذلک بہترین پیدا کرنی والون کا
پیدا کرنی والا اللہ ہی ہی مگر مجازا باعتبار ظاہر کی فرمایا گویا خالقین بمعنی صانعین کی ہی کذا ذکرہ الشیخ الجزری
خَشَعَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَدَمِیْ وَلَحْمِیْ وَعَظْمِیْ وَعَصَبِیْ وَمَا اسْتَقَلَّتْ بِهٖ قَدَمِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

معنی ہے عاجزی کی کان میری نی اور آنکھوں میری نے اور لہو میری نی اور گوشت میری نی اور ہڈی میری نی
اور پٹھی میری نی اور اوس چیز نی کہ اوٹھایا اوسکو پاؤں میری نی یعنی تمام اعضا نی واسطی خدا پروردگار عالموں کے
نقل کی مسلم نسائی ابن حبان نی ف لام تلہ کا خشوع سی لگتا ہی یعنی ان سب چیزوں نی فروتنی کی واسطی اللہ تعالیٰ
سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ ۔ ترجمہ تو پاک ہی نہایت پاک پروردگار فرشتوں اور
جبرئیل کا نقل کی مسلم ابو داؤد نسائی نے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ ۔ ترجمہ
پاک ہی تو ای اللہ پروردگار ہمارے اور پاکی بیان کرتا ہوں میں ساتھ تعریف تیری کی نقل کی بخاری مسلم ابو داؤد
نسائی ابن ماجہ نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ دِقَّهُ وَجِلَّهُ وَأَوَّلَهُ وَآخِرَهُ وَعَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ
ترجمہ یا اللہ بخش واسطی میری گناہ میری سب چھوٹی اور بڑی اور اگلی اور پچھلی یعنی جو کر چکا ہوں اور جو
مقدر ہیں آئندہ کو اور ظاہر اور پوشیدہ نقل کی مسلم ابو داؤد نی ف جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ
وسلم پاک تھی گناہوں سی کہ بخشی گئی تھی اگلی پچھلی گناہ لیکن یہہ دعا کرتی تھی فقط واسطی ظاہر کرنی بندگی
کی اور احتیاج کی طرف اللہ تعالیٰ کی باوجود اس رتبی کے اور واسطی ادای شکر نعمت مغفرت کی
یا واسطی تعلیم امت کی کذا ذکرہ الفخر اَللّٰهُمَّ سَجَدَ لَكَ سَوَادِي وَخَيَالِي وَبِكَ آمَنَ فُؤَادِي
أَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَهٰذَا مَا جَنَيْتُ عَلَىٰ نَفْسِي يَا عَظِيمُ يَا عَظِيمُ اغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ
الْعَظِيمَةَ إِلَّا الرَّبُّ الْعَظِيمُ ۔ معنی یا اللہ سجدہ کیا واسطی تیری ظاہر میری نی اور باطن میری نی اور
ساتھ تیری ایمان لایا دل میرا اقرار کرتا ہوں میں ساتھ نعمت تیری کی کہ مجھ پر ہی اور یہہ ہی جو کچھ کہ گناہ کیا میں نی
اوپر نفس اپنی کے یعنی گناہ میری پاس ہیں جو دیتی اور میں معترف ہوں اونکا ای بزرگ ای بزرگ بخش
مجکو تحقیق نہیں بخشتا بڑی گناہوں کو کوئی مگر پروردگار بزرگ نقل کی حاکم نی سُبْحَانَ ذِي
الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ أَعُوذُ بِعَفْوِكَ
مِنْ عِقَابِكَ وَأَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ وَجْهُكَ ۔ معنی پاکی ہی

صاحب سلطنت ظاہر کا اور باطن کا پاک ہی صاحب غلبہ اور قدرت کا پاک ہی وہ زندہ کہ نہ مری پناہ مانگتا ہون
مین ساتھہ عفو تیری کی عذاب تیری سی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ خوشنودی تیری کے غضب تیری سے
اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب تیری سی بزرگ ہی ذات تیری نقل کی یہہ حاکم نی رَبِّ اَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا
وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا ۔ ای رب میری دی نفس میری کو تقوی اوسکا
پاک کر اوسکو یعنی بُری باتون ظاہر او باطن کیسی تو بہتر ہی اون شخصون کا جو پاک کرین نفس کو تو ہی کارساز ہون
تو ہی کارساز اوسکا اور مالک اوسکا نقل کی یہہ احمد نی ف تقوی یعنی نیک بختی اور پرہیزگاری حرام
چیزون سی اور احتراز زیادتی حرص و ہوا سی او محقق لکھتی ہین کہ تزکیہ نفس کا سبب ہوتا ہی تصفیہ دل کا جبکہ نفس
آمیزش ہوا اور ریا سی پاک ہوتا ہی فی الحال دل آلودگی ما سوای حق سی صاف ہوجاتا ہی بیت تا نفس ز ہوا پاک نشود
نشود دل آیینۂ نور الٰہی نشود ۔ مالک سی یہہ اشارہ ہی کہ پاک اور با ادب رکھہ اوسکو جیسی کہ با ادب رکھتا ہے
مولی بندی اپنی کو کذا ذکر العلی والفخر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ ۔ مص ۔ یا الٰہی
بخش واسطی میری وہ گناہ کہ پوشیدہ کئی مینی اور جو ظاہر کئی مینی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ
نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ خَلْفِيْ نُوْرًا
وَّاجْعَلْ مِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا ۔ مص ۔ یا الٰہی کر دل میری مین روشنی اور کر سماعت میری مین
روشنی اور کر بینائی میری مین روشنی اور کر آگی میری روشنی اور کر پیچھی میری روشنی اور کر نیچی میری روشنی اور
بڑی کر میری لیی روشنی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی آداب رکوع سجود کی یہہ ہین کہ اچھی طرح رکوع سجود مین اور رکوع کے
بعد اور درمیان دونون سجدون کی ٹہیری جلدی نکری کہ جلدی مین وعید شدید آئی ہی اور امام کی پہلے رکوع سجود
نکری کہ سر اوسکا گدہی کا ہو گا قیامت کو کذا فی وظائف النبی اور باقی آداب فقہ مین دیکھنی چاہئین قالی
سجود القرآن سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ
مق د ت حص ص ... فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۔ حص ۔ اور پڑہی قرآن کے

[illegible]

بھی وتین ہیں دعا کہ سجدہ کیا منہہ میری نے واسطے اوس ذات کی کہ پیدا کیا اوسکو اور صورت دی اوسکو اور
کھولے کان اوسکی اور آنکھیں اوسکے ساتھہ قدرت اپنی کے اور قوت اپنی کے نقل کیے یہہ نسائی ابو داؤد ترمذی
حاکم نے اور ایک روایت مین ابو داؤد نے کئی بار پڑھنا اسکا نقل کیا اور ایک روایت مین حاکم نے یہہ جملہ زیادہ
کیا ہے جسکا ترجمہ ہے والا ہی اسکے تین پیدا کرنے والون کا اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِي عِنْدَكَ بِهَا أَجْرًا وَضَعْ عَنِّي
بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ ت
حب ق حص یا اللہ لکھ میری لئے نزدیک اپنی سبب سجدہ کے ثواب اور دور کر مجھسے سبب اوسکی بوجھ گناہونکا
اور کر اوسکو میری لئے نزدیک اپنی ذخیرہ اور قبول کر اوسکو مجھسے جیسے قبول کیا تونے اوسکو بندے اپنی داؤد
سے نقل کیے یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے ف حدیث شریف مین آیا ہے کہ ایک شخص نے جناب رسالت
مآب علیہ الف الف صلوۃ کی پاس حاضر ہوکر عرض کیا کہ آجکی رات خواب مین دیکھا مینے کہ گویا ایک درخت کی پیچھے
نماز پڑھتا ہون اور جب سجدہ کیا مینے اوس درخت نے بہی سجدہ کیا اور یہہ دعا پڑھی پس جناب سرور عالم نے
آیت سجدہ کی قصداً پڑھی اور سجدہ کرکے یہی دعا پڑھی کذا فی المشکوۃ وشرح الفخر مَا وَضَعَ رَجُلٌ جَبْهَتَهُ
لِلّٰهِ سَاجِدًا فَقَالَ يَا رَبِّ اغْفِرْ لِي ثَلٰثًا إِلَّا رَفَعَ رَأْسَهُ وَقَدْ غُفِرَ لَهُ + مو مص ش
کسی آدمی نے پیشانی اپنی واسطے اللہ کی حال یہہ کہ سجدہ کرنیوالا ہے پس کہا اے رب میری بخش مجکو تین بار
مگر کہ اوٹھایا سر اپنا اوس حال مین کہ تحقیق بخشے گئے واسطے اوسکی گناہ اوسکی نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ
ف یعنی جو کوئی سجدے مین اس دعا کو تین بار پڑھے پہلے سر اوٹھانے کی گناہ اوسکی بخشے جاتے ہین اور علما کو سجدۂ
تلاوت مین اختلاف ہے امام اعظم اور صاحبین رحمہم اللہ کی نزدیک واجب ہے چودہ جگہین سننے والون پر اور پڑھنے والون
اور اوروں کی نزدیک سنت ہے اور اگر تسبیحات نماز کی سجدہ کی پڑھی تو کافی ہین مگر دعائیں کہ حضرت سے اس سجدہ مین ثابت
ہوئی ہین پڑھنی افضل ہین اور چودہ جگہہ سجدہ کی یہہ ہین آخر سورۂ اعراف مین اور سورۂ رعد مین اور نحل مین اور
بنی اسرائیل مین اور مریم مین اور پہلا سجدہ حج کا اور فرقان اور نمل اور الم تنزیل السجدہ اور ص اور حم سجدہ

اور نجم اور اذا السماء انشقت اور اقرا باسم ربک کا اسیطرح مصحف حضرت عثمان رضی میں لکہی ہیں اور امام

اور امام احمد کی نزدیک بہی چودہ ہین مگر فرق یہہ ہی کہ اونکی نزدیک بجای سجدہ ص کی دوسرا سجدہ

سورہ حج کا ہی ص مین اونکی نزدیک موکد نہین ہے اور امام مالک کی ہان گیارہ ہین سورہ نجم اور اذا

السماء انشقت اور اقرا مین اونکی نزدیک نہین کذا ذکر العمر و اذا جلس بین السجدتین یقول اللهم

اغفرلی وارحمنی وعافنی واهدنی وارزقنی د ت ق مس ق

ت وارفعنی مس ق اور یہہ بیچ دو سجدون کی

پڑہی یا اللہ بخش مجکو اور رحم کر مجہپر اور چین دی مجکو اور راہ دکہا مجکو اور رزق دی مجکو نقل کی ابو داود

ترمذی ابن ماجہ حاکم بیہقی نے اور بخشی کر مجکو نقل کیے یہہ ترمذی بیہقی نے اور برتبہ دی المنذر نقل کی

یہہ حاکم ابن ماجہ بیہقی نے یعنی ان کتاب والون نے یہہ الفاظ پہلی دعا مین زیادہ نقل کیے ہین د

فی الفجر مس مو مص اور دعای قنوت پڑہی فجر کی نماز مین نقل کیے یہہ بزار حاکم نے اور

موقوفا ابن ابی شیبہ نے ف دعای قنوت صبح کی نماز مین پڑہنا سنت موکدہ ہی مذہب شافعی مین اور

امام اعظم کی نزدیک بدعت ہی یہہ اپنی سند سے بہت حدیثین لائی ہین اور ان حدیثون کو محمول اسپر کیا

ہی کہ رعل اور ذکوان نی کہ قاریون کو شہید کیا تہا اونپر حضرت نے ایک مہینے تلک بد دعا کی قنوت میں

پہر منع کی گئی اور چہوڑ دی چنانچہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان اور حضرت علی بہی نہین پڑہتے

تہی کذا ذکر العمر و فی سائر الصلوات ان نزل نازلة اذا قال سمع الله لمن حمده فی الرکعة

الاخیرة مس من خلفه د اور قنوت پڑہی تمام نمازون مین اگر اوترے کوئی حادثہ

قوی یعنی لئی جب کہی امام سمع اللہ لمن حمدہ بیچ رکعت آخری کی اور آمین کہین وہ لوگ

کہ پیچہے ہین یعنی مقتدی نقل کیے یہہ احمد ابو داود نے و اذا جلس للتشہد التحیات للہ

والطیبات السلام علیک ایها النبی ورحمة الله وبرکاته السلام علینا وعلی عباد الله

الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ع سنی ہ اور جب

بیٹھی واسطی التحیات کی یہہ ہی سب عبادتین زبان کی اور عبادتین بدن کے اور عبادتین مال کی ثابت ہین واسطی خدا

سلام ہووی تمہرا ای نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر یعنی جو حاضرین مسلمان اور اوپر بندون

نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد

بندی اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین اور بیہقی نی **ف** مذہب حنفی کا

تشہد یہہ ہی جسمین روایت کی ہی ابن مسعود نی اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی یعنی خواہ حاضر ہون یا غائب

اور بندہ صالح وہ ہی کہ حق بندگی کا ویسا ادا کری جیسی حکم کیا گیا ہی ساتھہ اسکی اور استقامت کری کہ کسی طرح

خلل اور فساد ظاہر اور باطن اوسکے مین راہ نپاوی اور حضرت غوث الثقلین رضی نی لکہا ہی کہ صلاح ایک

حالت ہی کہ زوال اور فنا ارادہ اپنی کا سوا اور قائم ہو مراد حق پر کذا ذکر الفخر اَلتَّحِیَّاتُ الْمُبَارَکَاتُ

اَلصَّلَوَاتُ الطَّیِّبَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا

وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ م ع ه

حب یہہ عبادتین زبان کی بابرکت اور عبادتین بدن کے اور عبادتین مالی واسطی خدا کی ہین سلام ہووے

تمہرا ای نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی سلام ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ

نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ کی ہین نقل کیے یہہ مسلم اور چارون نے

اور ابن حبان نے **ف** مختار اکثر شافعیہ کی یہی تشہد ہی اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ

عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ

[illegible] اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ م د س

[illegible] زبانی اور عبادتین مالی اور عبادتین بدنی واسطی خدا کی ہین سلام ہووے تمہرا ای نبی اور رحمت اللہ کی

اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود

مگر اللہ اکیلا ہی وہ نہین کوئی شریک اوسکا اور تحقیق محمد بندے اوسکے ہین اور رسول اوسکے نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی
ابن ماجہ نے التحیات الطیبات والصلوات والملک للہ ت عبادتین زبانی اور مالی
اور عبادتین بدنی اور بادشاہت واسطے خدا کی ہی نقل کی یہہ ابو داؤد نے بسم اللہ وباللہ التحیات
للہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام
علینا وعلی عباد اللہ الصالحین اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ
مس ت شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ کی اور ساتھ توفیق اللہ کی عبادتین زبانی
واسطے خدا کی ہین اور عبادتین بدنی اور عبادتین مالی ہی سلام ہووے تجھ پر اے نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکے
سلام ہی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون
مین یہہ کہ محمد بندے اوسکے ہین اور رسول اوسکے نقل کی یہہ نسائی ابن ماجہ حاکم نے ف بیچ اذکار نووی کے ہے کہ نسائی
اور بخاری نے کہا ہے کہ زیادتی بسم اللہ کی اول تشہد مین صحیح نہین ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کسی محدث نے
تشہد اختیار نہین کیا ہے کذا ذکرہ الفخر التحیات للہ الزاکیات للہ الطیبات الصلوات للہ
السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین
اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ مو مس ط عبادتین زبانی
خدا کی لئے ہین اور عبادتین مالی خدا کی لئے ہین اور عبادتین مالی خدا کی لئے ہین اور عبادتین بدنی خدا کی لئے ہین سلام ہووے
تمپر اے نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر اور اوپر نیک بندون خدا کی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود
مگر خدا اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد بندے خدا کے ہین اور رسول اوسکے نقل کی یہہ موقوفا حاکم اور موطا نے ف تشہد
امام مالک نے اختیار کی ہے اور مراد پہلی عبادت مالی سے شاید وہ ہو کہ پاک ہو ریا سے اور دوسری سے حلال واللہ اعلم
وباللہ خیر الاسماء التحیات الطیبات الصلوات للہ اشہد ان لا الہ الا اللہ
وحدہ لا شریک لہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ ارسلہ بالحق بشیرا ونذیرا وان الساعۃ

لا ريب فيها السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَاهْدِنِيْ + طلس + شروع کرتا ہون مین ساتہہ نام خدا کی اور ساتہہ توفیق خدا کی کہ بہترین نامونکا

ہی عبادتین زبان کے اور عبادتین مال کے اور عبادتین بدن کے واسطی خدا کی ہین گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر

خدا تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد بندی خدا کی ہین اور رسول اوسکی بہیجا

اونکو ساتہہ دین حق کی حال یہہ کہ وہ خوشخبری دینی والی ہین یعنی مومنون کو ساتہہ بہشت کے اور ڈرانی والی

ہین یعنی کافرون کو ساتہہ دوزخ کی اور گواہی دیتا ہون کہ تحقیق قیامت آنی والی ہی نہین شک اوسمین سلام

ہووی تمہاری نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی سلام ہووی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی یا اللہ بخش مجکو

اور راہ دکہا مجکو نقل کی ہی طبرانی نی کبیر مین اور اوسط مین ف اس لئی کہ اس زمانی کی متعصبون کی مزاج

مین اوٹہانی اونگلی کی بیچ التحیات مین انحراف واقع ہوا ہی بلکہ انہون نی منع ہی عدم جواز اور حرمت کا دیا ہی

ضرور ہی کہ بہائی مسلمانونکی خیرخواہی کی لئی کتنی ایک روایتین حدیث اور فقہ کی کہ اسکی سنت ہونی مین واقع ہو

ئی بیان ہووین تا راہ راست پر مستقیم ہووین شیخ مجد الدین فیروزآبادی قاموس کی مصنف نی کہ سردار

محدثین کی ہین سفر السعادت مین کہ اوسمین عبادتین اور عادتین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کہ حدیثون صحیح

سی ثابت ہوئی ہین قطع نظر مذاہب فقہا سی کرکی لکہین ہین لکہا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم التحیات مین بیٹہتی

دایان ہاتہہ داہنی ران پر رکہتی اور بطور گنتی ترپن کی بیچ اونگلیان بند کرتی اور اونگلی شہادت کو کلمہ

شہادت مین اوٹہاتی اور حرکت دیتی شارح اس کتاب کی یعنی حضرت شیخ عبد الحق یہہ فرماتی ہین کہ عقد انگشتان

داہنی ہاتہہ کیکا کیفیت مذکورہ پر اور اشارہ ساتہہ اونگلی شہادت کی حدیثون صحیح مین واقع ہوا ہی

بہت ... ہی اس باب مین حدیثین وارد ہوئی ہین اور یہی ... مذہب ائمہ حدیث کا اور فقہای مجتہدین کا

... صحابیون اور تابعیون کا اور حق یہہ ہی کہ مذہب ا... ... حسین کا یہی ہی اور

... فی تصحیح کی ہی ساتہہ اسکی مگر متاخرین مین ایک ذرہ خلاف واقع ہوا ہی تمام ہوا کلام شیخ

اور امام محمد نے موطا اور کتاب مشیخت میں صریح بیان کیا ہے اشارہ سبحہ کا اور حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت
کی ہے کہ کرتے تھے حضرت اشارہ بعد اوسکے کہا کہ جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے ہم بھی کرتے ہیں اور یہی ہے قول ابو حنیفہ کا
اور قول ہمارا اور اسیطرح صغناقی شارح ہدایہ نے اور نہایہ میں مبسوط سے شیخ الاسلام نے بھی اسیطرح نقل کیا ہے اور
شیخ ابو المکارم نے شرح مختصر وقایہ میں مضمرات سے نقل کیا ہے کہ یہہ سنت ہے موجب قول امام اعظم اور امام محمد
رحمہما اللہ کے اور علامہ نجم الدین زاہدی نے نقل کیا ہے کہ متفق ہیں روایتیں تینوں اماموں کی کہ یہہ سنت ہے اور
اسیطرح بہت مدینہ والے اور کوفہ والے اسکے عقیدہ پر ہیں اور معدن شرح کنز میں مجتبی سے لکھا ہے کہ سنن نماز سے ہے اوٹھانا
سبابہ داہنے ہاتھہ کیکا التحیات میں نزدیک ابو حنیفہ اور محمد اور شافعی رحمہم اللہ کے اور روایت کیا گیا ہے ابو یوسف
اور مالک اور احمد بن حنبل وغیرہم سے اور فتویٰ اسی پر ہے کذا فی الدر اور بعضی شروح نقایہ میں مذکور ہے کہ
جمیع اصحاب ہمارے سے روایت کی گئی ہے کہ اوٹھانا سبابہ کا سنت ہے اور تحفہ میں لکھا ہے مستحب ہے وہو الاصح اور
بہت سی روایتیں آئی ہیں اختصار کے لئے اسی پر کفایت کیا ورنہ اگر سمت ایک حرف بس ہے بس ضرور ہوا
عمل کرنا اسپر اللہ تعالی ہم سبکو اتباع رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی توفیق دے اور فعل رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کو خلاف وقار کے کہنا کمال نادانی ہے اسلئے کہ بحسب اس قول کے رکوع سجود میں بھی خلاف وقار وسکون کا لازم
آتا ہے عین ادب اور سکون محض اتباع سرور عالم میں ہے کمال نفسانیت ہے کہ اتنی روایتوں پر کہ قریب تواتر کے ہیں عمل نکرنا اور
دلیل عقلی کو اسکے مقابلے میں لاکر اپنے سخن پروری کے لئے ایسی سنت کو ترک کرنا کہ جسکے حق میں وارد ہوا ہے کہ اوٹھانا ہے شیطان پر
دشوار تر ہے لوہے سے یعنی نیزہ وغیرہ مارنے سے کذا ذکرہ القہستانی وکیفیۃ الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اللھم صل علی محمد وعلی آل
محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید * اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم وعلی
آل ابراہیم انک حمید مجید * ع * اور طریق درود بھیجنے کا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہی ہے یا اللہ رحمت
خاص بھیج حضرت محمد پر اور اوپر تابعداروں حضرت محمد کے جیسی کہ رحمت بھیجی تو نے اوپر ابراہیم کے
ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگی ہے یا اللہ برکت اتار اوپر محمد کے اور اوپر تابعدار

برکت اوتاری تو نی اوپر ابراہیم کی اور اوپر تابعدارون ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی یعنی دروہیج
موافق کمال اور بزرگی اپنی کی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین **ف** صلوۃ اصل مین بمعنی استغفار اور دعا
اور رحمت اور درود بہیجنی کی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر ہی اور بعضون نی کہا ہی کہ صلوۃ اللہ تعالی کی طرف سی
بمعنی رحمت کی ہی اور بندون کی طرف سی مانگنا رحمت دنیا اور آخرت کا ہی جناب حق سبحانہ سی اور حبیب اوسکی
صلی اللہ علیہ وسلم اور معنی اللہم صل علی محمد کی یہہ ہین کہ ای اللہ تعظیم کر اونکی دنیا مین بسبب بلند کرنی ذکر
اونکی کے اور ظاہر کرنی دین اونکی کی اور باقی رکہنی شریعت اونکی کی اور آخرت مین بسبب بہت ثواب دینی
اور شفاعت کرنی امت کی اور [illegible] دینی اونکی مقام محمود اور مختار نزدیک جمہور علما محققین کی یہہ ہی کہ صلوۃ
اور سلام خاص شعار انبیا علیہم الصلوۃ والسلام کا ہی غیر کی لئی درست نہین مگر انکی ساتھہ درست ہی
جیسی کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ درست نہین اور اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ درست
ہی اور صحاح مین لکہا ہی کہ لغت مین آل سی مراد اہل اور عیال اور تابعدار ہوتی ہین اور ظاہر یہہ ہی کہ مراد حدیث مین
[illegible] تابعدار ہون اور بعضون نی تفسیر کیا ہی اوسکو ساتھہ اہلبیت کی اور اہلبیت آنحضرت کی بنی ہاشم مین جن پر صدقہ
[illegible] نی لکہا ہی کہ اولی یہہ ہی کہ اہلبیت آنحضرت کی اولاد اور ازواج ہین صلی اللہ علیہ وسلم اور برکت
اوتار یعنی زیادہ کر خیر اور نعمت اپنی برکت کی معنی زیادتی کی ہین اور بعضون نی ہمیشگی اور لزوم کی لکہی ہین اور اس
درود کی پہلی لانی مین اشارہ ہی اسپر کہ یہہ صحیح ترین کیفیت صلوۃ کا ہی پس لائق یہہ ہی کہ طالب فضیلت کا اسپر مداومت
کر کر حاصل کرنا انوار اور اسرار اوسکا کری کذا ذکر الفخر اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ خ م س یا اللہ رحمت خاص بہیج اوپر محمد کی اور [illegible] تابعدارون محمد کی جیسی کہ رحمت بہیجی
[illegible] تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی یا اللہ برکت اوتار اوپر محمد کی اور [illegible] محمد کی جیسی کہ برکت
[illegible] ابراہیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم نسائی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

محمدٍ کما صلیت علی ابراهیم انک حمید مجید اللهم بارک علی محمد و آل محمد کما بارکت علی ابراهیم انک
حمید مجید کہ خ س یعنی یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر اور تابعداروں محمد کی پر جیسی کہ رحمت بھیجی تونی ابراہیم
پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی یا اللہ برکت اوتار حضرت محمد پر اور تابعداروں محمد کی پر جیسی کہ برکت اوتاری تونی ابراہیم پر تحقیق
تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی یہہ بخاری نسائی نی ف آل ابراہیم مین لفظ آل کا زائد ہی مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہین یا آل ابراہیم
کہ مراد ذات اونکی اور تابعدار اونکی ہین جیسی کہ آیت ونجیناکم من آل فرعون واغرقنا آل فرعون مین صفات فرعون کی اور تابعدار
اوسکی مراد ہین کذا ذکر الفجر اللهم صل علی محمد و علی ازواجه و ذریته کما صلیت علی آل ابراهیم و بارک
علی محمد و علی ازواجه و ذریته کما بارکت علی آل ابراهیم خ م د س ق حب انک حمید
مجید کہ یعنی یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد کی اور اوپر بیبیون اونکی کے اور اولاد اونکی کے جیسی کہ رحمت
بھیجی تونی اوپر ابراہیم کی اور برکت اوتار اوپر محمد کی اور اوپر بیبیوں اونکی کی اور اولاد اونکی کی جیسی کہ برکت
اوتاری تونی ابراہیم پر نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی ابن ماجہ ابن حبان نے اور ایک روایت
مسلم کی مین انک حمید مجید ہی زیادہ آیا ہی اللهم صل علی محمد عبدک و رسولک کما صلیت علی
آل ابراهیم و بارک علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی آل ابراهیم خ س ق
یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر کہ بندی تیری ہین اور رسول تیری جیسی کہ رحمت بھیجی تونی ابراہیم پر اور برکت
اوتار محمد پر اور تابعداروں محمد کی پر جیسی کی برکت اوتاری تونی ابراہیم پر نقل کی یہہ بخاری نسائی ابن
ماجہ نی اللهم صل علی محمد کما صلیت علی ابراهیم و بارک علی محمد و آل محمد کما بارکت علی ابراهیم
و آل ابراهیم خ یعنی یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر جیسی کہ رحمت بھیجی تونی حضرت ابراہیم پر اور
برکت اوتار محمد پر اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ برکت اوتاری تونی ابراہیم اور تابعداروں ابراہیم کی پر
نقل کی یہہ بخاری نی اللهم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی آل ابراهیم و بارک
و علی آل محمد کما بارکت علی آل ابراهیم فی العالمین انک حمید مجید م د ت [illegible]

یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ رحمت بھیجی تو نے ابراھیم پر اور برکت
اوتار اوپر محمد کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ برکت اوتاری تو نے ابراھیم پر کہ پیغمبر ہیں بیچ عالموں کے
تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی یہہ مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی نے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ * د س * یا اللہ رحمت خاص بھیج محمد پر کہ نبی اُمّی ہیں اور اوپر تابعداروں محمد کی نقل کی یہہ
ابوداؤد نسائی نے اور ایک روایت میں یہہ بھی ہے اسمیں زیادہ آیا ہے كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ
عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ * س * جیسے کہ رحمت بھیجی تو نے ابراھیم پر
اور برکت اوتار اوپر محمد نبی اُمّی کے جیسے کہ برکت اوتاری تو نے ابراھیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی یہہ
نسائی نے **ف** اُمّی اوسکو کہتے ہیں جو لکھہ پڑھہ نجانے یہہ لقب خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے کہ مذکور
ہوا توریت و انجیل میں اور تمام کتابوں اللہ تعالی کی میں اور یہہ فضیلت ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی
بغیر سیکھے علم اولین و آخرین کی یاد تھی کذا ذکرالفخر اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ * مس * یا اللہ رحمت خاص بھیج محمد پر اور برکت اوتار
محمد پر اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ رحمت بھیجی تو نے اور برکت اوتاری تو نے ابراھیم پر تحقیق تو تعریف
کیا گیا بزرگ ہی نقل کی یہہ بزار نے اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰى جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ
اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا عَلَيْكَ فِيْ صَلٰوتِنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ قَالَ فَصَمَتَ حَتّٰى اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ يَسْئَلْهُ
ثُمَّ قَالَ اِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَيَّ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰى [illegible] وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ [illegible] كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
[illegible] حب مس * آیا ایک آدمی [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] صحابہ نزدیک حضرت کے تھے پس عرض کیا اوسنے ای رسول [illegible] پر ہم بیچ پہچانا ہم نے

اوسکو یعنی کیفیت اور الفاظ اوسکی بسبب تعلیم تمہاری کے التحیات مین پس کیونکر درود بہیجین ہم تمپر جب ہم درود بہیجنا

یعنی ارادہ درود بہیجنیکا کرین بیچ نماز اپنی کے رحمت خدا کی ہووے تمپر کہا ابو سعید انصاری راوی نے پس چپکے رہے

حضرت یعنی بسبب انتظار وحی کی یہانتلک کہ دوست رکہا ہمنے کہ کاشکی یہہ آدمی نہ پوچہتا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

سے پہر فرمایا حضرت نے جب درود بہیجو تم مجہپر یعنی نماز مین یا غیر نماز مین پس کہو یا اللہ رحمت خاص بہیج اوپر محمد نبی

ان پڑہہ کی اور اوپر تابعدارون محمد کی جیسا کہ رحمت بہیجی تونے اوپر ابراہیم کی اور اوپر تابعدارون ابراہیم کی

اور برکت اوتار اوپر محمد نبی ان پڑہہ کی اور اوپر تابعدارون محمد کی جیسا کہ برکت بہیجی تونے ابراہیم پر اور اوپر تابعدارون

ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے نقل کی یہہ ابن حبان حاکم احمد نے [illegible] کیونکر درود بہیجین ہم

کلام اللہ مین اللہ تعالی نے جو فرمایا ہے یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا یعنی اے ایمان والو درود

بہیجو محمد پر اور سلام بہیجو سلام بہیجنا اسپر عمل کرنا ضرور ہے پس سلام تو معلوم کیا ہمنے کہ التحیات مین آپ نے کہا یا

یعنی السلام علیک ایہا النبی اور درود کیونکر بہیجین ہم سکہائیے اوسکو کہ حکم کیے گئے ہین ہم ساتھہ اوسکی یہانتلک

کہ دوست رکہا ہمنے یعنی اسلیے کہ ڈرے ہم کہ شاید سوال اس شخص کا حضرت کو ناخوش آیا کہ سکوت کیا کذا ذکرہ الطیبی

مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یُّکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفٰی اِذَا صَلّٰی عَلَیْنَا اَہْلَ الْبَیْتِ فَلْیَقُلْ اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی

مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّہَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَہْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ • د • جسکو خوش آوے یہہ کہ ماپے ثواب کو ساتہہ پیمانے پورے کے یعنی جسکو بہت سا ثواب

لینا منظور ہو جب کہ درود بہیجے ہمپر اہل بیت نبوت کی پس چاہیے کہ پڑہے یہہ درود یا اللہ رحمت خاص بہیج اوپر محمد نبی کے

اور اوپر بیبیون اونکی کی کہ مائین ہین ایمان والون کی اور اوپر اولاد اونکی کی اور اوپر اہل بیت اونکی کی جیسی رحمت کہ

بہیجی تونے اوپر ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے نقل کیے یہہ ابو داود نے ف مائین ہین

بزرگی اور عزت کرنی لازم ہے اور نکاح اونسے حرام ہے ویسی ہی اونکی توقیر اور عزت کرنی لازم ہے

کرنا حرام تہا اور اوپر اہل بیت اونکی کی یہہ خاص ہے بعد عام کے کہدیا کہ غلام لونڈی تک اسمین داخل ہو

[illegible] الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِيْ

[illegible] جو کوئی درود بھیجی اور کہی بعد درود کی یا اللہ اوتار اونکو اوس مقام مین کہ نزدیک

کیا جاوی نزدیک تیری یعنی مقام محمود مین دن قیامت کی واجب ہووی اوسکی لیے شفاعت میری نقل کیا ہے

بزار نی اور طبرانی نی کبیر اور اوسط مین ثُمَّ لِيَتَخَيَّرْ مِنَ الدُّعَاءِ اَعْجَبَهُ اِلَيْهِ فَيَدْعُوْ خ م پہر چاہیے کہ

اختیار کری دعا سی جسکو پسندیدہ تر ہو طرف اوسکی پس دعا کری نقل کیے بخاری نی ف یعنی قعدہ نماز مین بعد

درود کی جو دعا اچھی معلوم ہووی پڑہی مگر مشابہ کلام لوگون کی نہ ہو یعنی ایسی دعا نہو کہ ایک آدمی دوسری سی مانگ

لیا کرتا ہی جیسی کہ کہی اللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ مَالًا وَّخَيْرًا یعنی یا اللہ دی مجکو مال یا روٹی اس سبب نماز فاسد ہوتی ہی امام اعظم صاحب

کی مذہب مین اور اولی یہہ ہی کہ وہ دعا پڑہی جو حضرت سی نقل کی گئی ہی کذا ذکرہ الفقہ وَلْيَسْتَعِذْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ

بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

م عه حب اور چاہیے کہ پناہ مانگی اسطرح یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری عذاب دوزخ کیسی

اور عذاب قبر کی سی اور فتنہ زندگانی کیسی اور فتنہ موت کیسی اور برائی فتنہ کانی دجال کیسی نقل کیے مسلم اور جارود نی

[illegible] اور ابن حبان نی ف فتنہ زندگانی کا پہرنا ہی راہ حق سی اور نہونا صبر کا اور راضی برضا نہونا اور آفتون دنیا مین

گرفتار ہونا اور سب سی بڑا فتنہ خاتمہ بخیر نہونا ہی اور فتنہ موت کا وسوسہ شیطان کا وقت مرنیکی ہی اور عذاب

قبر اور سوال منکر نکیر کا اور دہشت عذاب کی چیزون سی اور دجال بعضی جزائر شام مین زنجیرون سی بندہا ہوا ہی قریب

قیامت کی نکلیگا دعوی خدائی کا کریگا اور بہتون کا ایمان لیگا بڑا فتنہ ہی مسلمانون مین پڑیگا قصہ اوسکا بڑا ہی

آخر کو حضرت عیسی علیہ السلام مار ڈالینگی نعوذ باللہ منہ کذا ذکرہ الفقہ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ

بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ

[illegible] خ م د س یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون [illegible] پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری

[illegible] دجال کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری فتنہ زندگانی اور موت کیسی [illegible] پناہ مانگتا ہون

ساتھہ تیری گناہ سی اور قرض سی نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نی ف قرض سی کہ خلاف
رضامندی اللہ تعالی کی ہین ہووی جیسی ناچ رنگ اور خلاف شرع کی چیزون کی لئی قرض کرتی ہین یا اوس
قرض سی پناہ ہی کہ طاقت اوسکی ادا کی نہ رکھی اور جو قرض ضرورت کی لئی کیا ہی اور ادا کی طاقت رکھتا ہی تو اوس سے پناہ نہین
اوس سی پناہ مانگنی مراد ہی کذا ذکرہ الفخر اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ
وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۔ م د ت
س ت یعنی یا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ پہلی کئی ہین مینی اور وہ کہ پیچھی کئی ہین مینی اور وہ کہ پوشیدہ کئی مینی اور وہ کہ
ظاہر کئی مینی اور جو کچھہ کہ فضول خرچی کی مینی اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننی والا ہی اوسکو مجھسی تو ہی آگی کرنی والا یعنی
جسکو چاہی ساتھہ توفیق اور مدد اور قرب درگاہ کی اور تو ہی پیچھی ڈالنی والا یعنی جسکو چاہی لطف اپنی سی نہین کوئی
معبود مگر تو نقل کیے یہہ مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی نی ف پہلی پیچھی کے گناہ یعنی پیچھی آئی یا پہلی سی وہ مراد ہین کہ
واقع نہین ہوئی جب واقع ہوون تو بخش کذا ذکرہ الفخر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ
الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۔ خ م
ت س ق یعنی یا اللہ تحقیق مینی ظلم کیا جان اپنی پر ظلم کرنا بہت اور نہین بخشتا گناہون کو کوئی سوا تیری پس بخش
مجکو بخشنا خاص نزدیک اپنی سی یعنی محض اپنی رحمت سی بخشدی بغیر مداخلت کسی چیز کی اور رحم کر مجھپر تحقیق تو بخشنی والا
مہربان ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی ف کہا نووی نی کہ بعضی روایت مسلم کی مین کبیرا بھی
آیا ہی پس اولی یہہ ہی کہ دعا کرنی والا دونو کو جمع کرلی یعنی ظلما کثیرا کبیرا کہی اور ملا علی قاری نے کہا ہی کہ ظاہر یہہ ہی
کہ کبھی کبیرا کہی یا سی اور کبھی کثیرا یا سی کذا ذکرہ الفخر حضرت ابوبکر نی عرض کی یا رسول اللہ سکھاؤ مجھکو ایک دعا کہ
پڑھون مین نماز اپنی مین پس حضرت نی یہی دعا اللھم انی ظلمت نفسی آخر تک سکھائی کذا فی المشکوۃ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
یَا اَللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ
الرَّحِیْمُ ۔ د س مس یعنی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسی ای خدای یگانہ بی نیاز وہ جو نہین جنا اور نہ جنا گیا اور نہین ہی

اوسکی اُن ہی سے یہہ کہ بخشی تو میری لیی گناہ میری تحقیق تو بخشنی والا مہربان ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد و نسائی و حاکم
نی اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَاباً یَّسِیْراً ✽ مس ✽ یا اللہ حساب کر مجھسی حساب آسان یعنی قیامت کو نقل کی
یہہ حاکم نی ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ حساب آسان یہہ ہی کہ نامۂ اعمال بندی کو دکھاوینگی تا دیکھ لی عمل اپنی
پہر درگذر کریگا اللہ تعالی اور مطالبہ نکریگا کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَاَعُوْذُبِکَ
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ ✽
م ✽ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری عذاب دوزخ کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری عذاب قبر کیسی
اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری فتنہ کانی دجال کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری فتنہ زندگانی او مرنی کیسی نقل کی
یہہ مسلم نی وابن النقل اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَکَ بِہٖ عِبَادُکَ
الصَّالِحُوْنَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا
تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ✽ مو مص ✽ اور چاہئی کہ کہی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجھسی تمام بہلائیان جو کچہہ کہ جانتا ہون مین اونسی اور جو کچہہ کہ نہین جانتا ہون مین یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجھسی بہلائی اوس چیز کی کہ مانگا تجھسی اوسکو بندون نیکبخت تیری نی یعنی انبیا اولیا نی اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ
تیری برائی اوس چیز کیسی کہ پناہ پکڑی اوس سی اچھی بندون تیری نی ای پروردگار ہمارے دی ہمکو دنیا مین بہلائی
اور آخرت مین بہلائی اور بچا ہمکو عذاب آگ کیسی ای رب ہمارے تحقیق ہم ایمان لائی پس بخش واسطی ہمارے گناہ
ہمارے اور بچا ہمکو عذاب آگ کیسی ای رب ہمارے اور دی ہمکو وہ چیز کہ وعدہ کیا ہی تو نی ہمسی اوپر زبان پیغمبرون
اپنی کی اور نہ رسوا کر ہمکو دن قیامت کی تحقیق تو نہین خلاف کرتا ہی وعدیکو نقل کی یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ نی
اور مصنف نی ف بہلائی دنیا کی توفیق ہی طاعت اور عبادت کی او استقامت اوپر
اوس کی او صحت او عافیت اور بہلائی آخرت کی ثواب او خوشنودی اللہ تعالی کی اور تخفیف حساب کی اور دخول جنت کا

اور دیدار خدا یا ربتعالی کا اس آیت کی تفسیر میں تین سو قول ہیں علما کی اختصار کی لئی اسپر کفایت کیا اور بچا عذاب آگ
کیسی یعنی گناہونکی کی سبب داخل ہونی دوزخ کی ہیں یہہ دعا یعنی یہ جامع ہی سب مطالب دین و دنیا کو اکثر اوقات
دعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی آیت تھی اور حضرت انس رضی سے منقول ہے کہ کسی نی اونسی طلب دعا کی یہی آیت پڑھ
پھر طلب کی یہی آیت پڑھی پھر مبالغہ کیا لوگون نی طلب دعا میں کہا اونہون نی اور کیا چاہتی ہو بھلائی دنیا اور
آخرت کی تو مانگ چکا اور خوار نکریگا یعنی بموجب آیت کریمہ کی یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ یعنی اوسدن کہ نہ
خوار کریگا اللہ تعالی نبی کو اور اون لوگون کو کہ ایمان لائی ساتھ اوسکی کذا ذکرہ المظہر سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ
اَنْ یَّقُوْلَ الرَّجُلُ اِذَا جَلَسَ فِیْ صَلٰوتِہٖ اَللّٰہُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ
وَاَنَا عَلٰی عَہْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ
وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ یہہ سردار استغفار کا یہہ ہی کہ کہی آدمی
جسوقت کہ بیٹھی نماز اپنی میں یعنی بعد التحیات درود کی یا اللہ تو پروردگار میرا ہی نہین کوئی معبود سوای تیری پیدا کیا تو نی
مجکو اور مین بندہ تیرا ہون اور مین اوپر عہد تیری کی ہون اور وعدی تیری کی ہون بقدر طاقت اپنی کی پناہ پکڑتا ہون مین
ساتھ تیری برائی کرتوت اپنی کی سی اقرار کرتا ہون مین ساتھ نعمت تیری کی کہ مجہپر ہی اور اقرار کرتا ہون ساتھ گناہ اپنی کی
پس بخش مجکو تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو نقل کی یہہ بزار نی ف تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہتی
بیچ قعدہ نماز میں اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَۃَ عَلَی الرُّشْدِ وَاَسْئَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ
وَاَسْئَلُکَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَّلِسَانًا صَادِقًا وَّاَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا تَعْلَمُ کذا فی المشکوۃ
یعنی یا اللہ مانگتا ہون مین تجھسی ثابت رہنا امر دین میں اور قصد بھلائی پر اور مانگتا ہون مین تجھسی شکر نعمت تیری کا
اور خوبی عبادت تیری کی اور مانگتا ہون تجھسی دل سالم یعنی پاک عقائد باطلہ اور خواہشون نفسانی سی اور زبان سچی
اور مانگتا ہون تجھسی بھلائی ہر چیز کی کہ جانتا ہی تو اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری برائی اوس چیز کی سی کہ جانتا ہی تو
اور بخشش چاہتا ہون تجھسی واسطی اوس چیز کی کہ جانتا ہی تو وَاِذَا سَلَّمَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ

وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ * خ م د س ر ط ی * اور جب سلام پھیرے

پڑھے نہیں کوئی معبود مگر اللہ کہ ایک ہے وہ نہیں کوئی شریک اوسکا اوسیکے لیے بادشاہت ہے اور اوسیکے لیے

تعریف ہے جلاتا ہے اور مارتا ہے بیچ ہاتھ اوسکی کی بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے یا اللہ نہیں ہے کوئی روکنے والا

اوس چیز کو کہ دیتی تو نے اور نہیں کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ روکی تو نے اور نہیں فائدہ دیتی ہے دولتمند کو عذاب

سے دولتمندی نقل کیے بخاری مسلم ابو داؤد نسائی بزار طبرانی ابن سنی نے ف بزار اور طبرانی کی روایت

مین جملہ یحیی ویمیت کا زائد ہے اور ابن سنی کی روایت مین یہہ بھی ہے اور بیدہ الخیر بھی ہے رموز انکی اوپر لکھنی چاہیے

اور ایک روایت مین بغیر لا مانع آخر تک کی فقط یونہی آیا ہے اٰنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ تُكَرِّرُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ * خ س * یا پڑھے لا اله الا الله وحده لا شریک

له الملک وله الحمد وهو علی کل شیء قدیر تین بار نقل کیے یہہ بخاری نسائی نے اور مَرَّةً وَتُبَاهِي ۃ لَا حَوْلَ وَ

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُونَ * م د س مص * یا ایکبار ہی کلمہ پڑھے

اور بعد اوسکے پڑھے نہیں ہے پھرنا گناہون سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھہ مدد اللہ کی نہیں کوئی معبود مگر اللہ

اور نہیں عبادت کرتے ہین ہم مگر اوسیکو اوسیکے لیے انعام ہے یعنی انعام واحسان اوسیکی درگاہ سے ہے اور اوسیکے

لیے ہے فضل یعنی زیادتی احسان کے نعمت دینی مین اوسی کو لائق ہے اور اوسیکے لیے ہے تعریف اچھی کہتے ہین ہم نہین

کوئی معبود مگر اللہ در حالیکہ خالص کرنے والے ہین ہم واسطے اوسکے دین کو یعنی طاعت اپنی کو شرک و ریا سے اور

اگرچہ برا مانیں کافر یعنی اخلاص کے کہنے کو نقل کیے یہہ مسلم ابو داؤد نسائی ابن ابی شیبہ نے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ثَلٰثَ

مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ * م عه ط

یعنی مغفرت مانگتا ہون تین بار پڑھے اور پھر کہے یا اللہ تو سالم ہے سب عیبون سے اور تجھہ سے سلامتی ہے یعنی سب آفتون او

تلیا غفلت ظاہری باطنی کیسی بہت برکت والا ہی تو اوچہا صاحب بزرگی اور بخشش کے نقل کی یہہ مسلم اور ابوداؤد نی اور طبرانی اور ابن سنی نی **ف** یعنی حدیث مین آیا ہی کہ تین بار پڑہتی تہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اور یا ذا الجلال مین لفظ یا کا مسلم اور طبرانی اور ابن سنی کی روایت مین آیا ہی اور ونکی روایت مین نہین آ اور یہہ جو بعضی شخص جو الیک یرجع السلام وحینا ربنا بالسلام وادخلنا ربنا دار السلام زیادہ پڑہتی ہین کچہہ اصل صحیح نہین پائی جاتی ہی کذا فی ذکر العسلی والفجر

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لِيَكُوْنَ مِنْهُنَّ كُلِّهِنَّ ثَلَاثًا وَثَلٰثِيْنَ مَرَّةً **ح** بعد سلام پڑہی سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر تو کہ ہوں ان کلمات سی تمام اونکی تینتیس بار نقل کے یہہ بخاری مسلم نسائی نی **ف** یعنی پڑہی ان تینون تسبیحات کو کہ سب تینتیس دفعہ ہو وین ظاہر یہہ ہی کہ تینون کو اکہٹا تینتیس بار پڑہی کہ ہر ایک تینتیس تینتیس بار ہو وینگی جیسی کہ اور تمام روایتون مین علحدہ علحدہ پڑہنا منقول ہی اور یہی افضل ہی اور عمل مشائخ کا بہی اسی پر ہی یا ہر ایک کو تینتیس تینتیس بار پڑہی اور احتمال رکہتا ہی کہ معنی یہہ ہون کہ ہر ایک کو گیارہ گیارہ بار پڑہی کہ سب مل کر تینتیس بار ہو وین کذا ذکر الفجر حدیث شریف مین آیا ہی کہ فقراء مہاجرین کی آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس اور عرض کیا کہ پہونچی مال والی بڑی درجون کو اور نعیم مقیم کو یعنی عیش جنت کو پس فرمایا حضرت نی کس سبب سی عرض کیا فقراء نی کہ وہ نماز پڑہتی ہین جیسی کہ ہم پڑہتی ہین اور روزی رکہتی ہین جیسی کہ روزی رکہتی ہین ہم اور خیرات کرتی ہین وہ اور ہم نہین کرتی پس فرمایا کہ کیا پس نہ سکہاؤن مین تمکو کچہہ کہ پاؤ تم بسبب اوسکی درجہ اونکا کہ سبقت کی ہی تمپر یعنی اسلام لائی ہین اور سبقت لیجاؤ اوسپر کہ بعد تمہاری ہین اور نہ ہوی کوئی افضل تمسی مگر وہ کہ کری مثل اوس چیز کی کہ کرو تم عرض کیا اونہون نی ہان یا رسول اللہ فرمایا کہ سبحان اللہ اور اللہ اکبر اور الحمد للہ پڑہی ہر نماز فرض کے تینتیس تینتیس بار پڑہو پس پہر آئی فقراء اور عرض کیا کہ ہماری بہائی مالدارون نی بہی سنا جو کچہہ پڑہتی تہی ہم پس اونہون نی بہی یون ہی کیا پس فرمایا حضرت نی کہ یہہ فضل اللہ کا ہی دیتا ہی جسکو چاہتا ہی کذا فی المشکوۃ اِحْدٰى عَشْرَةَ وَاِحْدٰى عَشْرَةَ

وَلِيُحْصِ عَشْرَةً فَتِلْكَ مِائَةٌ بدل ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ م ھ * اس روایت مین یون آیا ہی کہ پڑہی گیارہ بار
سبحان اللہ اور گیارہ بار الحمد للہ اور گیارہ بار اللہ اکبر یہہ سب تینتیس ہوئی نقل کیے یہہ مسلم نی اَوْ عَشْرًا
عَشْرًا عَشْرًا خ * یا دس بار سبحان اللہ پڑہی دس بار الحمد للہ دس بار اللہ اکبر نقل کیے یہہ بخاری نی مَنْ سَبَّحَ
اللّٰهَ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَحَمِدَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَكَبَّرَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ ثُمَّ قَالَ
تَمَامَ الْمِائَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
غُفِرَتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ م د س * جو کوئی سبحان اللہ پڑہی پیچہی ہر نماز فرض
تینتیس بار اور الحمد للہ تینتیس بار پڑہی اور اللہ اکبر تینتیس بار پہر کہی پورا کرنی سینکڑہی کی لئی لا الہ الا اللہ آخر
تک کہ معنی یہہ ہین نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی بادشاہت ہی اور
اوسیکی لئی تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی بخشی جاتی ہین گناہ اوسکی اور اگرچہ ہون مانند جہاگ دریا کی یعنی
بہت نقل کیے یہہ مسلم ابو داؤد نسائی نی مُعَقِّبَاتٌ لَا يَخِيْبُ قَائِلُهُنَّ اَوْ فَاعِلُهُنَّ دُبُرَ كُلِّ
صَلٰوةٍ مَكْتُوْبَةٍ ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَسْبِيْحَةً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَحْمِيْدَةً وَّاَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ
تَكْبِيْرَةً م ت س * کتنی کلمی پیچہی آنی والی یعنی نماز کی بعد پڑہی جاتی ہین نہین محروم ہوتا ہی پانیوالا
اچہی لیسی کہنی والا اونکا یا عمل کرنی والا اونکا پیچہی ہر نماز فرض کے کہ وہ معقبات تینتیس بار سبحان اللہ ہین
اور تینتیس بار الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر نقل کیے یہہ مسلم ترمذی نسائی نی مَنْ سَبَّحَ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ
مَكْتُوْبَةٍ مِائَةً وَّكَبَّرَ مِائَةً وَّهَلَّلَ مِائَةً وَّحَمِدَ مِائَةً غُفِرَ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَاِنْ
كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ س * جو کوئی سبحان اللہ پڑہی پیچہی ہر نماز فرض کے سو بار اور اللہ اکبر
سو بار اور لا الہ الا اللہ پڑہی سو بار اور الحمد للہ سو بار بخشی جاتی ہین اوسکی لئی گناہ اوسکی اور اگرچہ ہوون
گناہ بہت جہاگ دریا کیسی نقل کیے یہہ نسائی نی اَوْ مِنْ كُلٍّ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ س حب مس *
یا ہر ایک چارون تسبیح سی پڑہی پچیس پچیس بار نقل کی یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف یعنی ایک روایت مین

سے یون آیا ہی کہ پچیس بار سبحان اللہ پڑہی پچیس بار الحمد للہ پچیس بار لا الہ الا اللہ پچیس بار اللہ اکبر
ہوویں او من کل من التسبیح والتحمید ثلثا وثلثین والتکبیر اربعا وثلثین
لا الہ الا اللہ عشر مرات ت س یا ہر ایک سبحان اللہ اور الحمد للہ تینتیس تینتیس بار
اللہ اکبر چونتیس بار پڑہی اور لا الہ الا اللہ دس بار نقل کیے یہہ ترمذی نسائی نے او کذلک
ثلثا وثلثین س یا پڑہی اسیطرح اور تکبیر بہی تینتیس بار نقل کیے یہہ نسائی نے ف یعنی اس
روایت مین تسبیح اور تحمید اور تکبیر تینتیس تینتیس بار اور لا الہ الا اللہ دس بار پڑہنا آیا ہی او من کل من
التسبیح والتحمید والتکبیر مائۃ مائۃ مع لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لا
حول ولا قوۃ الا باللہ لو کانت خطایاہ مثل زبد البحر لمحتہا ا یا ہر ایک تسبیح
تحمید اور تکبیر سی سو سو بار پڑہی ساتہہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ کی اگر
ہوویں گناہ پڑہنی والی ان کلمات کی مانند جہاگ دریا کی البتہ مٹا دیں یہہ کلمی انکو نقل کیے یہہ احمد نے ف
مع لا الہ الا اللہ یعنی حال ہوئی ان کلمات معدودہ کی یعنی تین سو کی ہمراہ لا الہ الا اللہ آخر تک کی پس کلمہ ایک بار
ہوگا اور تسبیحات تین سو بار یا ہر سینکڑی کی ساتہہ کلمہ ملایا جاوی اس صورت مین کلمہ تین بار ہوگا ذ کر
الفجر و آیۃ الکرسی دبر کل صلوۃ مکتوبۃ لم یمنعہ من دخول الجنۃ الا ان یموت س
حبی کان فی ذمۃ اللہ الی الصلوۃ الاخری ط اور جو کوئی پڑہی آیت الکرسی پیچہی ہر نماز
فرض کی نہین منع کرتی ہی اسکو داخل ہونی بہشت کی سی کوئی چیز مگر موت نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان نے
ابن سنی نے اور ایک روایت مین بدلی لم یمنعہ آخر تک کی یون آیا ہی کہ ہووےگا بیچ امان اور حفاظت خدا کی نماز دوسری
تلک نقل کیے یہہ طبرانی نی ف نہین منع کرتی ہی اسکو مگر موت یعنی جب وہ شخص مرا اور موت درمیان مین سے
اوٹہہ گئی فی الحال بہشت مین داخل ہوگا کہ قبر اسکی باغ ہی باغون جنت سی یا معنی یہہ ہین کہ اگر موت درمیان مین
نہوتی فی الحال داخل ہوتا ازبسکہ موت حائل ہی بعد موت کی داخل ہوگا کذا ذکرہ الجزری لمقرا المعوذۃ

ابوداود مسلم ترمذی ابن حبان نی اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ حرز
حصین مس ی یا اللہ مدد کر میری اوپر ذکر اپنے کے یعنی ذکر تیرا بہت کیا کروں اور اوپر شکر اپنے کے
اور خوبی عبادت اپنی کے نقل کیے یہ ابوداؤد ونسائی ابن حبان حاکم ابن سنی نی ف حسن عبادت
مراد ہی اس سی کہ احکام ارکان عبادت کی پوری ادا ہوں اور خضوع وخشوع حاصل ہو معاذ نقل کرتی ہیں کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی پکڑا ہاتھ میرا پس فرمایا کہ میں دوست رکھتا ہوں تجکو ای معاذ پس عرض کیا میں نی
کہ میں بھی دوست رکھتا ہوں آپکو ای رسول اللہ کی فرمایا کہ مت چھوڑ اس دعا کی پڑھنی کو پیچھے ہر نماز کی یہ
پڑھ ہی رب اعنی علی ذکرک آخر تلک کذا فی المشکوۃ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ
اَنَّكَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اَنَّ
الْعِبَادَ كُلَّهُمْ اِخْوَةٌ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اِجْعَلْنِي مُخْلِصًا لَكَ وَاَهْلِي فِي كُلِّ
سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ
حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ س د ی یا اللہ پروردگار ہمارے
اور پروردگار ہر چیز کی میں گواہی دینی والا ہوں کہ تحقیق تو پروردگار ہی یگانہ نہیں کوئی شریک تیرا یا اللہ
پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کی میں گواہی دینی والا ہوں کہ تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندی تیری ہیں
اور رسول تیری یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کی میں گواہی دینی والا ہوں کہ تحقیق بندی مسلمان
سب بھائی ہیں آپس میں یعنی شریک ہیں دین میں نسبوں کا اعتبار نہیں جیسا کہ جاہلیت میں تھا یا اللہ پروردگار
ہمارے اور پروردگار ہر چیز کی کر مجھکو مخلص واسطی اپنی اور اہل میری کو ہر ساعت میں امور دنیا میں اور آخرت
میں ای صاحب بزرگی اور بخشش کی سن یعنی ثنا میری بخوشی اور رضامندی اور قبول کر دعا میری
خدا تعالی بہت بڑا ہی بڑا کفایت ہی مجکو اللہ اور اچھا ہی کارساز یعنی جو کوئی اسکی کرم پر اعتماد کری

ف ابو داؤد و ابن سنی نی نقل کیے ہین کہ جو پڑہی یہہ بہت خدا تعالی کفایت کری اوسکی مہمات

ہر ساعت مین کہ کوئی ساعت تیری طاعت سی خالی نہو یا یہہ کہ ہر ساعت مشغول ہو ساتھہ امر و نہی کی یا

یہہ کہ ہر حال اخلاص سی اور تیری طاعت سی ہو اور میری اہل حال نہون کذا ذکرہ القسطلانی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ۔ س ص مص ی یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا

ہون ساتھہ تیری کفر سی اور محتاج کیسی اور عذاب قبر کیسی نقل کیے ہین اسے حاکم ابن ابی شیبہ نی

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ عِصْمَةَ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ جَعَلْتَ

فِیْهَا مَعَاشِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ

وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۔ س حب ۔ یا اللہ سنوار میری لئی دین میرا وہ کہ کیا ہی تو نی اوسکو

سبب بچاؤ کام میری کا اور سنوار میری لئی دنیا میری وہ کہ کی ہی تو نی اوسمین معیشت اور زندگانی

میری یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری ساتھہ خوشنودی تیری کی غضب تیری سی اور پناہ

پکڑتا ہون ساتھہ معافی تیری کے عذاب تیری سی اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری یعنی ساتھہ رحمت تیری کی عذاب

تیری سی نہین کوئی منع کرنی والا اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہین کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ منع کی تو نی اور نہین

کوئی پھیرنی والا اوس چیز کو کہ حکم کیا تو نی اور نہین فائدہ دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی نقل کی

یہہ نسائی ابن حبان نی ف سبب بچاؤ کام میری کا کہ دین نگہبان سب چیزون کا ہی جیسا کہ فرمایا ہی آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نی حاصل اوسکا یہہ ہی کہ حکم کیا گیا ہون مین کہ کافرون سی لڑون یہان تک کہ گواہی دین

وہ وحدانیت اللہ تعالی کی اور رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور قائم کرین نماز اور دین زکوۃ جب یہہ

باتین کرینگی اپنا خون اور مال مجھسی بچا دینگی مگر ساتھہ حق اسلام کی یعنی سبب تقصیر کی حد پہونچا دونگا

اور حساب اونکا اللہ پر [illegible] تو ہی پس [illegible] معلوم ہوا کہ دین کی سبب سی ہر چیز آدمی کی محفوظ رہتی ہی اور

نقل کیا ہم نے ... کی ساتھ حاصل ہونی وجہ معیشت حلال کی ہوتی ہی کہ قوت دیتی ہی امر طاعت پر اور سلامت رکہتی ہی کہ موجب خلل وقت کی ہین کذا ذکرہ الفخر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ وَعَمْدِيْ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ فَاِنَّهُ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ۞ ص یا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ چوک سی کیا مینی اور قصد سی کیا مینی یا اللہ راہ دکہا مجکو طرف اچھی عملون کی اور اچھی خلقون کی نہین راہ دکہاتا کوئی طرف اچھی عملون کی اور نہین پہیرتا کوئی بری عملون کو مگر تو نقل کی ہی بزار نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ ۞ ع و مس ۞ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری عذاب دوزخ کیسی اور عذاب قبر کیسی اور فتنہ زندگانی کیسی اور فتنہ موت کیسی اور برائی دجال کیسی نقل کی ہی ابو عوانہ حاکم نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ وَذُنُوْبِيْ كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِيْ وَاَحْيِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهُ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ۞ مس ط ی ۞ یا اللہ بخش میری لئی گناہ صغیرہ میری اور گناہ کبیرہ میری تمام گناہ یا اللہ بلند کر مرتبہ میرا اور زندہ رکہہ مجکو اور رزق دی مجکو اور راہ دکہا مجکو طرف نیک عملون کی اور نیک خلقون کی تحقیق نہین راہ دکہاتا ہی طرف نیک عملون کی اور نہین پہیرتا ہی بری عملونکو کوئی مگر تو نقل کی ہی حاکم طبرانی ابن سنی نی اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ۞ ا ط ص ۞ یا اللہ سنوار میری لئی دین میرا اور فراخ کر میری لئی معیشت میری گہر میری مین اور برکت دی میری لئی بیچ رزق میری کی نقل کی ہی احمد طبرانی ابو یعلی نی ف فراخ کر معیشت میری گہر میری مین کہ بدون محنت اور مانگنی کی حاصل ہووی یا مراد یہہ ہی کہ میری قبر مین کشادگی کر کذا ذکرہ الفخر سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۞ ص پاک ہی پروردگار تیرا صاحب غلبہ کا اوس چیزسی کہ بیان کرتی ہین کافر اور سلام ہووی رسولون پر اور تعریف ثابت ہی واسطی اللہ پروردگار عالمون کی نقل کی ہی ابو یعلی ابن سنی نی ف اس آیت مین تسبیح ہی

ترمذی کی روایت مین زیادہ آیا ہی اور حدیث مسند احمد اور طبرانی کی روایت مین رہزن آنکی ویرلکہنی چاہیئن
اور لفظ منہا کا متعلق یستجیر کا نہی مقصود یہہ ہی کہ جسطرح التحیات کی لیے بیٹہا ہی اوسی ہیئت پر بیٹہے ہوئے پڑہی

صَلٰوتَيِ الصُّبْحِ وَالْمَغْرِبِ اَيْضًا قَبْلَ اَنْ يَّتَكَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ

جب ادا کر چکی نماز صبح اور مغرب بہی پہلی کلام کرنیکی یا اللہ بچا مجکو آگ سی سات بار نقل کیے یہہ ابوداؤد
نسائی ابن حبان نی **ف** حدیث شریف مین آیا ہی حاصل اوسکا یہہ ہی کہ جب صبح کو یا شام کو کوئی یہہ پڑہی
اور مرگیا اوسدن مین یا رات مین ہوویگی تجہکو خلاصی آگ دوزخ کیسی کذا فی المشکوٰۃ وَبَعْدَ صَلٰوۃِ الضُّحٰی

اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ ہ پڑہی اور پیچہی نماز چاشت کی یا اللہ ساتہہ
مدد تیری کے مانگتا ہون مین مقاصد اپنی اور ساتہہ مدد تیری کی حملہ کرتا ہون مین اور جنگ کرتا ہون دشمنون دین کیسے

اور ساتہہ مدد تیری کی جہاد کرتا ہون مین نقل کیے یہہ ابن سنی نی وَاِذَا دُعِيَ اِلٰى طَعَامٍ فَلْيُجِبْ ہ مر
دت بس ہ اور جب بلایا جاوی کوئی طرف کہانی کے پس چاہیئی کہ قبول کری اور حاضر ہووی نقل کی
مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی نی **ف** حاضر ہووی واسطی خاطر بہائی مسلمان کے ظاہر امر کا یہہ چاہتا
ہی کہ حاضر ہونا واجب ہی مین اگر قبول نکریگا گنہگار ہوگا جیسیکہ ابوداؤد نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی روا
کی ہی کہ جب کوئی بلاوی اور قبول نکری پس تحقیق نافرمانی کی خدا اور رسول اوسکی کی اور یہہ اوس تقدیر
مین ہی کہ اوس مجلس دعوت مین بارادہ مین مثلاً ساتہہ بات کی خلاف شرع کی کوئی چیز مثل مزامیر وغیرہ کے
نہو والا قبول نکرنا جائز ہی بلکہ مستحب ہی اور بعضون نی قبول کرنا دعوت کا سنت کہا ہی اور بعد حاضر ہونے
کی کہانا کہانی کا اختیار رکہتا ہی سنت یا واجب حاضر ہونا ہی اور کہانا مستحب ہی اگر روزہ دار نہین ہے
اور اگر نفل روزہ ہو اور دعوت کرنی والا نہ کہانی سی رنجیدہ ہو تو افطار کری اور کہاوی پہر روزہ قضا کا
رکہی کذا ذکرہ الفخر وَسَمِّيَا وَلِيْمَةَ الْعُرْسِ ہ دُوْقِ عُوْہ اور خصوصاً قبول کری کہانی شادی کی
نقل کیے یہہ ابوداؤد اور ابن حبان اور ابوعوانہ نی **ف** ولیمہ اوس کہانی کو کہتی ہین کہ دولہن یا دولہا

دعا بعد نماز چاشت کی

بیان دعوت کی

کرے نزدیک عقد نکاح کی یا زفاف کی اور اکثر علما کہتے ہیں کہ ولیمہ کرنا سنت ہے اور بعضے کہتے ہیں مستحب
ہے اور کہانا موافق حال خاوند کے ہو جیسا کہ ہو اور قبول کرے اوسکو بعضے ہوں نے واجب کہا ہے اور بعضے ہوں نے
فرض کہا ہے اور واجب ہونا قبول کا کتنی چیزوں سے ساقط ہو جاتا ہے کہانا شبہ کا ہو یا تخصیص تونگروں کے ہو یا منہیات
بری ہوں یا دعوت کرے بسبب جاہ اپنے کے یا مدد کرنا معصیت پر ہو یا وہاں خلاف شرع شریف کے چیزیں ہوں
ان صورتوں میں قبول کرنا واجب نہیں ہوتا اور دوسرے دن یا وہ کرنے میں اختلاف کیا ہے علما نے بعضوں نے
مکروہ کہا ہے اور امام مالک نے ایک ہفتہ تلک تونگر کو مستحب کہا ہے کذا ذکرالفخر فَإِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ
م د ت س پس اگر ہووے مہمان روزہ دار دعا کرے نقل کیے مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی نے یعنی
دعا کرے دعوت کرنے والے کے لیے ساتھ مغفرت اور برکت کی اور احتمال رکہتا ہے یہ معنی ہوں کہ نماز پڑہے کذا ذکرہ الفخر
وَدَعَا وَبَرَّكَ د ق عو اور دعا کرے اور برکت مانگے یعنی بارک اللہ فیکم کہے نقل کیا ہے ابو داؤد ابن
ماجہ ابو عوانہ نے وَإِذَا أَفْطَرَ قَالَ ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللهُ
م د س مس اور جب افطار کرے جاتی رہی پیاس یعنی بسبب پانی پینے کے اور تر ہوگئیں رگیں اور ثابت ہوا
ثواب اگر چاہے اللہ تعالیٰ نقل کیا ہے مسلم ابو داؤد نسائی حاکم نے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِي وَسِعَتْ
كُلَّ شَيْءٍ أَنْ تَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي مو مس ق ی یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجہ سے ساتھ وسیلہ رحمت
تیری کے وہ جو فراخ ہوئی ہے یعنی گہیر لیا ہے ہر چیز کو یہ کہ بخشے تو میرے لیے گناہ میرے نقل کیے یہ موقوفاً حاکم ابن
ماجہ ابن سنی نے فَإِنْ أَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ قَالَ أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ
وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ ق حب د پس اگر افطار کرے نزدیک ایک قوم کے یعنی ضیافت میں
کہے افطار کریں نزدیک تمہارے روزہ دار اور کہاویں کہانا تمہارا نیک کار اور بخشش چاہیں اوپر تمہارے
فرشتے نقل کیے یہ ابن ماجہ ابن حبان ابو داؤد نے ف آداب روزے کی یہ ہیں کہ محفوظ رکہے زبان اور آنکہ
اور کان کو بری باتوں سے اور لایعنی سے یعنی نہ چہوڑا جہوٹ اور گناہ کی باتیں اور غیبت اور فحش بیہودہ

بیان آداب روزہ

یعنی قادر ہوتا ہی اوس کہانی پر اور اپنا حصہ کر لیتا ہی اوسمین اور موجب سنگدلی اور فساد
اور کرنی گناہون کا کرو بتا ہی اوسکو بسبب نام لینی اللہ تعالی کی پس جو نام اللہ تعالی کا اول مین یاد رہیان
مین کہانی کی نہ لیا پہر حلال نہین کر سکتا اس حدیث مین اشارہ ہی کہ بسم اللہ کہنا کفایت کرتا ہی
مگر اولی یہہ ہی کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہی اور احیاء العلوم مین امام غزالی رحمۃ اللہ نی لکہا ہی کہ پہلی نوالہ پر
بسم اللہ کہی اور دوسری پر بسم اللہ الرحمن اور تیسری پر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور مستحب ہی کہ پکار کر بسم اللہ کہی تو
اورون کو بہی یاد آجاوی اور جو ہر نوالہ پر بسم اللہ کہی بہتر ہی خوب ہی اور علما نی اختلاف کیا ہی کہ بسم اللہ
کہنی مستحب ہی یا واجب سفر السعادت والی نی کہا ہی کہ محققین اہل حدیث کی نزدیک واجب ہی اور اکثر
فقہا کی نزدیک مستحب اور داہنی ہاتہہ سی کہانا ہی سب علما کی نزدیک سنت موکدہ ہی اور قہستانی
لکہا ہی کہ اپنی ہاتہہ کی جگہہ سی کہانا واجب ہی اور اوروں کی ہاتہہ کی جگہہ سی کہانا حرام اور یہہ اوس صورت مین ہی
جو کہانا ایک طرح کا ہو اور جو مختلف قسمون کا ہو مثل میوونکی درست ہی جدہر سی چاہی چن کر کہاوی کذا ذکرہ
اور مستحب ہی کہ کہانا ...ن بہی اور پہلی ہاتہہ دہووی اور پچہلی ہاتہہ رات نہ گذاری کہ مضر ہی اور نہ ...
... یا دی ... ہی کی اور اسفل اور گرد اگرد کا بی کہ بیچ کہاوی نہ اعلی اوسکی سی اور ...
اوسکا ... ہی اور چہری سی گوشت گلا ہوا اور روٹی نہ کاٹی اور بعد فراغ کی اونگلیان اور برتن چاٹ
اور دسترخوان پر جو کچہہ گرا ہی اوس سی مٹی وغیرہ چہٹا کر کہا جاوی اوسی پر شیطان نکی لئی پڑا ہوا چہوڑی
اور کہاوی دو زانو یا اوکڑو یا داہنا پاؤن کہڑا کر کر اور نہ کہاوی چارزانو اور نہ لیٹ کر اور نہ ٹیک لگا کر
ہو کر اور نہ مسند وغیرہ پر بیٹہہ کر بطور متکبرین کی اور نہ خوان پایہ دار پر اور نہ طشتری یا پیالی مین اور نہ
گرم کہانی کو اور نہ سونگی اوسکو اور نہ پہونکی اوسمین اور بہت گرم نہ کہاوی اور عین العلم مین
لکہا ہی کہ بہتر گری برتن پیتل تانبی کے ہین سون لکڑی اور مٹی کی برتن مین ہی سلف کی اقرب ہی طرف تواضع
کی لیکن وضو کرنا پیتل تانبی کی برتن مین حضرت سی ثابت ہی ہوا ہی پس یہہ آداب اگرچہ سنن زوائد ہی

لیکن طالب کو چاہیے کہ ہر قول اور فعل میں دل اپنا خالی نیت بھلائی سے نہ رکھے یعنی بجالاوے ان آداب وغیرہ میں
رضامندی اللہ تعالی کی اور اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ملحوظ رکھے تا عادات عبادات ہو جاویں اور
پاوے اور ضرور ہے کہ طلب حلال کی کرے کہانے اور پینے وغیرہ میں اور بہت پرہیز کرے حرام اور شبہہ سے کہ جسکا کہانا
پہننا اور لباس حرام یا مشتبہ سے ہو [illegible] تو دعا اوسکی اور نماز اوسکی اور جو گوشت وس سے بنا ہے
لائق تر ہے ساتھہ آگ کے ہوتا ہے اور اہل کمال [illegible] واصلین نے یہی کفایت کری اور بقدر ضرورت کی قوت
چند لقمے کہاوے کہ تا قائم رکھیں پیٹ اوسکی کو یا تہائی پیٹ کہاوے اور تہائی پانی اور تہائی دم کی لیے خالی
رکہے اسپر ہرگز زیادہ نکرے کہ بہت کہانا تو دل مردہ ہوتا ہے اور سنگدلی ہوتی ہے اور علوم غیبیہ کی دروازے
بند ہوتے ہیں اور رات دن میں ایکبار کہاوے لیکن اگر خوف ضعف کا ہووے تو دونوں وقت کچھ کہاوے
اور بہت پرہیز کرے منہمک رہنے سے لذیذ کہانے اور پینے میں عین العلم میں ایک حدیث روایت کی ہے کہ سب سے امت
میری کی وہ لوگ ہیں کہ غذا اونکی جاتی ہیں ساتھہ نعمتوں کی بڑہتا ہے اوس سے گوشت اونکا اور ہمت اونکی کہانے
اور لباس طرح طرح کی ہیں پس یاد رکھہ ان اصول کو اور نہ غافل ہو انسے پس تحقیق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نہیں سیر ہوئے جو کی روٹی سے دو دن پے در پے کبھی اور نہیں کہائے حضرت نے [illegible] بریان
نہیں حق ہے واسطے انسان کی مگر بیچ ٹکڑے روٹی خشک کے اور کپڑے کے کہ دفع کرے گرمی سردی کو اور گھر کہ
اوسمیں واسطے دفع سردی گرمی کے اور زیادہ اسپر حساب ہے کہ حساب لیا جاویگا بندہ سے قیامت کی
پس عاقل کو بہتر چاہیے اسمیں مگر واسطے ضرورت دینی اور بدنی کی کذا فی وظائف النبی قالوا یا رسول
اللہ انا نأکل ولا نشبع قال فلعلکم تأکلون متفرقین قالوا نعم قال اجتمعوا
علی طعامکم واذکروا اسم اللہ یبارک لکم فیہ ق دس یہ عرض کیا صحابہ نے [illegible]
ہم تحقیق ہم کہاتے ہیں اور سیر نہیں ہوتے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس شاید کہ کہاتے ہو جدا جدا
عرض کیا اونہوں نے ہاں اسطرح سے فرمایا حضرت نے پس جمع ہو تم اوپر کہانے اپنے کے اور یاد کرو نام

برکت کہا وی گے مہار سی لئی وسمین نقابے کہہ آیر حاہہ ابو داود و نسائی سے **ف** جمع ہونا اور ذکر کرنا نام خدا تعالی کا ہر ایک موجب برکت کا ہی پدر جو دو تو چیزیں جمع ہوویں برکت زیادہ ہووی کذا ذکر الفخر

مِنَ الصَّحَابَةِ فِي الشَّاةِ الْمَسْمُومَةِ الَّتِي اَهْدَتْهَا اِلَيْهِ الْيَهُودِيَّةُ اَنِ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا فَاَكَلُوْا فَلَمْ يُصِبْ اَحَدًا مِنْهُمْ شَيْءٌ **مس** اور حکم کیا اصحاب کو بیچ وقت ہاتھ ڈالنی گوشت بکری زہر ملائی کی کہ جو بہیجا تہا اوسکو طرف پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک یہودیہ نی یعنی پیغمبر خدا

کی نی یہہ کہ یاد کرو نام خدا تعالی کا اور کھاو پس کہایا اصحاب نی یعنی بسم اللہ کہہ کر پس نہ پہنچا کسی کو اونمین

سی کچہہ یعنی ضرر زہر کا نقل کی یہہ حاکم نی **ف** حکم کیا اصحابہ کو یعنی بعد اطلاع اسکی کہ زہر آلودہ ہی کہ اوس گوشت نے بطور

اعجاز معجزہ سرور عالم کی خبر دی تہی کذا ذکر الفخر وَفِي حَدِيثِ مَسِيْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

اِلٰى بَيْتِ اَبِي الْهَيْثَمِ وَاَكْلِهِمُ الرُّطَبَ وَاللَّحْمَ وَشُرْبِهِمُ الْمَاءَ قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا

هُوَ النَّعِيْمُ الَّذِي تُسْاَلُوْنَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَمَّا كَبُرَ عَلٰى اَصْحَابِهٖ قَالَ اِذَا اَصَبْتُمْ مِثْلَ هٰذَا

وَضَرَبْتُمْ بِاَيْدِيْكُمْ فَقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ فَاِذَا شَبِعْتُمْ فَقُوْلُوْا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هُوَ

اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ عَلَيْنَا وَاَفْضَلَ فَاِنَّ هٰذَا كَفَافُ هٰذَا **مس** اور بیچ حدیث قصہ جانی پیغمبر

صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتہہ ابو بکر او رعمر رض کی طرف گہر ابی ہیثم صحابی کے اور کہانی انکی کہجوروں تر کو اور

گوشت کو اور پینی انکی پانی کو قول پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کہ تحقیق یہہ کہانا اور پینا وہ نعمت ہی کہ پوچہی

جاوگی تم اوس سے یعنی ادای شکر اسکی سی دن قیامت کی پس جب کہ دشوار ہوئی یہہ بات اصحاب پیغمبر صلی اللہ علیہ

وسلم کی پر فرمایا حضرت نی جسوقت کہ پہونچو تم اور پاؤ تم مانند اسکی کو اور ڈالو ہاتہہ اپنی یعنی کہانا شروع کرو پس کہو

کہاتی ہین ہم ساتہہ نام خدا کی اور اوپر برکت خدا کی پس جب سیر ہو چکو تم پس کہو سب تعریف ثابت ہی واسطی خدا کے

جسنی سیر کیا ہمکو اور سیراب کیا ہمکو اور نعمت دی ہمکو اور بہت دی یعنی زیادہ حاجت سی دی پس تحقیق یہہ کہنا بدلہ

اس نعمت کا اور عہدہ ادای شکر اس نعمت کیسی برلاتا ہی نقل کی یہہ حاکم نی **ف** حاصل اور مختصر قصہ حدیث کا

یہہ ہی کہ ابو ہیثم ایک صحابی تہی درخت کہجور کی اونکی پاس بہت تہی یہ کہتی تہی حضرت سرور عالم مع ان صحابہ کرام

اونکی ہان رونق افزا ہوئی وہ باہر گئی ہوئی تہی اونکی بی بی کو بہت خوشی سے تہا یا جب ابو ہیثم آئی بہت

خوشی سی عرض کیا کہ ف ایسا خوش ہی ما باپ میری اور بہت سی باتین خاطرداری کی کرکہ ہاتہ پکڑ کر

باغ کو لیگیا کہ ہر قسم کی کہجور حاضر کین اور آپ ابو ہیثم تیاری کہانی مین مشغول ہوئی بعد

تیار کر حاضر کیا جب تناول کی اور پانی نوش فرمایا یہہ حدیث ابو نعیم اور طبرانی فرمائی جب سماع کہ

دشوار ہوا کہ اگر ایسی چیزون پر مواخذہ ہوا کیا ہوگا تب نازل ہوئی تو تدارک اوس سوال قیامت کا تعلیم کر دیا کذا ذکرالفخر

وَاِنْ نَسِيَ التَّسْمِيَةَ اَوَّلَ الطَّعَامِ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ ۔ د ت س ق حب مس

اور اگر بہول جاوی کوئی بسم اللہ کہنی پہلی کہانی کی پس کہی بسم اللہ کہتا ہون اول کہانی مین اور آخر کہانی مین نقل کی

یہہ ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نی ف کہی بسم اللہ یعنی وقت یاد آنی کی درمیان کہانی کی اور بعضون نی

کہا ہی کہ کہلی اگرچہ بعد کہانی کے یاد آوی کذا ذکرالفخر وَاِنْ اَكَلَ مَعَ مَجْذُوْمٍ اَوْ ذِيْ عَاهَةٍ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ

ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ ۔ ت د ق حب مس ی اور اگر کہاوی ساتہ جذامی کے یا ساتہ

آفت والے کی کہی کہاتا ہون مین ساتہ نام خدا کی اوس حال مین کہ اعتماد کرتا ہون اوسپر اور توکل کرتا ہون اوسپر نقل

کی یہہ ترمذی ابوداؤد ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی ف ساتہ آفت والی کی کہ مبتلا ہوئی کسی ایسی بیماری

مین بیماریون لگجانی والیون سی کہ لوگ اونکو باعتبار وہم کے لگجانی والی گنتی ہین والا شرع مین کوئی مرض ایک کا

دوسری کو لگتا نہین اور اس حدیث سی معلوم ہوا کہ ہر بیمار کی ساتہ کہانا درست ہی اور ایک ... آیا ہی کہ جذامی سی بہاگ جیسا کہ بہاگتا ہی شیر سی تطبیق دونو حدیثون مین یہہ ہی کہ پرہیز کرنا اوس ... ساتہ کہانا قبیلہ توکل کے سی ہی پس اگر توکل حاصل ہی کہاوی اور نہین تو بچی کذا ذکرالفخر

الاكل والشرب قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا

مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا ۔ خ عه ۔ جب فارغ ہووی کہانا کہانی سی اور پانی پینی سی یعنی دونو ... کہی

سکو بدلہ اوتار سکتا ہی نہ ناشکری کی حق تعالیٰ کا نہہ مقدور بشری کی شکر اوسکا ادا کریے ہن کذا ذکر

اللهم اللهم اشبعت وارويت فهنئنا ورزقتنا فاكثرت واطبت فزدنا * ھو مس

یا اللہ سیر کیا تونی اور سیراب کیا تونی پس گوارا کر کہانا پینا ہمکو اور روزی دیا تونی ہمکو

پس بہت دیا تونی اور اچہا کیا حال ہمارا پس زیادہ کر ہمکو نعمتین اور برکت ہمارا کے ہمیشہ فالدی

فی دعوة اهل الطعام اللهم بارك لهم فيما رزقتهم واغفر لهم وارحمهم *

م ت س مص * اور دعا کری کہلانی والی کی لئی یا اللہ برکت دی اونکی لئی بیچ اوس چیز کی کہ روزی

دی تونی اونکو پس بخش اونکو اور رحم کر اونپر نقل کیے یہہ مسلم ترمذی نسائی ابن ابی شیبہ

اللهم اطعم من اطعمني واسق من سقاني * م * یا اللہ کہلا میوی بہشت کی اوسکو کہ کہلایا مجکو

اور پلا اوسکو کہ پلایا مجکو نقل کیے یہہ مسلم نی ف پلا یعنی پانی حوض کوثر کا اور شراب طہور یا مراد کہانا

پانی دنیا کا ہو کہ دنیا مین محتاج نہو اور اگر دونو مراد رکہین اولی ہو کذا ذکر الفخر واذا لبس شيئا قال اللهم

اني اسئلك من خيره وخير ما هو له واعوذ بك من شره وشر ما هو له * ی * اور جب پہنی

کچہہ کپڑا تو کہی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی بہلائی اسکی اور بہلائی اوس چیز کی کہ یہہ کپڑا بنایا گیا ہی اوسکی

لئی اور پناہ پکڑتا ہون مین تجہسی برائی اسکی سی اور برائی اوس چیز کی سی کہ بنایا گیا ہی یہہ واسطی اوسکی یعنی وہ تکبر

اور فخر ... سی ف بہلائی اوسکی یہہ کہ حرارت سی بدن پر رہی اور کوئی آفت اور ضرر اوسکی سبب

سی نہ پہونچی اور بہلائی اوس چیز کی کہ بنایا گیا ہی یہہ اوسکی لئی ... بنایا گیا ہی ستر ڈہکنی کی لئی اور سردی

گرمی دور کرنی کی لئی پس اسی قصد سی پہنون مین نہ واسطی تکبر اور فخر کی یا استعمال اوسکا طاعت مین ہووہ

كذا ذكر الفخر وان كان جديدا سماه باسمه عمامة او قميصا او غيره ثم يقول اللهم لك الحمد

انت كسوتنيه اسئلك خيره وخير ما صنع له واعوذ بك من شره وشر ما صنع له * د

ت س حب مس * اور جو ہووی لباس نیا ذکر کری اوسکو ساتہہ نام اوسکی کی پگڑی ہو یا کرتا یا اور کچہہ

جنات نہین دیکھ سکتی ہے ستر اوسکا وَاِذَا هَمَّ بِاَمْرٍ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ لِيَقُلِ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ
وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ
لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ
بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ
عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ

بِهٖ رواہ خ عنه اور جب قصد کری کسی کام کا پس چاہئی کہ پڑہی دو رکعتین سوا فرض کے پہر کہی یا اللہ تحقیق
مین نیکی مانگتا ہون تجسی اس کام مین ساتہہ علم تیری کی اور قدرت مانگتا ہون تجسی اوپر پانی خیر کی ساتہہ
وسیلہ قدرت تیری کی اور مانگتا ہون تجسی مطلب پانی فضل بڑی تیری سی پس تحقیق تو قدرت رکہتا ہی
ہر چیز پر اور نہین قدرت رکہتا مین کسی چیز پر اور جانتا ہی تو اور نہین جانتا مین اور تو بہت جاننی والا ہی پوشیدہ
پوشیدہ باتون کا یا اللہ جو جانتا ہی تو کہ تحقیق یہہ کام بہتر ہی میری لئی دین میری مین اور زندگانی میری مین
اور انجام کار میری مین یا اس جہان مین اور اوس جہان مین پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میری لئی اور آسان کر
اوسکو میری لئی پہر برکت دی میری لئی اوسمین اور جو جانتا ہی تو کہ تحقیق یہہ کام برا ہی میری لئی دین میری مین
اور زندگانی میری مین اور انجام کار میری مین یا اس جہان مین اور اوس جہان مین پس پہیر اوسکو مجہسی اور پہیر
مجکو اوس سی اور حکم کر اور مہیا کر میری لئی بہلائی جہان کہین ہو وی پہر راضی کر مجکو ساتہہ اوسکی نقل کی
یہہ بخاری اور چارون نی ف جب قصد کری کسی کام کا کہ مباح ہو اور تردد رکہتا ہو اوسکی کرنی نکرنی
مین مثل سفر اور عمارت اور نکاح اور مانند انکی کی نہ مانند کہانی اور پینی بقدر ری کی کہ اسمین استخارہ نہین چاہئی
اور اسیطرح استخارہ نکیا جاوی کرنی واجب اور مستحب مین اور چہوڑنی حرام اور مکروہ کی مین پس استخارہ بہوڑی
سی جوبات اسکی حق مین مناسب ہوتی ہی اسپر دل قرار پکڑتا ہی پڑہی دو رکعت اگر دو رکعت مسنون معمولی

اور تحیۃ المسجد اور شکر الوضو مین سی بہی پڑہکر یہہ دعا پڑہنی جایز ہی لیکن اولی یہی ہی کہ صبح [illegible]
پڑہی اور جسوقت چاہی پڑہی سوا اوقات مکروہ کی اور سورت جونسی چاہی پڑہی اور بعضی روایت مین قل یا او [illegible]
آئی ہی اسیطرح احیاء العلوم مین ہی [illegible] علما [illegible] ہی یہی منقول ہی او او عاجل امری مین لفظ او کا [illegible]
جحری شک راوی کا لکہا ہی یعنی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ امری فرمایا یا ان تینون لفظون کی عوض [illegible]
وآجلہ فرمایا یہہ کام یعنی جو کہ پیش رکہتا ہون اور متردد ہون کرنی نکرنی اوسکی مین مثل سفر وغیرہ کی اور [illegible]
کہ ہذا الامر کہکر حاجت اپنی ذکر کری دلسی یا زبان سی واللہ اعلم کذا ذکرہ الفقیر اور ایک روایت مین بعد ذکر کرنی

لی

دعا کی بدلی اللہم ان کنت تعلم آخر تک کی یون آیا ہی ان کان خیرا لی فی دینی ومعادی ومعاشی
وعاقبۃ امری فاقدرہ لی ویسرہ لی وبارک لی فیہ وان کان شرا لی فی دینی ومعادی
ومعاشی وعاقبۃ امری فاصرفہ عنی واصرفنی عنہ واقدر لی الخیر ورضنی بہ حصن
ص اگر ہووی یہہ کام بہتر دین میری مین اور آخرت میری مین اور زندگانی میری مین اور انجام کار میری مین
پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میری لئی اور آسان کر اوسکو میری لئی اور برکت دی میری لئی اوسمین اور اگر
ہووی یہہ کام برا دین میری مین اور آخرت میری مین اور زندگانی میری مین اور انجام کا میری مین پس
پہیر اوسکو مجہسی اور پہیر مجہکو اوس سی اور حکم کر اور مہیا کر میری لئی بہلائی اور راضی کر مجہکو ساتہہ
اوسکی نقل کیے یہہ ابن حبان ابن ابی شیبہ نی اور ایک روایت مین بعد ان کان کی یون آیا ہی
خیرا لی فی دینی وخیرا لی فی معیشتی وخیرا لی فی عاقبۃ امری فاقدرہ لی وبارک
لی فیہ وان کان غیر ذلک خیرا لی فاقدر لی الخیر حیث ما کان ورضنی بقدرہ
[illegible] اگر ہووی یہہ کام اچہا میری لئی دین [illegible] مین اور اچہا میری لئی زندگانی [illegible]
میری لئی انجام کا میری مین پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میری لئی اور برکت دی [illegible]
[illegible] میری لئی [illegible] راضی کر [illegible]

کیے ہیہ ابن حبان نی اور ایک روایت مین یون ہی خیراً لی فی دینی ومعیشتی وعاقبۃ
فاقدرہ لی ویسرہ لی وان کان کذا وکذا الامر الذی یرید شراً لی فی دینی
وعاقبۃ امری فاصرفہ عنی ثم اقدر لی الخیر اینما کان لا حول ولا قوۃ
الا باللہ ترجمہ اگر ہووی یہہ کام بہتر میری لیئی دین میری مین اور زندگانی میری مین اور انجام کار
میری مین پس حکم کر اوسکو میری لیئی اور آسان کر اوسکو میری لیئی اور اگر ہووی ایسا اور ایسا اشارہ
کری یعنی ساتھہ لفظ کذا وکذا کی واسطی اوس کام کی کہ ارادہ رکہتا ہی برا میری لیئی دین میری مین اور
زندگانی میری مین اور انجام کار میری مین پس پہیر اوسکو مجھسی پہر حکم کر میری لیئی بہلائی کو جہان ہووی
نہین ہی بچا سکتا ہون مین اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھہ مدد اللہ کی نقل کیے ہیہ ابن حبان نے اور ایک
روایت مین بعد استقدرک بقدرتک کے یون آیا ہی واسألک من فضلک ورحمتک فانہما
بیدک لا یملکہما احد سواک فانک تعلم ولا اعلم وتقدر ولا اقدر وانت
علام الغیوب اللہم ان کان ہذا الامر الذی یریدہ خیراً لی فی دینی وفی
دنیای وعاقبۃ امری فوفقہ وسہلہ وان کان غیر ذلک خیراً لی فوفقنی
للخیر حیث کان ترجمہ اور مانگتا ہون مین تجہسی بہلائی فضل تیری سی اور رحمت تیری سی پس
تحقیق فضل اور رحمت بیچ ہاتھہ قدرت تیری کی ہین کہ نہین مالک ہی اون دونون کا کوئی سوا تیری پس تحقیق
تو جانتا ہی اور نہین جانتا ہون مین اور قدرت رکہتا ہی تو اور نہین قدرت رکہتا مین اور تو بہت جاننی
والا ہی غیب کی باتون کا یا اللہ اگر ہووی یہہ کام کہ جس کام کا ارادہ رکہتا ہی اوسکا استخارہ کرنی والا
بہتر میری لیئی دین میری مین اور دنیا میری مین اور انجام کار میری مین پس توفیق دی اوسکی اور آسان
کر اوسکو اور جو ہووی سوا اسکے بہتر میری لیئی پس توفیق دی مجکو واسطی خیر کی جہان ہووی
ہیہ ... فان کان زاجاً فلیلبس الحطۃ ثم لیتوضأ حین وضوئہ ثم

مَا كَتَبَ اللهُ لَهُ ثُمَّ لِيَحْمِدِ اللهَ وَيُمَجِّدْهُ ثُمَّ لِيَقُلِ اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ

وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ فَإِنْ رَأَيْتَ أَنَّ فِي فُلَانَةَ وَيُسَمِّيهَا بِاسْمِهَا خَيْرًا لِي فِي

دِينِي وَدُنْيَايَ وَآخِرَتِي فَاقْدُرْهَا لِي وَإِنْ كَانَ غَيْرُهَا خَيْرًا مِنْهَا لِي فِي دِينِي وَآخِرَتِي

فَاقْدُرْهَا لِي ۔ حب مس ۔ پس جو ہووی وہ کام یعنی جسکی لیٔ استخارہ کرتا ہی نکاح پس چاہئی کہ نہ

کری منگنی پہر وضو کری پس اچہا کری وضو اپنا پہر نماز پڑہی جس قدر مقدر کی ہی خدا نی اوسکی لیٔ پہر چاہئی

کہ تعریف کری خدا تعالی کی اور بزرگی سی یاد کری اوسکو پہر کہی یا اللہ تحقیق تو قادر ہی اور نہین قادر

ہون مین اور جانتا ہی تو اور نہین جانتا مین اور تو بہت جاننی والا ہی غیب کی باتون کا پس جو جانتا

ہی تو کہ تحقیق بیچ فلانی عورت کی اور ذکر کری اوسکو ساتہہ نام اوسکی یعنی بجای فلانہ

کی نام اوس عورت کا لی کہ جس سی نکاح کا ارادہ رکہتا ہی بہلائی ہی میری لیٔ دین میری مین اور دنیا

میری مین اور آخرت میری مین پس نصیب کر اور مہیا کر اوسکو میری لیٔ اور جو ہووی سوا اس عورت کی

بہتر اس سی میری لیٔ دین میری مین اور آخرت میری مین پس نصیب کر اوسکو میری لیٔ نقل کی یہہ ابن حبان

حاکم نی ف جسقدر مقدر کی ہی یعنی جسقدر ہو سکی پڑہی کہ ادنی اوسکی دو رکعت ہین پہلی رکعت مین بعد

الحمد کی قل یا پڑہی اور دوسری مین قل ہو اللہ اور بعضون نی کہا پہلی رکعت مین پڑہی وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ

وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ

ضَلَّ ضَلَالًا مُبِينًا اور دوسری مین وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ

تَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ وَهُوَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولَى

وَالْآخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ اور اس حدیث مین دوسری جای جو لفظ دنیا ہی کا نہ فرمایا تو شاید

اشارہ ہی اسپر کہ دین والی دنیا والی سی بہتر ہی یعنی جو عورت تقوی والی اور باعث ہو اوس دین

افضل ہی [illegible] سو اور تقوی پر کہتی ہو کذا ذکر العلی والعذر من سعادۃ ابن آدم

اِسْتِخَارَتُہُ اللّٰہَ وَمِنْ شِقْوَتِہِ تَرْکُہُ اسْتِخَارَۃَ اللّٰہِ ۔ مشکوٰۃ ۔ نیکبختی بیتی آدم کیسی ہی خیر
چاہنی اوسکی خدا تعالی سی اور بدبختی بیتی آدم کیسی ہی چھوڑنا اوسکا استخارہ کو خدا تعالی سی
نقل کیے ہیں حاکم ترمذی نی ف معنی استخارہ کی طلب خیریت کی ہین اللہ تعالی سی جسطرح کہ حدیث
مین گذری اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کو دعاء استخارہ
کی تعلیم کرتی جیسی کہ تعلیم کرتی سورۃ قرآن کی اور روایت ہی جامع الاصول مین کہ ہرگز زیانکار نہوا
وہ شخص کہ جسنی استخارہ کیا خدا تعالی سی اور ندامت نہ اوٹھائی جسنی کہ مشورہ کیا اور فقیر نہوا
جسنی کہ میانہ روی کی معیشت مین اور حضرت انس سی روایت ہی کہ فرمایا اونکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نی کہ ای انس جو قصد کری تو کسی کام کا پس استخارہ کر اللہ تعالی سی اوسکی لیئی سات بار پھر دیکھ جو
کہ تیری دل مین القا ہو اوسپر جرأت کر کہ وہی بہتر ہی اور استخارہ مختصر ایک روایت مین آیا ہی اَللّٰھُمَّ خِرْ لِي
وَاخْتَرْ لِي وَلَا تَكِلْنِي إِلَى اخْتِيَارِي یعنی ای اللہ پسند کر میری لیئی اور اختیار کر میری لیئی یعنی جو مناسب
جانی تو اور نہ سونپ مجکو طرف اختیار میری کے کذا ذکر الفخر ۔ وَإِنْ تَوَلَّى عَقْدَ الْخِطْبَتِہِ اَنَّ الْحَمْدَ
لِلّٰہِ نَحْمَدُہُ وَنَسْتَعِیْنُہُ وَنَسْتَغْفِرُہُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا
مَنْ یَھْدِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہُ وَمَنْ یُضْلِلْ فَلَا ھَادِیَ لَہُ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہُ وَرَسُوْلُہُ یٰاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ
الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَۃٍ وَخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا
اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَاءَلُوْنَ بِہِ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا
اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہِ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا
قَوْلًا سَدِیْدًا یُصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ الآیۃ ۔ عہ مشکوٰۃ ۔ اور جو متولی ہووی نکاح باندھنیکا یعنی جو
نکاح کیسکا باندھتی پڑھی خطبہ اوسکا یہ ہی کہ سب تعریف اللہ کی لیئی ہی تعریف کرتی ہین ہم اوسکی اور مدد چاہ

یھدہ

یضللہ

ہین ہم اوس سی اور بخشش چاہتی ہین ہم اوس سی اور پناہ پکڑتی ہین ہم ساتھ خدا کی برائیون نفسون اپنی کی سی
اور برائیون عملون اپنی کی سی جسکو راہ دکہاوی خدا پس نہین کوئی گمراہ کرنی والا اوسکو اور گمراہ کری جسکو
وہ پس نہین کوئی راہ دکہانی والا اوسکو اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک
اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد بندی اوسکی ہین اور رسول اوسکی ای لوگو ڈرو پروردگار اپنی سی
جسنی پیدا کیا تمکو ایک جان سی یعنی حضرت آدم علیہ السلام سی اور پیدا کیا اوس سی جوڑا اوسکا یعنی حضرت حوا
اور پہیلائی دونو سی مرد بہت اور عورتین اور ڈرو خدا سی جسکی نام سی مانگتی ہو آپس مین اور ڈرو قرابت یعنی ناتا
کاٹنی سی پرہیز کرو اور آپس مین محبت رکہو تحقیق اللہ ہی ہر نگہبان یعنی تمہارا سب باتون اور احوال پر مطلع ہی ای
لوگو جو ایمان لائی ہو ڈرو خدا سی حق ڈرنی اوسکی کا اور ہرگز نہ مرو تم مگر اور تم مسلمان ہو یعنی ہمیشہ اسلام پہ
قائم رہو ای وہ لوگو جو ایمان لائی ہو ڈرو اللہ سی اور کہو بات سیدہا یعنی جہوٹہ نہ بولا کرو سنوار دیگا خدا
واسطی تمہاری عمل تمہاری پڑہی سارہی آیت نقل کی یہہ چارون نی اور حاکم اور ابو عوانہ نی وقف باقی آیت
اخیر کی یون ہی وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوبَکُمْ وَمَنْ یُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیمًا یعنی اور بخشیگا اللہ تمہاری لیے
گناہ تمہاری اور جو کوئی کہا مانیگا اللہ تعالی کا اور رسول اوسکیکا پس تحقیق وہ مراد کو پہونچا مراد کو پہونچنا بڑا
پس یہہ آیتین پڑہ کر ایجاب و قبول کری یعنی دولہا سی یون کہی کہ فلانی عورت کی بدلی اتنی روپون کی نفس اپنا
تیری زنی اور زوجیت مین دیا تونی قبول کیا وہ کہی قبول کیا مینی پس یہ ایجاب و قبول کو سنا دو دو گواہون
کوئی ضرورت یعنی حاجت اللہ تعالی کی طرف یا آدمی کی طرف پس وضو کری اور اچہا کری وضو اپنا نقل کی یہہ ترمذی
نسائی ابن ماجہ حاکم نی اور پڑہی دو رکعتین نقل کی یہہ نسائی نی یعنی نماز پڑہی فقط نسائی ہی کی روایت مین
اور باقی مین سب متفق ہین پہر دعا کری یہہ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی حاجت اپنی اور متوجہ ہوتا

تیری ساتھہ وسیلہ نبی تیری کے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی رحمت ہین ای حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تحقیق مین متوجہ ہوتا ہون ساتھہ وسیلہ تیری کے طرف پروردگار اپنی کی بیچ اس حاجت اپنی کی تو کہ روا کی جاوی حاجت واسطی میری یا اللہ پس شفاعت قبول کر اونکی میری حق مین نقل کی یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نی

ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک اندہی نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ دعا کرو اللہ تعالی سے کہ مجکو عافیت دی اس مرض سی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ اگر چاہے تو دعا کرون مین اور چاہی تو صبر کر کہ یہہ بہتر ہی تیری لئی اوسنے عرض کیا کہ دعا ہی کیجیئی پس اوسکو وضو کی لئی حکم فرمایا اور فرمایا کہ یہہ دعا پڑہی پس اوسنی یہی پڑہے اور بینا ہوا کذا فی المشکوۃ اور جامع صغیر مین حضرت جابر رضی سی روایت ہی کہ اگر ساتھہ اس دعا کی دعا مانگی جاوی کسی چیز پر درمیان مشرق اور مغرب کی بیچ ایکساعت جمعہ کی تو البتہ قبول کیجاوی دعا مانگنی والی کے کہ وہ یہہ ہی لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اور روایت ہی حضرت علی رضی سی کہ فرمایا جب ارادہ کری کوئی تم مین کام حاجت کا پس چاہئی کہ پنجشنبہ کی صبح کو اوسکی طلب مین جاوی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہی یا اللہ برکت دی میری امت کے لئی بیچ صبح اونکی کے دن پنجشنبہ کی اور چاہئی کہ پڑہی جب نکلی مکان اپنی سی آخر سورۂ آل عمران کا یعنی اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ سی آخر تلک اور اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ اور سورۂ فاتحہ پس تحقیق بیچ انکی حاجت روائیان دنیا اور آخرت کی ہین کذا فی در المنثور وَمَنْ اَرَادَ حِفْظَ الْقُرْاٰنِ فَاِذَا کَانَتْ لَیْلَةُ الْجُمُعَةِ فَاِنِ اسْتَطَاعَ اَنْ یَّقُوْمَ فِیْ ثُلُثِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِ فَلْیَقُمْ فَاِنَّهَا سَاعَةٌ مَّشْهُوْدَةٌ وَالدُّعَاءُ فِیْهَا مُسْتَجَابٌ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَفِیْ وَسَطِهَا فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَفِیْ اَوَّلِهَا فَیُصَلِّیْ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ اور جو کوئی چاہی یاد کرنا قرآن کا پس جب ہوئے رات جمعہ کی پس اگر کر سکی یہہ کہ اوٹہی بیچ تہائی رات اخیر کی پس چاہئی کہ اوٹہی اسلئی کہ تحقیق وہ ساعت ایسی ساعت ہی کہ حاضر ہوتی ہین اوسمین فرشتی اور دعا اوسمین قبول کیجاتی ہی پس جو نہ کر سکی یعنی اوسوقت نہ اوٹہہ سکی پس اوٹہی آدہی رات مین پس جو یہہ بہی نہ کر سکی پس اوٹہی اول رات مین پس پڑہی چار

عمل حفظ

رکعتین یقرأ فی الاولی الفاتحة وسورة یٰس و فی الثانیة الفاتحة وحٰم الدخان و
فی الثالثة الفاتحة والٓمٓ تنزیل السجدة و فی الرابعة الفاتحة وتبارک الذی بیده
الملک پڑہی پہلی رکعت مین الحمد اور سورہ یٰس اور دوسری مین الحمد اور سورہ حٰم الدخان اور تیسری مین الحمد اور
الٓمٓ تنزیل کہ مراد سورہ سجدہ ہی اور چوتہی مین الحمد اور تبارک الذی **ف** نفلون مین ہر شفعہ حکم جدی نماز کا رکہتا
ہی پس تقدیم پچہلی سورت کی یعنی دخان کی پہلی سورت پر کہ سورہ سجدہ ہی لازم نہین آتی ہی کہ مکروہ ہووی اور دوسری
یہہ کہ نفلون مین تقدیم تاخیر مکروہ نہین ہی کذا ذکر العلی فاذا فرغ من التشہد فلیحمد اللہ و
لیحسن الثناء علی اللہ و یصل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم و لیحسن و علی سائر
النبیین و لیستغفر للمؤمنین والمؤمنات و لاخوانہ الذین سبقوہ بالایمان
پس جب فراغت پاوی التحیات کی پڑہنی سی یعنی جب سلام پہیر چکی پس چاہیئی کہ تعریف کری اور خوب تعریف
کری اللہ کی اور درود بہیجی حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اچہی طرح بہیجی اور درود بہیجی سب پیغمبرون پر اور بخشش
مانگی واسطی مومن مردون اور مومن عورتون کی اور بخشش مانگی واسطی بہائیون اپنی کی جو سبقت لیگئی
ہین اس پر یعنی صحابہ اور تابعین **ف** تعریف خوب یہہ ہی کہ ساتہہ اخلاص کی اور ذکر کری اسماء حسنی
اور صفات کاملہ کو اور درود اچہی طرح کا یہہ کہ اوسمین اوصاف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان
کری یا آل و اصحاب کو بہی شریک کری درود بہیجنی مین پس یہہ عبارت یا مثل اسکی اور زبان مین پڑہی
الحمد للہ رب العالمین عدد خلقہ اللہم صل علی سیدنا محمد النبی الامی الہاشمی و علی آلہ و صحابتہ البررة الکرام
و علی سائر النبیین و اغفر لجمیع المؤمنین والمؤمنات و لاخواننا الذین سبقونا بالایمان ثم لیقل فی آخر
ذلک اللہم ارحمنی بترک المعاصی ابدا ما ابقیتنی و ارحمنی ان اتکلف ما لا یعنینی
پہر کہی بیچ آخر اسکی یا اللہ مہربانی کر مجہپر ساتہہ چہوڑنی گناہون کی یعنی توفیق دی کہ گناہ چہوڑدون ہمیشہ
جب تلک کہ زندہ رکہی تو مجہکو اور مہربانی کر مجہپر ساتہہ چہوڑنی اسکی کہ تکلف کرون مین اوس چیز کا کہ فائدہ نہ دی مجہکو

ف اسمین اشارہ ہی اسپر کہ مومن خوشدل ہوکر طاعتون کا مرتکب ہووی اگرچہ وہ موجب گناہ کی
نہووین کہ حدیث شریف مین آیا ہی خوبی اسلام آدمی کی ہی ترک کرنا بیفائدہ بات کا وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ
فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اور نصیب کر مجکو بھلائی نظر کی بیچ اوس چیز کی کہ راضی کری تجکو مجسی ف یعنی توفیق
فکر کرنی کی دی اپنی پسندیدہ چیزون مین اور محبت اونکی میری دل مین ڈال یا بنظر ظاہر کی مراد ہی کہ مطالعہ علوم
دینی مین مشغول رہی اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ
لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ
كَمَا عَلَّمْتَنِيْ ای پیدا کرنی والی آسمانون کی اور زمین کی ای صاحب بزرگی اور بخشش کی اور ای صاحب
اوس عزت کی کہ نہ قصد کیا وی یعنی اور کو نہین لائق ہی کہ اوس عزت کی آرزو کری مانگتا ہون مین تجسی ای اللہ ای
بخشش کرنی والی ساتھہ وسیلہ بزرگی تیری کی اور نور ذات تیری کی یہہ کہ لازم کری تو دل میری مین یاد کرنا کتاب
اپنی کا جیسی سکھائی تونی مجکو ف یعنی جیسی کہ توفیق دی تونی کہ قرآن دیکھکر پڑھتا ہون ویسی ہی توفیق دی کہ ازبر پڑھا کرون وَارْزُقْنِيْ
اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اور نصیب کر مجکو یہہ کہ پڑھون مین اوس کو اوس طرح پر کہ
راضی کری تجکو مجسی ف یعنی تدبر اور تفکر اور اخلاص اور حضور اور تجوید سی پڑھا کرون اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ
وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ
وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ
تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ
اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ تَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلٰثَ جُمَعٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا
يُجَابُ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَاَ مُؤْمِنًا قَطُّ ت مس یا اللہ پیدا
کرنیوالی آسمان و زمین کی ای صاحب بزرگی و بخشش کی اور ای صاحب اوس عزت کی کہ نہ قصد کیا وی مانگتا ہون
مین تجسی ای اللہ ای بخشش کرنیوالی ساتھہ وسیلہ بزرگی تیری کی اور روشنی ذات تیری کی یہہ کہ روشن کری تو

لیتوب مسیئ اللیل حتی تطلع الشمس من مغربھا ۔ مس ۔ تحقیق اللہ تعالی پھیلاتا ہی ہاتھ رحمت اپنی کا
انکو توکہ توبہ کریں گنہگار دن کا اور پھیلاتا ہی ہاتھ اپنا دنکو توکہ توبہ کریں گنہگار رات کا یہانتک کہ نکلے گا آفتاب
مغرب اپنی سی یعنی جب دروازی توبہ کی بند ہوجاوینگی اور توبہ کچھہ نفع نہین دیگی نقل کی یہہ مسلم اور حاکم نی
وجاءہ رجل فقال یا رسول اللہ احدنا یذنب قال یکتب علیہ قال ثم یستغفر منہ
ویتوب قال یغفر لہ ویتاب علیہ قال فیعود فیذنب قال یکتب علیہ قال ثم یستغفر
منہ ویتوب قال یغفر لہ ویتاب علیہ ولا یمل اللہ حتی تملوا ۔ طس ط ۔ اور آیا حضرت پاس
ایک آدمی پس عرض کیا ای رسول خدا کی ایک ہم مین سی گناہ کرتا ہی یعنی پس حال اوسکا کیا ہی فرمایا لکھا جاتا ہے
اوسپر عرض کیا پہر بخشش چاہتا ہی اوس گناہ سی اور توبہ کرتا ہی یعنی اگر بعد گناہ کی توبہ کری تو کیا حال ہے
فرمایا بخشا جاتا ہی گناہ اوسکا اور توبہ مقبول ہوتی ہی اوسکی عرض کیا پس ارادہ کرتا ہی گناہ کا پس گناہ کرتا ہے
یعنی اس صورت مین کیا لازم آتا ہی فرمایا لکھا جاتا ہی اوسپر عرض کیا پہر بخشش مانگتا ہی اوس سے اور توبہ کرتا
ہی فرمایا بخشا جاتا ہی گناہ اوسکا اور توبہ مقبول ہوتی ہی اوسکی اور نہین ملول ہوتا ہی خدا بخشش کرنی
سی یہانتک کہ ملول ہو تم بخشش چاہنی سے نقل کی یہہ طبرانی نی اوسط مین اور کبیر مین ف بعضی روایت
مین آیا ہی کہ بائین ہاتھہ کا فرشتہ لکھنی والا برائیوں کا چھہ ساعت تلک توقف کرتا ہی اگر اس مدت مین توبہ کرلی
نہین لکھتا ہی والا لکھتا ہی اور ملول ہونی سی یہہ مراد ہی کہ تم توبہ کرنی اور بخشش چاہنی سی تھکو مت اگر توبہ توڑا
تو پہر توبہ کرو کہ اللہ تعالی توبہ تمہاری قبول کرتا ہی رباعی باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ گر کافر و گبر و بت پرستی
باز آ این درگہ ما درگہ نومیدی نیست صد بار اگر توبہ شکستی باز آ ۔ کذا ذکرہ الفخر واذا قحطوا
المطر فلیجثوا علی الرکب ثم لیقولوا یا رب یا رب ۔ عو ۔ اور جب نہ برسائی جاوین لوگ مینہہ پس چاہی
کہ بیٹھین دوزانو پہر کہین ای پروردگار میری ای پروردگار میری نقل کی یہہ ابو عوانہ نی ودعاء
اللھم اسقنا اللھم اسقنا اللھم اسقنا ۔ خ ۔ اور دعا مینہہ مانگنی کی یہہ ہی یا اللہ پانی پلا ہمکو یا اللہ پانی پلا

بیان قحط سالی

یا اللہ پانی پلا ہمکو نقل کیے یہہ بخاری نی ف حدیث شریف مین آیا ہی خلاصہ اوسکا یہہ ہی کہ ایک شخص نی روز جمعہ
کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی عرض کیا کہ یا رسول اللہ مواشی وغیرہ ہماری قحط سی ہلاک ہوگئی دعا کیجئی کہ مینہہ برسے
پس منبر ہی پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی دست مبارک اوٹھا کر دعا کی اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا تین بار ایک ابر نمودار ہوا
اور بارش ہوئی کہ آفتاب نہ نکلا دوسری جمعہ تک اور مینہہ برستا رہا کہ پھر اوسی شخص نی جمعہ دوسری مین خطبہ
کی حالت مین عرض کیا کہ یا رسول اللہ مواشی وغیرہ ہماری ہلاک ہوئی جاتی ہی مینہہ سی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی
دست مبارک اوٹھا کر دعا کی اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا آخر تک کہ بیان ہوگی پس مینہہ کھل گیا کذا ذکر الفقہ اَللّٰهُمَّ
اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا + ترجمہ یا اللہ مینہہ برسا ہمپر یا اللہ مینہہ برسا ہمپر یا اللہ مینہہ برسا ہمپر نقل کی
یہہ مسلم نی وَاِنْ كَانَ اِمَامًا خَرَجَ اِذَا بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ
ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ عَلَيْنَا قُوَّةً
وَبَلَاغًا اِلٰى حِينٍ ثُمَّ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يَبْدُوَ بَيَاضُ اِبْطَيْهِ ثُمَّ يُحَوِّلُ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ وَيُحَوِّلُ
رِدَاءَهُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ ثُمَّ يُقْبِلُ عَلَى النَّاسِ وَيَنْزِلُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ + ترجمہ
اور اگر ہووی دعا کرنی والا بادشاہ یا نائب اوسکا یعنی قاضی وغیرہ نکلی جنگل کو جب کہ نکلی کنارہ آفتاب کا
پس بیٹھی منبر پر پس اللہ اکبر کہی اور تعریف کری اللہ غالب و بزرگ کی پھر کہی تعریف ہی واسطی خدا کی جو پروردگار ہے
عالموں کا بخشنی والا مہربان خاوند دن جزا کا نہین کوئی معبود مگر اللہ کرتا ہی جو چاہتا ہی یا اللہ تو ہی معبود ہی نہین
کوئی معبود مگر تو کہ تو انگر ہی تو اور ہم محتاج برسا ہمپر مینہہ اور کر اوس چیز کو کہ اوتاری تو نی ہمپر یعنی رزق اوسنے
سبب طاعت کی قوت کا اور باعث پہونچنی کا مطلب کو زمانہ دراز تک یعنی اوسکی سبب سی فائدہ اوٹھاوین
پھر اوٹھاوی ہاتھ اپنی یہان تک کہ ظاہر ہووی سفیدی بغلوں اوسکی کی یعنی بہت بلند کری پھر پھیر طرف آدمیون کے
پیٹھ اپنی یعنی رو بقبلہ دعا کی لئی ہووی اور اولٹی چادر اپنی اوس حال مین کہ اوٹھائی ہووی ہو ہاتھ اپنی پھر منہہ کری

طرف آدمیون کی اور او تری منبر سی پس پڑہی دو رکعت نقل کیے یہہ ابو داؤد ابن حبان حاکم نی ف
چاہ در اسطرح اولٹی کہ دایان سرا بائین طرف ہوجاوی اور بایان سرا داہنی طرف اور اندر کا رخ باہر اور باہر کا
اندر کذا فی سفر السعادت اور پہلی رکعت مین بعد الحمد کے سبح اسم ربک الاعلی پڑہی اور دوسری مین ہل اتٰک
حدیث الغاشیہ مثل عید و جمعہ کی اور امام اعظم رحمہ اللہ کی نزدیک جماعت سی یہہ نماز سنت نہین ہے
مگر صاحبین کی نزدیک ہی کہ جماعت سی دو رکعت ادا کری اور خطبہ بہی پڑہی اور مذہب حنفی مین فتوی اسپر ہی
کذا ذکر الفخر اور مستحب ہی انمین یہہ کہ توبہ کرین لوگ گناہ سی اور آپسمین صلح کرین اور پہلی نکلنی سی صدقہ دین
ہر دن اور تین روزی رکہین ہے در پی اور نکلین چوتہی دن روزی سی پیادہ پابرانی کپڑے پہنی ذلیل متواضع
فروتنی کرنی والی سرجہکائی ہوئی روتی ہوئی یا بتکلّف روتی ہوئی اور دعا کرین مومنین اور مومنات کی لئی
اور درود بہیجین نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور بہت پڑہین استغفار اور پڑہین آیتہا الکرسی اور امام درمیان مین خطبہ کی اور دعا کے
استغفار پڑہتا جاوی اور پڑہی اَللّٰہُمَّ رَبَّنَا آتِنَا آخر تلک لا الٰہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الٰہ الا اللہ رب السموات
و رب الارض و رب العرش الکریم اَللّٰہُمَّ اسْقِنَا الْغَیْثَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْقَانِطِیْنَ اور دعا پکار کر بہی کری اور آہستہ بہی
اور پشت ہاتہہ کی دعا کی وقت کبہی زمین کی طرف ہو اور کبہی آسمان کی طرف اور شروع کری اور ختم کری دعا کو
ساتہہ حمد اور ثنا ء اللہ تعالی کی اور درود اور سلام آنحضرت کی کذا فی وظائف النبی اَللّٰہُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا

مُغِیْثًا مَرِیْئًا مَرِیْعًا نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا • د مص • غَیْرَ آجِلٍ • د • رائث • مص •

یا اللہ برسا ہمپر مینہہ فریاد کو پہنچنی والا بہت اندازی کرنی والا نفع دینی والا نہ ضرر کرنی والا جلدی برسنی والا
نقل کیے یہہ ابو داؤد و ابن ابی شیبہ نی نہ دیر کرنی والا نقل کیے یہہ ابو داؤد نی نہ دیر کرنی والا نقل کیے یہہ ابن
ابی شیبہ نی ف ابو داؤد مین لفظ غیر آجل کا اس دعا مین آیا ہی اور ابن ابی شیبہ نی عوض آجل کی رائث
نقل کیا ہی اَللّٰہُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَہَائِمَکَ وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَاَحْیِ بَلَدَکَ الْمَیِّتَ
یا اللہ پانی دی بندون اپنی کو اور جانورون اپنی کو اور پہیلا رحمت اپنی اور جلا شہر مردہ اپنی کو نقل کیا

یہ ابو داؤد نی اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا ع و یا اللہ اوتار زمین ہماری پر سنگھار اوسکا
یعنی سبزہ پھول بوٹے اور چین اوسکا نقل کی یہ ابو عوانہ نی ف چین اوسکا یعنی جو چیزیں کہ والوں کے
باعث چین کی ہی یعنی مطلب اونکی یہ لاکہ دل اونکی تسکین پاویں کذا ذکرہ الفخر اَللّٰھُمَّ ضَاعَتْ دَوَابُّنَا
وَاغْبَرَّتْ اَرْضُنَا وَھَامَتْ دَوَابُّنَا مُعْطِیَ الْخَیْرَاتِ مِنْ اَمَاکِنِھَا وَمُنَزِّلَ الرَّحْمَۃِ مِنْ
مَعَادِنِھَا وَمُجْرِیَ الْبَرَکَاتِ عَلٰی اَھْلِھَا بِالْغَیْثِ الْمُغِیْثِ اَنْتَ الْمُسْتَغْفَرُ الْغَفَّارُ
فَنَسْتَغْفِرُکَ لِلْجَامَّاتِ مِنْ ذُنُوْبِنَا وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ مِنْ عَوَامِّ خَطَایَانَا اَللّٰھُمَّ فَاَرْسِلِ
السَّمَآءَ عَلَیْنَا مِدْرَارًا وَاَوْصِلْ بِالْغَیْثِ وَاکِفًا مِنْ تَحْتِ عَرْشِکَ حَیْثُ یَنْفَعُنَا
وَیَعُوْدُ عَلَیْنَا ع و یا اللہ ظاہر ہوئی پیاس ہماری یعنی بسبب نہونی گہاس کے اور خاک اوڑتی ہی زمین ہماری
اور پیاسی ہوئی جانور ہماری ای دینی والی بہلائیوں کی جگہوں اونکی سی اور ای اوتارنی والی رحمت کی یعنی مینہ
کا بون اوسکی سی اور جاری کرنی والی برکتوں کی برکت والوں پر یعنی جو لائق اوسکی ہیں بسبب مینہہ نفع دینی
والی کی تجہسی بخشش مانگتی ہیں لوگ بہت بخشنی والا ہی بخشش چاہتی ہیں ہم تجہسی واسطی خاص گناہوں اپنی کے
یعنی جو خاص ہمیسی ہوئی ہیں نہ غیر ہماری سی اور توبہ کرتی ہیں ہم طرف تیری عام گناہوں اپنی سی یعنی جو مشترک ہیں
درمیان ہماری اور درمیان غیر ہماری کی یا اللہ بہیج مینہ زور کا اور مینہ متصل یعنی ایک بوند دوسری سے
ملی ہو اور کفایت کر یعنی بہیج ہماری کو بسبب مینہہ کی نیچی عرش اپنی سی اوس جگہہ کہ نفع دے ہم کو اور پہری ہم پر
ف یعنی فائدہ اوسکا یعنی مینہہ کا نالوں میں اور کہیتوں میں برسا تا کہ نفع کری اور کام میں آوی
اور من تحت عرشک ظرف ارسل کا ہی یعنی بہیج مینہہ زیر عرش سی اور بالغیث المغیث متعلق ہی معطی الخیرات
اور منزل اور مجری کا کذا ذکرہ الفخر غَیْثًا عَامًّا طَبَقًا غَدَقًا مُجَلِّلًا غَدَقًا خِصْبًا رَائِعًا مُمْرِعَ النَّبَاتِ
ع و برسا مینہہ عام یعنی سب جا ہی برسی عام ساتھہ کثرت کی پر ازینت دینی والا اور ڈہانکنی والا زمین کا
یعنی بسبب سبزہ اور پانی کی بہت ارزانی والا بہت اگانی والا گہانس کی چیزوں کا بہت اگانی والا سبزہ

نقل کی ہے ابو عوانہ نی وَاسْتَسْقَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَمَا زَادَ عَلَى الْاِسْتِغْفَارِ ۔ مص ۔ اور مینہ مانگا حضرت عمر بن خطاب رضی نی پس نہ زیادہ کیا استغفار پر کچھہ نقل کیے ہے ابن ابی شیبہ نی وَاِذَا رَاٰى سَحَابًا يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِهٖ اَللّٰهُمَّ سَيْبًا نَافِعًا فَاِنْ كَشَفَهُ اللّٰهُ وَلَمْ يُمْطِرْ حَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى ذٰلِكَ ۔ د س ق ۔ اور جب دیکھی ابر آنی والا پڑہی یا اللہ تحقیق ہم پناہ پکڑتی ہین سانہہ تیری برائی ہر چیز کیسی کہ بہیجا گیا ہی ہہہ ابر وسطی اوسکی یا اللہ کر ابر کو جاری نفع دینی والا پس اگر کہول دی اوسکو اللہ تعالی اور نہ برسی الحمد للہ کہی اسپر نقل کیے ہیہ ابو داؤد نسائی ابن ماجہ نی وَاِذَا رَاَى الْمَطَرَ اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا ۔ خ ۔ اور جب دیکھی مینہہ کو کہی یا اللہ برسا مینہہ بہت نفع دینی والا نقل کیے ہیہ بخاری نی اَللّٰهُمَّ سَيْبًا نَافِعًا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ۔ مص ۔ یا اللہ کر مینہہ کو جاری نفع دینی والا پڑہی اسکو دو بار یا تین بار نقل کی ہے ابن ابی شیبہ نی فَاِذَا كَثُرَ وَخِيْفَ الضَّرَرُ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ۔ خ م ۔ پس جب بہت ہووی مینہہ اور خوف ہووے ضرر کا کہی یا اللہ مینہہ برسا گرد ہماری اور نہ برسا ہمپر یا اللہ برسا مینہہ ٹیلون پر اور قلعون پر اور پہاڑون اور نالون پر اور راویہ جگہہ اوگتی درختون کی نقل کیے ہیہ بخاری مسلم نی وَاِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ ۔ ت س مس ۔ اور جب سنی گرجنا اور کڑکنا تو پڑہی یا اللہ نہ مار ہمکو ساتہہ غصی اپنی کی اور نہ ہلاک کر ہمکو ساتہہ عذاب اپنی کی اور عافیت دی ہمکو پہلی اسکی یعنی پہلی واقع ہونی عذاب کی نقل کیے ہیہ ترمذی نسائی حاکم نی ۔ ف ۔ رعد نام فرشتی کا ہی جو متعین ہی بادل ہانکنی پر گرجنا آواز اوسکی ہی اور بجلی کوڑا اوسکا کذا فی الجلالین سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۔ موطا ۔ پاک ہی وہ اللہ کہ پاکی بیان کرتا ہی اوسکی رعد ساتہہ تعریف اوسکی کی اور پاکی بیان کرتی ہین سب فرشتی خوف اوسکی سی نقل کیے ہیہ موطا امام مالک نی وَاِذَا هَاجَتِ الرِّيْحُ اِسْتَقْبَلَهَا بِوَجْهِهٖ وَجَثَا عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَمَدَّ يَدَيْهِ ۔ طب ط ۔ اور جب

بیان دعاء مینہ برسنے کے

بیان رعد کے

بیان چلنے ہوا کے

ہوا متوجہ ہووے اوسکی طرف یعنی جدہر سے چلتی ہی ادہر موہنہ کرے اور بیٹہے اوپر گہٹنوں اپنے کے اور ہاتہہ اوٹہاوے اپنے کی یعنی بصورت تواضع بیٹہے نقل کیے یہہ طبرانی نی دعا میں اور کبیر میں وَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ م ت س طب اور پڑہے یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجہسے بہلائی اسکی اور بہلائی اوس چیز کی کہ اسمیں ہی یعنی جنات اور بہلائی اوس چیز کی کہ بہیجی گئی ہی ہوا ساتہہ اوسکی یعنی فائدہ اور پناہ پکڑتا ہوں میں ساتہہ تیری برائی اسکی سے اور برائی اوس چیز کیسے کہ اسمیں ہی اور برائی اوس چیز کیسے کہ بہیجی گئی ہی ہوا ساتہہ اوسکی نقل کیے یہہ مسلم ترمذی نسائی طبرانی نی دعا میں اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِيَاحًا وَّلَا تَجْعَلْهَا رِيْحًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا طب ط یا اللہ کر اس ہوا کو رِیاح اور نہ کر اسکو ریح یا اللہ کر اسکو رحمت اور نہ کر اسکو عذاب نقل کی یہہ طبرانی نی دعا میں اور کبیر میں ف ریاح جمع ریح کی ہی معنی اوسکی ہوائیں ہیں یعنی جب ہوائیں بہت ہر طرف سے چلتی ہیں تو ابر بہت آتا ہی اور مینہہ بہت برستا ہی وہ باعث ہوتا ہی ارزانی کا اور جب ایک ہوا چلتی ہی تو ایسی مفید نہیں ہوتی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ ریاح کا استعمال رحمت کی لئے آتا ہی اور ریح کا عذاب کی لئے مگر اعتراض کیا ہی بعض علما نی کذا ذکر الفخر وَاِنْ جَاءَ مَعَ الرِّيْحِ ظُلْمَةٌ تَعَوَّذَ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ د اور جو آوے ساتہہ ہوا کی اندہیری پناہ پکڑے ساتہہ پڑہنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کے نقل کی یہہ ابوداؤد نی اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ ت س یا اللہ تحقیق ہم مانگتے ہیں تجہسے بہلائی اس ہوا کی اور بہلائی اوس چیز کی کہ اسمیں ہی یعنی جنات وغیرہ اور بہلائی اوس چیز کی کہ حکم کی گئی ہی یہہ ساتہہ اوسکی اور پناہ پکڑتے ہیں ہم ساتہہ تیری برائی اس ہوا کیسے اور برائی اوس چیز کیسے کہ اسمیں ہی اور برائی اوس چیز کیسے کہ حکم کی گئی ہی یہہ ساتہہ اوسکی نقل کیے یہہ ترمذی نسائی نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا اُمِرَتْ

بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ ﴿ ص ﴾ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھ سی بہلائی اوسچیز کی کہ حکم کی گئی ہی ساتھہ اوسکی اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری برائی اوسچیز کیسی کہ حکم کی گئی ہی وہ ساتھہ اوسکی نقل کی
یہہ ابو یعلی نی اَللّٰھُمَّ لَقْحًا لَا عَقِیْمًا ﴿ حب طس ﴾ یا اللہ کر اس ہوا کو بار ور یعنی ابر لانی والے اور فائدہ مند اور نہ کر اسکو بانج یعنی نہ ابر لانی والی اور نہ فائدہ مند نقل کی یہہ ابن حبان نی اور طبرانی نی اوسط مین وَاِذَا سَمِعَ صِیَاحَ الدِّیْکَۃِ فَلْیَسْاَلِ اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ ﴿ خ م د ت س ﴾ اور جب سنی آواز مرغون کی پس چاہیئی کہ مانگی اللہ تعالی سی فضل اوسکا نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی نی ﴿ ف ﴾ باقی حدیث یہہ ہی فَاِنَّھَا رَاَتْ مَلَکًا یعنی مرغ فرشتی کو دیکھہ کر آواز کرتی ہین پس سنّت یہہ ہی کہ یہہ دعا کری اور فرشتہ آمین کہے پس قبول ہو جاویٔ اور اس سی معلوم ہوا مستحب ہونا دعا کا وقت ظہور صلحا کی اور برکت جاننی سبب اونکی کذا ذکر العلی وَاِذَا سَمِعَ نَھِیْقَ الْحَمِیْرِ فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ﴿ خ م د ت س مس ﴾ اور جب سنی آواز گدہونکی پس چاہیئی کہ پناہ پکڑی ساتھہ اللہ کی راندی ہوئی سی یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہی کیونکہ وہ شیطان کو دیکھہ کر آواز کرتا ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی حاکم نی وَکَذٰلِکَ اِذَا سَمِعَ نُبَاحَ الْکِلَابِ ﴿ د س مس ﴾ اور اسیطرح یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہی جب سنی آواز کتون کی نقل کیے یہہ ابو داؤد اور نسائی حاکم نی ﴿ ف ﴾ یہہ ہی شیطان اور اوسکی لشکر کو دیکھہ کر آواز کرتی ہین کذا ذکر الفخر وَاِذَا رَاَی الْکُسُوْفَ فَلْیَدْعُ اللّٰہَ وَلْیُکَبِّرْ وَلْیُصَلِّ وَلْیَتَصَدَّقْ ﴿ خ م د س ﴾ اور جب دیکھی سورج گہن یا چاند گہن پس چاہیئی کہ دعا کری اللہ تعالی سی اور تکبیر کہی اور نماز پڑہی اور صدقہ دی نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نی ﴿ ف ﴾ حدیثون سی معلوم ہوتا ہی کہ کسوف اور خسوف دونو نکی ایک ہی معنی ہین سورج گہن کو بہی کسوف خسوف کہتی ہین اور چاند گہن کو بہی اور فقہا اور لغت والون نی فرق بیان کیا ہی کہ خسوف چاند گہن کو اور کسوف سورج گہن کو کہتی ہین اور حنفیون کی نزدیک نماز سورج گہن کی دو رکعت ہین

بیان جانورون کی آواز کی

بیان مرغ اور گدہی اور کتی کی آواز سننی کی

ساتھ جماعت کی اور بڑی قرات کی بغیر خطبہ کی پڑہی اور چاند گہن مین جماعت نہین ہی تنہا تنہا پڑہی اسلیٔ
کہ رات مین جماعت مشکل ہی یا صدقہ یعنی فقیرون محتاجون کو کچہہ اللہ دی یا غلام آزاد کری بطور صدقہ
مشہور کی ست نجا وغیرہ نہ دی کہ مشابہت ہنود کی ساتھہ ہوگی نعوذ باللہ منہ کذا ذکرہ الفرق اِذَا رَاَی

بیان چاند دیکھنے کا

الْہِلَالَ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ہ می ہ اور جب پہلی رات کا چاند دیکھی کوئی تو کہی اللہ اکبر نقل کیے یہہ دارمی
نی اَللّٰھُمَّ اَہِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ہ ت حب می ہ یا اللہ چاند دکہا ہمکو ساتھہ برکت کی اور ساتھہ
ایمان کی اور سلامتی کے اور اسلام کی اور توفیق کے واسطی اوس چیز کی کہ دوست رکہتا ہی تو اور پسند
رکہتا ہی تو ای چاند پروردگار میرا اور پروردگار تیرا اللہ تعالی ہی نقل کیے یہہ ترمذی ابن حبان دارمی نے
ہِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذَا الشَّھْرِ وَخَیْرِ الْقَدَرِ وَاَعُوْذُ بِکَ
مِنْ شَرِّہٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ہ ط ہ یہہ چاند بہلائی اور ہدایت کا ہی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی بہلائی
اس مہینی کے اور بہلائی تقدیر کی یعنی جو چیز اس مہینی مین قسم رزق وغیرہ سی مقدر ہی اوسکی بہلائی چاہتا
ہون اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری برائی اس مہینی کے سی پڑہی یہہ دعا تین بار نقل کیے یہہ طبرانی نے
اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا خَیْرَہٗ وَنَصْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَفَتْحَہٗ وَنُوْرَہٗ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا
بَعْدَہٗ ہ مو مص ہ یا اللہ نصیب کر ہمکو بہلائی اس مہینی کے اور مدد اسکی اور برکت اسکی
اور فتح اسکی اور نور اسکا یعنی ہدایت اور پناہ پکڑتی ہین ہم ساتھہ تیری برائی اسکی سی اور برائی اوس چیز
کیسی کہ پیچہی اسکی ہی یعنی او مہینی کہ بعد اسکی ہونگے انکی برائی سی بہی پناہ مانگتی ہین نقل کی یہہ موقوفا
ابن ابی شیبہ نی وَاِذَا نَظَرَ اِلَی الْقَمَرِ فَلْیَقُلْ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا ہ ت س مس
اور جب دیکھی طرف چاند کی پس کہی پناہ پکڑتا ہون مین ساتھہ خدا کی برائی اسکی سی نقل کیے یہہ ترمذی نسائی
حاکم نی ف برائی اسکی سی یعنی جب گہن لگی اور سبب اس سی پناہ چاہنی کا یہہ ہی کہ چاند گہن شاید ہون اللہ

تیسی ہی اور ڈراتا ہی ساتھ ہونی حادثوں کی چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ جب سورج گہن ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہولناک ہوکر کھڑی ہو جاتی واسطی خوف اسکی کہ جو آفتاب اور چاند باوجود اس روشنی کی ایک ساعت مین تاریک ہو جاتی ہین تو ایسا نہو کہ نور ایمان کا اور عملون کا دلون سے چھن جائی وَاِذَا رَاٰى

لَیْلَةَ الْقَدْرِ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ت س ق مس اور جب دیکھی کوئی لیلۃ القدر کو یعنی علامتین اوسکی پس چاہئی کہ کہی یا اللہ تحقیق تو بہت معاف کرنی والا ہی دوست رکھتا ہی تو عفو کو پس عفو کر مجہسی گناہ میری نقل کے یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نی وَاِذَا نَظَرَ وَجْھَهٗ فِی الْمِرْاٰةِ

بیان آئینہ دیکھنے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ حب مى اور جب دیکھی مونہہ اپنا آئینہ مین تو پڑہی یا اللہ تو نی اچھی بنائی صورت میری پس اچھا کر خلق میرا نقل کے یہہ ابن حبان دارمی نی اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ وَحَرِّمْ وَجْھِیْ عَلَی النَّارِ مص یا اللہ جیسی کہ اچھی بنائی تو نی صورت میری پس اچھا کر خلق میرا اور حرام کر ذات میری کو آگ پر نقل کے یہہ بزار نی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰى خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَا شَانَ مِنْ غَیْرِیْ مر سب تعریف ہی واسطی اوس خدا کی کہ برابر پیدا کئی اعضا میرے اور اچھی بنائی صورت میری اور سنواری بدن میری سی وہ چیز کہ عیب دار کی غیر میری سی یعنی مثلاً بعضون کو لنگڑا کانا پیدا کیا اور مجھی اس سب سی بچایا نقل کے یہہ بزار نی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَوّٰى خَلْقِیْ فَعَدَّلَهٗ وَصَوَّرَ صُوْرَةَ وَجْھِیْ فَاَحْسَنَھَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ طس ى سب تعریف ہی واسطی اوس خدا کی کہ درست کی صورت میری پس برابر کیا اوسکو اور پیدا کی ہیئت مونہہ میری کے پس خوب بنائی وہ اور کیا مجہکو مسلمانون مین سی نقل کے یہہ طبرانی نی اوسط مین اور ابن سنی نی وَاِذَا سَلَّمَ عَلٰى

بیان سلام علیکم

اَحَدٍ فَلْیَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ خ م س اور جب سلام کری کوئی کسیکو پس چاہئی کہ کہی سلام ہووی تمپر نقل کے یہہ بخاری مسلم نسائی نی ف معنی سلام علیکم کی یہہ ہین کہ سلام نام اللہ تعالی کا ہی یعنی حافظت اللہ تعالی کی تیری ساتھ ہووی یا تو سلامت رہی سب آفات سی اور ضمیر جمع کا

جاتی ہی فرشتون محافظین سے بہی سلام ہوتی ہی اور ادب سلام کا یہہ ہی کہ اوس وقت جہکی نہین چنانچہ حضرت
شیخ عبدالحق رحمہ اللہ نی بعض علما سی جہکنی کو قریب کفر کی لکہا ہی اور لکہا ہی کہ اگرچہ اکثر علما اور صلحا
اس رسم مین گرفتار ہین مگر اعتبار اونکا نہین کرنی اسکی اور سید جلال الدین نی بہی مکروہ لکہا ہی اور سلام
کرنا سنت ہی اور جواب اوسکا فرض کفایہ یعنی مجلس مین سی ایک ہی جواب دیگا تو اورون کی
ذمہ سی جواب اوتر جائیگا والا سب گنہگار ہونگی لیکن یہہ سنت افضل فرض سی ہی کذا ذکر الفخر
من شرح المشکوۃ حدیث شریف مین فضیلت سلام علیک کی بہت آئی ہی آیا ہی کہ جب حضرت آدم
علیہ السلام پیدا ہوئی تو اللہ تعالی نی فرمایا کہ ان فرشتون سی سلام علیک کر اور جواب اونکا سن کہ وہ
تحیت یعنی سلام تیرا اور تیری اولاد کا ہوگا پس انہون نی جا کر السلام علیکم کہا اونہون نی کہا وعلیک السلام
ورحمۃ اللہ اور ایک شخص نی سرور عالم سی پوچہا کہ کون سی خصلتین اسلام کی بہتر ہین فرمایا یہہ کہ کہلاوی
تو کہانا اور سلام کری تو اوسکو کہ پہچانتا ہی تو یا نہین پہچانتا اور مسلمان کا مسلمان پر حق فرمایا ہی
سلام کرنی کو اور باعث دخول جنت کا فرمایا ہی اسکو اور ایک صحابی نی عرض کی کہ یا رسول اللہ ایک شخص
کی کہجور میری باغ مین ہی مجہی ایذا ہوتی ہی اوسکی آنی سی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی درخت والی کو
کہلا بہیجا کہ اپنی درخت کو ہماری ہاتہہ بیچ ڈال اوسنی انکار کیا فرمایا ہبہ کر اوسنی اسکا بہی انکار کیا فرمایا جنت
مین اسکی عوض کہجور لینا اسکا بہی اوسنی انکار کیا فرمایا تجہسی زیادہ کوئی بخیل نہین ہی مگر وہ کہ سلام
مین بخل کری یعنی سلام علیک نکری کذا فی المشکوۃ پس کمال نادانی ہی کہ ہمہان کیسی رسم کی لئی ایسی ثواب کو
ترک کر کر ایسا بخیل بنی اور ایسی دعا سی باز رہی اور انصاف تو کر کہ اگر حلال خور کہتا ہی سیا جیو سلامت
رہو تو نہین چڑہتا اور نوکر مثلاً جو سلام علیک کری تو چڑ جاتا ہی وہی دعا تو ہی لیکن رسول اللہ کی
لفظون سی ادا کی گئی تہی رسول مقبول ہی کی سنت سی بیزاری ہی کہ اونکی لفظون کی دعا کو بہی نہین
پسند رکہتا اللہ بچاوی ہمکو اور تمکو اس سی اور پیدا کری ثواب غفلت سی اور محبت دی اونکی راہ

کی اور مفاتیح الصلوۃ میں نقل کیا ہی کشاف اور توضیح اور روضۃ العلما اور ضیاء المعنوی اور زبدۃ المسائل اور فتاوی
السفینہ اور جامع الفتاوی اور فتاوی ظہیریہ اور تیسیر اور لطائف الاشارات اور فتاوی صوفیہ
وغیرہا سی کہ مکروہ ہی سلام نزدیک خطبہ کی اور جواب اوسکی سلام کا نہ دی اور گنہگار ہوتا ہی سلام کرنی والا
اور مکروہ ہی سلام کرنا اوپر قرآن پڑہنی والی پر لیکن قاری جواب دی اوسکی سلام کا اور مکروہ ہی سلام قرآن
سننی والی پر اور گنہگار ہوتا ہی اوسپر سلام کرنی والا لیکن وہ جواب دی اور مکروہ ہی سلام نزدیک روایت
حدیث کی اور نزدیک مذاکرہ علم کی لیکن جب کری تو اونکو جواب دینا چاہیی اور نزدیک اذان کی اور نزدیک
تکبیر کے جب ہوں قوم مشغول ساتہ جواب اذان اور تکبیر کی اور سلام کرنی والا گنہگار ہوتا ہی ولیکن وہ جواب
دیں اور مکروہ ہی اوسپر کہ پاخانہ میں ہی پس نزدیک ابوحنیفہ کی دلسی جواب دی نہ زبان سی اور نزدیک
ابی یوسف کی مطلق جواب نہ دی اور نزدیک محمد کی جواب دی بعد فراغ کی حاجت سی اور مکروہ ہی سلام
نماز پڑہنی والی پر اور سلام کرنی والا گنہگار ہوتا ہی اور جواب اوسکی سلام کا نہ دی اور مکروہ ہے
سائل پر اور اگر سائل سلام کری تو نہیں واجب ہی جواب اوسکا اور مکروہ ہی قاضی پر محکمہ میں اور جواب ہی اوسپر
واجب نہیں اور مکروہ ہی اوستاد پر نزدیک درس کے اور اگر کوئی سلام ہی کری تو نہیں واجب ہی جواب اوسکا
اور مکروہ ہی شطرنج اور نرد وغیرہ کہیلنی والی پر اور مکروہ ہی مبتدع پر یعنی رافضی خارجی وغیرہما پر اور مکروہ ہے
ملحدوں پر اور زندیقیوں پر اور مسخروں پر اور جہوٹی کہانیاں کہنی والوں پر اور بیہودہ گویوں پر اور گالیاں
دینی والی پر اور سب نئی دین نکالنی والوں پر اور اوپر کہ رستوں پر بیٹہیں عورتوں اور لڑکوں کی گہورنی
کو اور ستر کہولنی والوں پر اور خوش طبعی کرنی والوں پر اور جہوٹوں پر اور لوگوں کو گالیاں دینی والوں پر
اور اوسپر کہ مشغول ہی بازار میں اپنی معاملہ میں اور بازار میں کہانی والی پر اور گانی والی پر اور کبوتر اوڑانی
والی پر اور کافر پر اور فرمایا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جو کوئی کلام کری پہلی سلام کی پس نہ جواب دو اوسکو
اور سلام کری چلنی والا بیٹہی پر اور چہوٹا بڑی پر اور سوار پیادہ پر اور گہوڑی کا سوار ٹٹو کی سوار پر اور اپنی

گہرمین جاکر گہروالون پر سلام کری کہ موجب برکت کا ہی اور اگر ایسی گہرمین جاوی کہ وہان کوئی نہین ہی
کہی اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کیونکہ فرشتی اسکا جواب دینگی اور بڑی برکت ہوگی اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ * د ت س می * وَرَحْمَةُ اللّٰہِ * د ت س می * وَبَرَکَاتُہٗ * د ت س می *
سلامتی ہووی تجہپر نقل کیے یہہ ابو داؤد و ترمذی نسائی دارمی نی اور رحمت خدا کی نقل کی یہہ ابو داؤد و ترمذی
نسائی دارمی نی اور برکتین اوسکی نقل کیے یہہ ابو داؤد ترمذی نسائی دارمی نی ف السلام علیکم کی ساتہہ
ان جملون کوبہی ملالی کہ ہرایک کی دس دس نیکیان لکہی جاوینگی یعنی فقط السلام علیکم مین دس نیکیان
ہونگی اور ورحمۃ اللہ کی ساتہہ بیس نیکیان اور وبرکاتہ کی ساتہہ تیس اسی طرح فرمایا رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم نی کذا فی المشکوۃ فَاِذَا رَدَّ السَّلَامَ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
ع مر س حب * پس جب جواب دی سلام کا یعنی مسلمان کو توکہی تجہپر اور تمپر سلامتی ہووی اور
رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین اور ابن مردویہ نسائی ابن حبان نی ف
اسطرح جواب دینا افضل ہی اور ادنی درجہ وعلیک السلام یا وعلیکم السلام ہی اور اگر بغیر واو کی بہی جواب
دی تو جواب ادا ہوجاتا ہی کذا ذکر الفخر وَعَلٰی اَہْلِ الْکِتَابِ عَلَیْكَ * م ت س * اور وَعَلَیْكَ
خ م د ت س * اور جو جواب دی کافر کتابی کو یعنی یہود و نصاری کو تو کہی علیک فقط نقل کیے یہہ
مسلم ترمذی نسائی نی یا کہی وعلیک نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد و ترمذی نسائی نی وَاِذَا بُلِّغَ
سَلَامًا مِّنْ اَحَدٍ فَلْیَقُلْ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ع * اور جب پہنچایا
جاوی کوئی سلام کوکسی کی طرف سی پس چاہئی کہ کہی تجہپر اور اوسپر سلام ہو اور رحمت خدا کی اور برکتین
اوسکی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین او وَعَلَیْكَ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ * س * یا کہی اور تجہپر اور
اوسپر سلام ہو نقل کیے یہہ نسائی نی ف جو کوئی کسی کی طرف سی سلام پہنچاوی اوسپر بہی سلام
پہنچا مستحب ہی اور واجب کذا ذکر الفخر وَاِذَا عَطَسَ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ * خ د س * عَلٰی کُلِّ حَالٍ

د ت س مس ق ٭ اور جب چھینکے پس چاہیے کہ کہے سب تعریف ہی خدا کی لیے نقل کیے یہہ بخاری ابو
داؤد نسائی نے بہرحال یعنی اس روایت مین الحمد للہ علی کل حال کہنا آیا ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد ترمذی
حاکم ابن ماجہ نی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ مُبَارَکًا عَلَیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی
د ت س ٭ سب تعریف ہی خدا کی لیے تعریف بہت پاکیزہ بابرکت برکت کی گئی اوسپر جیسی کہ چاہتا ہے
پروردگار ہمارا اور پسند کرتا ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد ترمذی نسائی نی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
ت س حب ٭ سب تعریف ہی خدا کی لیے جو پروردگار ہی سارے جہان کا نقل کیے یہہ ابو داؤد ترمذی
نسائی ابن حبان نی ف اسطرح حمد کرنی بعد چھینکنے کی بہتر ہی اور فقط الحمد للہ کہنی ادنی درجہ اوسکا ہے
اور چھینکنے کی بعد حمد کرنی مستحب ہی اور جواب اوسکا یعنی یرحمک اللہ کہنا سننے والون پر واجب کفایہ ہے
یعنی اگر مجلس کی لوگون مین سی ایک بہی جواب دیگا اور ون کی ذمہ سی ادا ہوجاویگا اور نہین تو سب گنہگار
ہونگی کذا ذکر الفخر وَلْیَقُلْ لَہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ ٭ خ د س ت مس ق ٭ اور کہا جاوی واسطے
چھینکنے والی کے رحمت کری تجہکو اللہ نقل کیے یہہ بخاری ابو داؤد نسائی ترمذی حاکم ابن ماجہ نی وَلْیَرُدَّ
عَلَیْہِ یَہْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ ٭ خ د س ت مس ق ٭ اور چاہیے کہ جواب دیا جاوی جواب دینی والی کو یعنی
جسنی یرحمک اللہ کہا اوسی چھینکنے والا یون جواب دی ہدایت کری تمکو اللہ اور سنوارے حال تمہارا نقل کیے یہہ بخاری ابو داؤد نسائی ترمذی
حاکم ابن ماجہ نی یا یون جواب دی یَغْفِرُ اللّٰہُ لِیْ وَلَکُمْ ٭ د ت س حب ٭ بخشے اللہ مجہکو اور تمکو نقل کیے یہہ ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان نی
اور اور روایت مین بدلی لِیْ وَلَکُمْ کی یون آیا ہی لَنَا وَلَکُمْ ٭ س ق مس ٭ بخشے اللہ ہمکو اور تمکو نقل کیے
یہہ نسائی ابن ماجہ حاکم نی یا جواب یون دی یَرْحَمُنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ وَیَغْفِرُ لَنَا وَلَکُمْ ٭ موطا ٭ رحم
کری ہمپر اللہ اور تمپر اور بخشے ہمکو اور تمکو نقل کیے یہہ موطا نی ف موطا مین یہہ ہی وَاِنْ کَانَ کِتَابِیًّا قِیْلَ لَہٗ یَہْدِیْکُمُ
اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ ٭ ت د س حص ٭ اور جو یہودی چھینکے اور الحمد للہ کہے یعنی یہودی یا نصرانی کہا جاوی
جواب اوسکو ہدایت کری تمکو اللہ اور سنوارے حال تمہارا نقل کیے یہہ ترمذی ابو داؤد نسائی حاکم نی

محمدؐ کی جو بندی تیری ہین اور رسول تیری اور اوپر مومن مردون اور مومن عورتون کی اور اوپر مسلمان
مردون اور مسلمان عورتون کی نقل کی یہہ ابو یعلی نے وَاِذَا رَاٰی اَخَاہُ الْمُسْلِمَ یَضْحَکُ قَالَ
اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ ۞ خ م س ۞ اور جب دیکھی کوئی اپنی بہائی مسلمان کو کہ ہنستا ہی بسبب
خوشی کی تو کہی کہ ہنساوی اللہ دانت تیری اور ہمیشہ خوش رکہی تجہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم
نسائی نے وَاِذَا اَحَبَّ اَخَاہُ فَلْیُعْلِمْہُ ذٰلِکَ ۞ می س د حب ۞ اور جب دوست رکہی
اپنی بہائی مسلمان کو پس جتاوی اوسکو یہہ یعنی محبت اپنی اس لئی کہ وہ بہی محبت کریگا اور رعایت کریگا
دوستی کی دعا وغیرہ مین نقل کیے یہہ ابن سنی نسائی ابو داؤد ابن حبان نے فَاِذَا قَالَ لَہٗ
اِنِّیْ اُحِبُّکَ فِی اللّٰہِ قَالَ اَحَبَّکَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَہٗ ۞ س د حب ی ۞ پس جب کہی
کوئی اوسکو کہ تحقیق مین دوست رکہتا ہون تجکو للہ تو کہی وہ دوست رکہی تجکو وہ شخص کہ دوست
رکہا تو نی مجکو اوسکی لئی یعنی اللہ تعالی نقل کیے یہہ نسائی ابو داؤد ابن حبان ابن سنی نی وَاِذَا
قَالَ لَہٗ غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ قَالَ وَلَکَ ۞ سنی ۞ اور جب کہی کوئی اوسکو کہ بخشی تجکو اللہ تو کہی وہ
اور تجکو بہی بخشی نقل کیے یہہ نسائی نے وَاِذَا قِیْلَ لَہٗ کَیْفَ اَصْبَحْتَ قَالَ اَحْمَدُ اللّٰہَ اِلَیْکَ
ط ۞ اور جب کہا جاوی اوسکو کہ کیونکر صبح کی تو نی یعنی کیا حال ہی تیرا تو کہی تعریف کرتا ہون اللہ کی تیری
پہنچنی تک یعنی اس وقت تلک خیر و عافیت سی ہون نقل کیے یہہ طبرانی نی وَاِذَا نَادَاہُ رَجُلٌ رَدَّ
عَلَیْہِ لَبَّیْکَ ۞ ی ۞ اور جب پکاری اوسکو کوئی آدمی تو جواب دی اوسکو کہ حاضر ہون نقل کی
یہہ ابن سنی نی وَاِذَا صُنِعَ اِلَیْہِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِہٖ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا فَقَدْ اَبْلَغَ
فِی الثَّنَاءِ ۞ ت س حب ۞ اور جب کیا جاوی طرف اوسکی احسان یعنی اگر کوئی کسی پر احسان
کری مثلاً علم وغیرہ تعلیم کری پس کہی وہ احسان کرنی والی کو کہ بدلہ دیوی تجکو اللہ بہتر پس تحقیق مبالغہ
کیا تعریف مین اور ادا کیا حق اوسکا نقل کیے یہہ ترمذی نسائی ابن حبان نے ف بعضی بزرگون نی کہا ہی

کہ تعریف کرنی مین حد سی نہ بڑہ جاوی یعنی اگر فاسق سی فائدہ ہووی تو دلی اور صالح اوسکو نہ کہنی لگی بلکہ کہنی چاہیے کہ اللہ تعالی
خیر دی اوسکو اور اگر صالح سی تکلیف اوٹہائی تو برا نہ کہنی لگی کہی لہ ولنا یعنی اوسکو اور ہمکو اللہ بخشی یا ہدایت
کری وَاِذَا عَرَضَ عَلَیْهِ اَخُوْهُ مِنْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ ح
ت س ی * اور جب سامنی اوسکی لاوی بہائی اوسکا اہل اپنی اور مال اپنا یعنی اس لئی کہ اسقدر کہتا
ہون جو چاہو سو لی لی تو کہی کہ برکت دی اللہ تعالی اہل تیری مین اور مال تیری مین نقل کی یہہ بخاری ترمذی
نسائی ابن سنی نی وَاِذَا اسْتَوْفٰی دَیْنَهٗ قَالَ اَوْفَیْتَنِیْ اَوْفَی اللّٰهُ بِكَ خ م ت س ق
وَفَّی اللّٰهُ بِكَ خ * اَوْفَاكَ اللّٰهُ * مر * اور جب بہر پاوی قرض اپنا تو کہی ادا کیا تو نی قرض میرا تو دیا
تجکو اجر پورا نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی یا کہی دی اللہ تعالی تجکو اجر پورا یعنی بجائی اوفی
کی وفی اللہ بک کہی نقل کی یہہ بخاری نی یا کہی اوفاک اللہ معنی وہی ہین جو گذری نقل کی یہہ مسلم نی وَاِذَا
رَاٰی مَا یُحِبُّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ وَاِنْ رَاٰی مَا یَكْرَهُ قَالَ الْحَمْدُ
لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ * ق مس سی * اور جب دیکہی اوس چیز کو کہ دوست رکہتا ہی یعنی مثل شفا مرض کی
اور مال ہاتہ لگنی کی اور قبولیت دعا وغیر ذلک کے تو کہی سب تعریف ہی اوس خدا کی لئی کہ ساتہ انعام اوسکی
کی پوری ہوتی ہین عمل اچہی اور اگر دیکہی اوس چیز کو کہ برا جانتا ہی تو کہی تعریف ہی اللہ کی لئی ہر حال نقل کی یہہ
ابن ماجہ حاکم ابن سنی نی مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلٰی عَبْدٍ مِنْ نِعْمَةٍ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اِلَّا وَقَدْ اَدّٰی شُكْرَهَا
نہ دی اللہ تعالی نی کسی بندی کو کوئی نعمت پس کہا اوسنی الحمد للہ یعنی لکیا مگر حال یہہ کہ تحقیق ادا کیا شکر اوس نعمت
کا ف یعنی عہدہ شکر سی کہ مقابلہ نعمت کی واجب ہوتا برآ آیا ہی اور مستحق لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّكُمْ کا ہوتا ہی
یعنی اگر تم شکر کروگی تو زیادہ کرونگا تمکو نعمت اپنی فَاِنْ قَالَهَا الثَّانِیَةَ جَدَّدَ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَهَا * پس
اگر کہا اوسنی الحمد للہ دوسری بار از سر نو دیتا ہی اللہ تعالی اوسکو ثواب اوسکا ف اس لئی کہ ایک
دفعہ کہنی مین شکر ادا کر چکا تہا دوبارہ کہنا زیادہ ہی پس ثواب بہی اوسکا علیحدہ ہوگا فَاِنْ قَالَهَا الثَّالِثَةَ

دعا ادای قرض کی

غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ ذُنُوْبَہٗ ت مس یعنی اگر کہا یہہ کلمہ تیسری بار بخشتا ہی اسد تعالی گناہ اوسکی نقل کی یہہ ... کی
مَا اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلٰی عَبْدٍ نِعْمَۃً فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اِلَّا کَانَ قَدْ اَعْطٰی خَیْرًا مِمَّا اَخَذَ
ہی یعنی نہیں دی اسد تعالی نی کسی بندی کو کوئی نعمت پس کہا اوسنی تعریف ہی واسطی اسد پروردگار عالموں کی مگر
کہ ہوتا ہی بندہ کہ تحقیق دیا گیا بہتر اوس چیز سی کہ لی تہی نقل کی یہہ ابن سنی نی ف یعنی نعمت جو لی
تہی اوسسی توفیق اس کلمہ کہنی کی بہتر ہوئی اور بڑی نعمت ملی کیونکہ نعمت فانی ہی اور ثواب اسکا باقی
اور توفیق حمد کی ایسی نعمت ہی کہ کوئی نعمت دنیا کی اوسکو نہیں پہنچتی ہی وَاِذَا ابْتُلِیَ بِالدَّیْنِ قَالَ اللّٰہُمَّ
اَکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ت مس اور جب مبتلا کیا
جاوی کوئی ساتہہ قرض کے تو پڑہی یا اسد کفایت کر مجکو ساتہہ حلال اپنی کی اور بی پروا کر حرام اپنی سی کہ
حرام کی نہ پڑہی اور بی پروا کر مجکو ساتہہ فضل اپنی کی فضل اوسکی کی سوا تیری ہی نقل کی یہہ ترمذی نی
ف روایت ہی کہ ایک غلام مکاتب نی حضرت علی رضی سی آنکر عرض کیا کہ ادای کتابت سی عاجز ہوا
ہین مدد کرو میری فرمایا کہ تجکو کتنی کلمی سکہا دیتا ہون کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی مجکو پہنچی ہین اگر
بڑی پہاڑ کے برابر قرض ہو تجپر تو اللہ تعالی ادا کری پہر پڑہی دعا اللّٰہُمَّ اَکْفِنِیْ آخر تک سکہائی کذا فی المشکوۃ
اور ایک روایت مین ادای دین کی لئی آیا ہی کہ جمعہ کی نماز کی بعد ستر بار پڑہی اللّٰہُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ
وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ کذا ذکرہ العلی اَللّٰہُمَّ فَارِجَ الْہَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ
دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَہَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَۃٍ تُغْنِیْنِیْ بِہَا
عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ مس حص یا اسد دور کرنی والی فکر کی کہولنی والی غم کی قبول کرنیوالی دعا
کی یعنی اگرچہ فاجر و کافر ہون بخشش کرنی والی دنیا والون کی اور مہربان دنیا کی یعنی مسلمان دنیا والون
تو ہی مہربانی کرتا ہی مجپر پس رحم کر مجپر ساتہہ اوس رحمت کی کہ بی پروا کری تو مجکو بسبب اوسکی رحمت اوسکی کسی سوا
تیری سی نقل کی یہہ حاکم وابن مردویہ نی ف یعنی حقیقت مین جو کوئی کسی پر مہربانی کر

ہوتی ہے پس جب تو ہی مہربانی کرنے والا ہوا تو بواسطہ اپنی مخلوق کے مجھ پر مہربانی کر کہ محتاج کسی کا نہوں
اور مضطر اوسکو کہتے ہیں کہ سوا اللہ تعالی کے کوئی وسیلہ نہ رکہتا ہو اور ہستی سے بیزار ہو گیا ہو ذکر الفقر

اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ
مَنْ تَشَاءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تُعْطِیْھِمَا مَنْ تَشَاءُ
وَتَمْنَعُ مِنْھُمَا مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ ط صط یا اللہ

مالک ملک کی دیتا ہے تو ملک جسکو چاہے اور چہین لیتا ہے ملک جس سے چاہے اور عزت دیتا ہے جسکو چاہے
اور ذلت دیتا ہے جسکو چاہے بیچ ہاتھ تیرے کے ہے بہلائی تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہے اے بخشش کرنے والے
خلق کی دنیا اور آخرت میں دیتا ہے تو دنیا اور آخرت جسکو چاہے اور باز رکہتا ہے اون دونوں سے جسکو
چاہے دے مجکو وہ رحمت کہ بے پروا کرے تو بسبب اوسکی مہربانی اونکی سے کہ سوا تیرے ہیں نقل کی یہہ طبرانی نے صغیر میں

وَتَقَدَّمَ مَا یَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحَ وَاِذَا اَمْسٰی د اور پہلے گذرے وہ دعا کہ پڑہے جس وقت کہ صبح کرے اور جس وقت
کہ شام کرے یعنی صبح شام کی دعاؤں میں ایک دعا اداے دین کی لئے گذر چکی ہے یعنی اللہم انی اعوذبک من الہم
آخر تک نقل کی وہ ابو داود نے وَاِذَا اَخَذَہٗ اِعْیَاءٌ مِنْ شُغْلٍ اَوْ طَلَبَ زِیَادَۃَ قُوَّۃٍ فَلْیُسَبِّحْ عِنْدَ
نَوْمِہٖ ثَلَاثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَلْیَحْمَدْ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَلْیُکَبِّرْ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِیْنَ اَوْ مِنْ کُلٍّ ثَلَاثًا
وَّثَلٰثِیْنَ اَوْ مِنْ اَحَدِھِنَّ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِیْنَ تَمَامَ ۃ مخ م د س ت حب ط اور جب
کسی کو ماندگی ہے سبب کسی کام کی یعنی جو کوئی تہک جاوے بسبب کوئی ایک کام کرنے کے یا چاہے زیادتی قوت
کی پس سبحان اللہ پڑہے نزدیک سونے اپنے کی تینتیس بار اور الحمد للہ پڑہے تینتیس بار اور اللہ اکبر پڑہے
چونتیس بار یا ہر ایک تینتیس تینتیس بار پڑہے یا ایک اون سے یعنی جسکو چاہے بغیر تعین تکبیر کی چونتیس بار پڑہے اور باقی دو کو
تینتیس تینتیس بار نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داود نسائی ترمذی ابن حبان احمد طبرانی نے اَوْ مِنْ کُلِّ دُبُرِ کُلِّ
صَلٰوۃٍ عَشْرًا اَوْ عِنْدَ النَّوْمِ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَالتَّکْبِیْرُ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِیْنَ مد ا یا پڑہے ہر ایک سے یعنی تسبیح

تسبیح و تحمید و تکبیر سی پہچی ہر نماز فرض کی دس دس بار اور نزدیک سونی کی تینتیس تینتیس بار یعنی سبحان اللہ اور الحمد للہ
اور اللہ اکبر چونتیس بار نقل کیے یہہ احمد نی **ف** صحیح یہہ ہی کہ تکبیر کو اسجگہہ یعنی سوتی وقت مقدم کری تسبیح
و تحمید پر کہ اولی ہی اور چونتیس بار پڑہی اور حدیث شریف مین آیا ہی خلاصہ اوسکا یہہ ہی کہ حضرت فاطمہؓ نی
اپنی ہاتہون کی گہٹی پڑنی کا سبب پیسنی چکی کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی عرض کروایا اور خادم مانگا آنحضرت
نی فرمایا کہ بہتر اوس سی بتاتا ہون مین پہر یہہ تسبیحات سکہائین اور فرمایا کہ ای فاطمہؓ مشقت محنت دنیا کی
بہی بہر طریق گذر جاتی ہی تقوی اور بندگی کر خدا کی لئی اور خدمت کر اپنی گہر والون کی پس حضرت فاطمہ اور حضرت
علی کبہی اسکو نچہوڑتی تہی کذا ذکرہ الفخر اور ملا علی قاری رح نی اس عمل کو مجرب لکہا ہی فَمَنِ ابْتُلِیَ بِالْوَسْوَسَۃِ
فَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰہِ وَلْیَنْتَہِ خ م د س * اور جو کوئی مبتلا کیا جاوی ساتہہ وسوسہ کی یعنی تشویش
اعتقاد مین ہو یا بدن مین پس چاہئی کہ پناہ پکڑی ساتہہ اللہ کی وسوسہ سی اور باز آوی نقل کیے یہہ بخاری مسلم
ابوداؤد نسائی نی **ف** باز آوی یعنی وسوسہ سی جسطرح ہو سکی کہا میرک شاہ نی اگر اعوذ سی وسوسہ نہ
جاوی تو اوٹہہ کہڑا ہوی اور کسی کام مین مشغول ہو جاوی اور وسوسہ شرع مین کہتی ہین باتون نفس اور شیطان
کیتئین کہ بری فکر مین دلمین آنکر باعث ہووین گناہ کی اور اچہی فکر کو الہام کہتی ہین اور وسوسہ دو قسم پر ہی ضروری
اور اختیاری ضروری وہ ہی کہ ناگہان بی اختیار نفس مین آجاوی اوسکو ہاجس کہتی ہین پس یہہ قسم معاف
ہی اس امت مرحومہ سی اور سب پہلی امتون سی ہی پہر جب ٹہیری اور خلجان ہووی دلمین اوسکو خاطر کہتی
ہین وہ بہی اس امت سی معاف ہی اور اختیاری وہ ہی کہ وسوسہ دلمین پڑی اور باقی رہی اور دوام اور اصرار
ہووی اوسپر اور ہمیشہ دلمین خلجان کری اور خواہش کرنی اوسکی ہووی اور لذت اور محبت اوسکی آون
پیدا ہووی اس قسم کو ہم کہتی ہین یہہ بہی خاص اس امت مرحومہ سی معاف ہی اور مواخذہ نہین اوسپر اور وہ
عمل کیے نامۂ اعمال مین ثبت نہین ہوتا بلکہ بعد قصد کی اگر اپنی کو باز رکہی اوسکی مقابلہ مین نیکی لکہی جاتی ہی
اور ایک قسم اور ہی کہ اوسکا نام عزم ہی وہ ٹہیرائی بات نفس کی ہی اور عزم بالجزم ہی دلکا اوسپر کہ کری

مانع اوس سی نہین ہی مگر نہ میسر ہونا اسباب کا خارج مین اور اوسکی نفس مین کچہہ اوس سی کراہت اور
نفرت نہ ہووی اگر اسباب بالفعل موجود ہووی تو البتہ کری اس قسم پر مواخذہ ہی لیکن مواخذہ فعل سی
کم یعنی جب تلک دلمین ہی کم گنہگار ہی اور جب اوسکو کریگا زیادہ گنہگار ہوگا کذا ذکر العلی والفخر من شرح
المشکوۃ اور یہہ تقسیم اون افعال کی ہی کہ اعضا سی واقع ہوتی مین مثلاً زنا وغیرہ اگر وسوسہ اونکا ہو
تو منقسم ان اقسام پر ہی اور جو متعلق دل کی ہین مثل عقائد فاسدہ اور اعمال قلب کی یعنی حسد وغیرہ
وہ اسمین داخل نہین اوسکی خلجان اور استمرار پر بہی مواخذہ ہوتا ہی کذا فی المرقاۃ او لیقل اٰمنت
باللّٰہِ وَرُسُلِہٖ م ہو یا کہی ایمان لایا مین ساتہہ خدا کی اور رسولون خدا کی نقل کی یہہ مسلم نی یا
پڑہی اَللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ثُمَّ لْیَتْفُلْ عَنْ یَسَارِہٖ
ثَلٰثًا وَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ د س ی و مِنْ فِتْنَتِہٖ س اللہ ایک
ہی اللہ بی نیاز ہی نہ جنا اور جنا گیا اور نہین ہی کوئی ہمسر اوسکا پہر چاہئی کہ تہوکی بائین طرف اپنی تین بار
اور پناہ پکڑی ساتہہ اللہ کی شیطان راندی ہوی سی یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہی نقل کی یہہ
ابوداؤد و نسائی ابن سنی نی اور نسائی نی یہہ زیادہ کیا اور پناہ مانگی فتنہ شیطان کی سی ف تہوکنا
تاثیر رکہتا ہی شیطان کی دفع مین کذا ذکر الفخر وَاِنْ کَانَتِ الْوَسْوَسَۃُ فِی الْاَعْمَالِ فَاِنَّ ذٰلِکَ
شَیْطَانٌ یُّقَالُ لَہٗ خِنْزِبٌ فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنْہُ وَلْیَتْفُلْ عَنْ یَسَارِہٖ ثَلٰثًا م ص
اور جو ہووی وسوسہ عملون مین یعنی نماز وضو اور سوا انکی مین پس تحقیق یہہ وسوسہ والنی والا شیطان
ہی کہ کہا جاتا ہی اوسکو خنزب پس چاہئی کہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہی اور تہوکی بائین طرف اپنی تین بار
نقل کی یہہ مسلم ابن ابی شیبہ نی وَمَنْ غَضِبَ فَقَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ذَہَبَ
عَنْہُ مَا یَجِدُ خ م د س اور جو کوئی غصہ ہووی پہر کہی پناہ پکڑتا ہون مین ساتہہ اللہ کی شیطان
راندی ہوی سی جاتی رہتی ہی اوس سی وہ چیز کہ پاتا ہی یعنی غصہ نقل کی یہہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی نی

بیان غصہ کا

بیان بدزبانی

ومن كان حد اللسان فاحشة لا تهم لاستغفار الحديث حذيفة شكوت الى رسول الله
صلى الله عليه وسلم ذرب لساني فقال اين انت من الاستغفار اني لاستغفر الله في كل
يوم مائة مرة * س ق مس مص ى * اور جو کوئی ہووی تیز زبان یعنی بدزبان لازم کری
استغفار کو واسطی اس حدیث کی کہ حذیفہ صحابی نقل کرتی ہین کہ شکوہ کیا مینی طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم کی تیز زبانی اپنی کا پس فرمایا کہان ہی تو استغفار سی یعنی استغفار کیون نہین پڑہتا کہ اوس سی
بلیات ظاہر و باطن سب دفع ہوتی ہی تحقیق مین البتہ استغفار کرتا ہون اللہ سی ہر دن مین سو بار نقل کی
نسائی ابن ماجہ حاکم ابن ابی شیبہ ابن سنی نی * ومن انتهى الى المجلس فليسلم فان بدا له

بیان سلام مجلس

ان يجلس فليجلس ثم اذا قام فليسلم * د ت س * اور جو شخص آوی طرف مجلس کے پس چاہیے
کہ السلام علیکم کہی پس اگر دل مین آوی اوسکی یہہ کہ بیٹھی پس بیٹھی پہر جب اوٹہی پس سلام کری نقل کی یہہ ابوداؤد
ترمذی نسائی نی ف اسکو سلام رخصت کا کہتی ہین یہہ دونو سلام سنت ہین اور جواب انکا
واجب کذا ذکرہ الفخر * كفارة المجلس ان يقول قبل ان يقوم سبحانك

کفارۂ مجلس

اللهم وبحمدك اشهد ان لا اله الا انت استغفرك واتوب اليك * د ت س حب
مس ط مص * ثلث مرات * د حب * اور دور کرنی والا گناہون مجلس کا یہہ ہی کہ کہی
ف معنی سبحان اللہ کی یہہ ہیں پاک ہی اللہ تعالی سب عیبوں سی اور الحمد للہ کی یہہ کہ سب تعریف ہی اللہ تعالی کو لا الہ الا اللہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اللہ اکبر اللہ بہت بڑا ہی لا حول ولا قوۃ الا باللہ نہیں ہو سکتا پہرنا گناہ سے مگر ساتھ محافظت اللہ تعالی کی اور نہیں ہی قوت اللہ کی طاعت پر مگر ساتھ مدد اللہ کی چنانچہ معنی اس کی سکھلائی گئی نہیں مذکور ہوا اَحَبُّ الْكَلَامِ اِلَى اللّٰهِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَا يَضُرُّكَ بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ ۔ م ت ۔ بہت پیاری کلام آدمی کی طرف اللہ کی چار ہیں سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر نہیں ضرر کرتا ہی تجکو ساتھ جسکی انمیں سی شروع کری تو یعنی تقدیم تاخیر ایک کی دوسری پر مضر نہیں مگر اولی یہی ہی کہ موافق ترتیب حدیث کی پڑہی نقل کیے یہہ مسلم ترمذی نی هِيَ اَفْضَلُ الْكَلَامِ بَعْدَ الْقُرْاٰنِ وَهِيَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۔ ا ۔ یہہ کلمی چار کلمی بہترین کلام کی ہیں پیچھی قرآن کی اور یہہ کلمی قرآن سی ہیں یعنی اگرچہ سب الگ الگ

ایکجا ہی قرآن مین نہین ہین لیکن علٰحدہ علٰحدہ مذکور ہین نقل کی ہیہ احمد نی مسند قا لہا کتب لہ بکل حرف عشر حسنات ہط مد جو کوئی لکھی انکو لکھی جاتی ہین اوسکی لئی بدلی ہر حرف کی دس نیکیان نقل کی ہیہ طبرانی نی اوسط مین

لان اقول لہا احب الی مما طلعت علیہ الشمس م مرت س مص عو فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی البتہ کہنا میرا انکو بہت پیارا ہی نزدیک میری اوس چیز سی کہ نکلا ہی اوسپر آفتاب یعنی دنیا اور دنیا کی چیزین نقل کی ہیہ مسلم ترمذی نسائی ابن ابی شیبہ ابو عوانہ نی ان الجنۃ طیبۃ التربۃ عذبۃ الماء وانہا قیعان وان غراسہا ہذہ ت بتحقیق بہشت کی اچھی مٹی ہی اور میٹھا پانی ہی اور بتحقیق وہ میدان ہموار ہی اور بتحقیق درخت اوسکی ہیہ کلمی ہین نقل کی ہیہ ترمذی نی ف یعنی جو کوئی ایک کلمہ انمین سی پڑہی ایک درخت جنت مین بویا جاتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ شب معراج کو حضرت ابراہیم علیہ السلام سی ملاقات کی مینی کہا ای محمد اپنی امت کو میری طرف سی سلام کہنا اور ہیہ کہنا ان الجنۃ طیبۃ التربۃ آخر تلک کذا ذکرالفقیر رحمہ اللہ اور ایک روایت مین اسقدر زیادہ آیا ہی یغرس لک بکل واحدۃ شجرۃ فی الجنۃ ق مس طس بویا جاتا ہی تیری لئی بدلی ہر ایک کلمہ کی ان چارون مین سی درخت بہشت مین نقل کی ہیہ ابن ماجہ حاکم نی اور طبرانی نی اوسط مین خذوا جنتکم من النار قولوا یعنی ہذہ بکڑو تم سپر اپنی آگسی کہو مراد رکہتی تھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ہیہ چار کلمی ف یعنی وہ سپر ہیہ ہی کہ کہو تم ان چار کلمون کو چنانچہ راوی نی مراد آنحضرت کی لفظ یعنی کرکی فانہن یأتین یوم القیامۃ مجنبات ومعقبات بس تحقیق ہیہ کلمی آوینگی دن قیامت کی داہنی بائین طرف اور پیچہی ف پڑہنی والی اپنی کی یعنی بطور فوج لشکر کی محافظت اوسکی کرکر بہشت کو لیجاوینگی وہن الباقیات الصالحات س مس صط طس اور ہیہ کلمی تفسیر الباقیات الصالحات مین نقل کی ہیہ نسائی حاکم نی اور طبرانی نی صغیر و اوسط مین ف یعنی قرآن مجید مین جو آیا ہی والباقیات الصالحات خیر عند ربک ثوابا وخیر املا مراد اوس سی ہیہ کلمی ہین معنی آیت کی ہیہ ہین اور باقی رہنی والی نیکیان بہتر ہین نزدیک پروردگار تیری کی ثواب مین اور بہتر ہین آرزو رکہنی مین و کل تسبیحۃ صدقۃ وکل تحمیدۃ صدقۃ

صلوٰۃ التسبیح

وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ ۔ مر د ق ۔ اور ہر ایک تسبیح یعنی سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے
اور ہر تحمید یعنی الحمد للہ کہنا صدقہ ہی اور ہر تہلیل یعنی لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہی اور ہر تکبیر یعنی اللہ اکبر کہنا صدقہ ہی یعنی
کہنے والے کو ثواب صدقہ کا سا ملتا ہی نقل کیے ہیں مسلم ابو داؤد ابن ماجہ نی وَهُنَّ اللَّاتِي يُقَلْنَ فِي صَلٰوةِ
التَّسْبِيحِ فَلِذٰلِكَ يُرْوَى أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمِّهِ الْعَبَّاسِ يَا عَبَّاسُ يَا عَمَّاهُ أَلَا أُعْطِيكَ أَلَا
أَمْنَحُكَ أَلَا أَحْبُوكَ أَلَا أَفْعَلُ بِكَ عَشْرَ خِصَالٍ ۔ اور یہہ کلمے وہ ہین کہ پڑھے جاتے ہین صلوٰۃ التسبیح مین
اور بیان اوسکا یہہ ہی کہ تحقیق پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چچا اپنے کو کہ عباس ہین اے عباس اے چچا میرے
کیا نہ دون مین تجکو کیا نہ دون مین تجکو کیا نہ دون مین تجکو کیا نہ کرون مین تجکو صاحب دس خصلتون کا
ف مراد دس خصلتون سے یہی دس دس بار التسبیح کہنی ہین سوا قیام کی اور طیبی نے دس خصلتون سے مراد اول
چار رکعت پڑھنی لکھی ہے اور دوسری فاتحہ پڑھنی اور تیسری ضم سورت چوتھی پندرہ بار تسبیح کہنی قیام مین پانچوین
دس بار کہنا اوسکا رکوع مین چھٹی دس بار کہنا اوسکا قومہ مین ساتوین دس بار کہنا اوسکا پہلی سجدے مین
آٹھوین دس بار کہنا اوسکا جلسہ مین نوین دس بار کہنا اوسکا دوسری سجدہ مین دسوین دس بار کہنا
جلسہ استراحت مین پس یہہ بہت مناسب ہی بنظر سیاق حدیث کی اور بعضون نے مراد دس خصلتون سے
دس طرح کی گناہ کہی ہین جیسی کہ حدیث مین ذکر ہین پس مراد یہہ ہی کہ ایسی چیز بتاتا ہون کہ دس طرح کی گناہ بخشی
جاوین لیکن اس توجیہ مین تکلف ہی کذا ذکرہ المخرج إِذَا أَنْتَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ ذَنْبَكَ أَوَّلَهُ
وَآخِرَهُ قَدِيمَهُ وَحَدِيثَهُ خَطَأَهُ وَعَمْدَهُ صَغِيرَهُ وَكَبِيرَهُ سِرَّهُ وَعَلَانِيَتَهُ عَشْرَ خِصَالٍ
أَنْ تُصَلِّيَ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَأُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَسُورَةً ۔ جس وقت کرے تو یہہ
بخشی اللہ تعالی تیری لیے گناہ تیری پہلی اور پچھلی پرانی اور نئی چوک کر اور جان کر چھوٹی اور بڑی پوشیدہ
اور ظاہر دس خصلتین یہہ ہین کہ پڑھ چار رکعتین پڑھ ہر رکعت مین الحمد اور کوئی سورت ف ابن عباس سے
منقول ہی کہ الہٰکم التکاثر اور والعصر اور قل یا اور قل ہو اللہ پڑھی اور بعضی روایت مین اذا زلزلت اور والعادیات فرمایا

اور اذا جاء اور سورۂ اخلاص آئی ہین کذا ذکر الفرج فاذا فرغت من القراءة فی اول رکعة وانت قائم
قلت سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر خمس عشرة مرة ثم ترکع فتقولها
وانت راکع عشرا ثم ترفع رأسک من الرکوع فتقولها عشرا ثم تهوی ساجدا فتقولها
عشرا ثم ترفع رأسک من السجود فتقولها عشرا ثم تسجد فتقولها عشرا ثم ترفع رأسک من السجود
فتقولها عشرا قبل ان تقوم فذلک خمس وسبعون مرة فی کل رکعة تفعل ذلک فی اربع رکعات

پہر جب فراغت پاوے تو قرأت سے پہلی رکعت مین اور تو کہڑا ہو کہے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر پندرہ بار
پہر رکوع کرے پس کہے ان کلمون کو رکوع مین دس بار یعنی بعد پڑہنے سبحان ربی العظیم کی پہر اوٹہاوے سر اپنا رکوع سے پس کہے
ان کلمون کو دس بار یعنی بعد سمع اللہ لمن حمدہ کی پہر جہکے تو سجدے مین پس کہے ان کلمون کو دس بار یعنی بعد سبحان
ربی الاعلی کی پہر اوٹہا سر اپنا سجدے سے پس کہے ان کلمون کو دس بار پہر سجدہ کر پہر کہے ان کلمون کو دس بار
پہر اوٹہا سر اپنا سجدے سے پس کہے ان کلمون کو دس بار پہلے اسکی کہ کہڑا ہووے تو یہ ہین پچہتر تسبیحات ہر رکعت مین
کرے یہ چار رکعت مین ان استطعت ان تصلیها فی کل یوم مرة فافعل فان لم تفعل ففی کل جمعة مرة فان لم تفعل ففی
کل شهر مرة فان لم تفعل ففی کل سنة مرة فان لم تفعل ففی عمرک مرة د ق [illegible]

اگر طاقت رکہے تو پڑہے اس نماز کی ہر دن مین ایکبار پس پڑہ پس اگر نہ پڑہ سکے تو ہر روز پس ہر ہفتہ مین ایکبار
پس اگر نہ پڑہ سکے تو ہر ہفتہ مین پس ہر مہینے مین ایکبار پس اگر نہ پڑہ سکے تو ہر مہینے مین پس ہر برس مین ایکبار
نہ پڑہ سکے تو ہر برس مین پس تمام عمر مین ایکبار نقل کیے یہ ابوداود وابن ماجہ حاکم ابن حبان نے ف
سنا مینے اپنے استاد یگانۂ آفاق مولانا اسحاق صاحب زاد ہم شرفا سے کہ قعدون مین التحیات کی پہلے تسبیحات
پڑہے بخلاف اور ارکان کی اور جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے لکہا ہی کہ اخیر التحیات [illegible] بعد [illegible]
دعا پڑہے اللهم انی اسئلک توفیق اهل الهدی واعمال اهل الیقین ومناصحة اهل التوبة وعزم اهل الصبر وجد
وطلب اهل الرغبة وتعبد اهل الورع وعرفان اهل العلم حتی اخافک اللهم انی اسئلک مخافة تحجزنی

وحتی اعمل بطاعتک عملا استحق به رضاک وحتی اناصحک بالتوبة خوفا منک وحتی اخلص لک النصيحة حياء
منک وحتی اتوکل عليک في الامور کلها وحسن الظن بک سبحان خالق النور ربنا اتمم لنا نورنا واغفر لنا انک
على کل شيء قدير برحمتک يا ارحم الراحمين معنی یہہ ہین یا اللہ مین مانگتا ہون تجہسی توفیق ہدایت والون کی
اعمال یقین والون کی اور خیرخواہی توبہ والون کی اور قصد صبر والون کا اور کوشش ڈرنی والون کی
اور مانگنا رغبت والون کا اور بندگی کرنی پرہیزگارون کی اور معرفت عالمون کی یہان تلک کہ ڈرون مین تجہسی یا اللہ
تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی ڈر کہ باز رکہی مجہکو گناہون تیری سی اور یہان تلک کہ کرون مین ساتہہ بندگی تیری
عمل کہ لائق ہون مین بسبب اوسکی خوشنودی تیری کا اور یہان تلک کہ خیرخواہی کرون تیری ساتہہ توبہ کی ڈرنی
تجہسی اور یہان تلک کہ خالص کرون مین تیری لئی خیرخواہی حیا کرنی کر تجہسی اور یہان تلک کہ بہروسا کرون مین
تجہپر بیچ سب امور کی ساتہہ نیک رکہنی گمان کے ساتہہ تیری پاک ہی پیدا کرنی والا نور کا ای رب ہمارے تمام کر
ہمارے لئی نور ہمارا اور بخش ہمکو تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہی ساتہہ رحمت اپنی کی ای بہت رحم کرنی والی سب رحم
کرنی والون سی یہہ دعا طبرانی نی بیچ اوسط مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی … النور تک سلام سی پہلی
پڑہنی روایت کی ہی اور عبد العزیز بن داؤد رح نی لکہا ہی کہ جو کوئی ارادہ کری جنت کا لازم کری اپنی اوپر یہہ صلوٰۃ تسبیح
اور ابو عثمان زاہدی نی کہا ہی کہ نہ دیکہی مین نی کوئی چیز دفع سختی اور غم کی لئی مثل صلوٰۃ تسبیح کی اور اکثر ائمہ اور بزرگون
کا اسپر عمل رہا ہی اور مستحب ہی پڑہنا اسکا جمعہ کو دوپہر ڈہلی اور اگر اسمین احتیاج ہووی سجدہ سہو کی پڑی تو ان
سجدون مین تسبیحات نہ پڑہی کہ تین سو سی زیادہ ہو جاوین گی کذا ذکر الفخر والعلی وهي مع ولا حول ولا
قوة الا بالله فان هن الباقيات الصالحات وهن يحططن الخطايا كما تحط الشجرة ورقها
وهن من كنوز الجنة مط اور یہہ کلمی یعنی سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ساتہہ لا حول ولا قوۃ
الا باللہ کی جسکی تحقیق تفسیر آیت الباقیات الصالحات کی ہین یعنی اوس سی مراد یہہ تسبیحات ہین اور یہہ پانچون کلمی جہاڑتی ہین
گناہون کو جیسا کہ جہاڑتا ہی درخت پتی اپنی اور یہہ کلمی خزانون جنت کی سی ہین نقل کیے یہہ طبرانی نی

ف یعنی اسباب حاصل ہونی گنج بہشت کیسی ہین یا اسکی پڑھنی والی کو ثواب مثل گنج دنیا کی ملیگا اور کیا

مقابلہ مین یہان کی گنج کی کیا حقیقت ہی کذا ذکر الفخر * ما یجزئ من القرآن من لا یستطیعہ * مص

قائم مقام ہوتی ہین یہہ کلمی قرآن کی اوس کسی کو کہ نہ پڑھ سکی قرآن نقل کیے یہہ ابن ابی شیبہ نی و کذلک

مع اللّٰہم ارحمنی وارزقنی وعافنی واہدنی یجزئ من القرآن لمن لا یستطیعہ * ابو داود * فقد

ملائکۃ من الخیر * دس * یعنی اور اسیطرح یہہ کلمی ساتھ اللہم ارحمنی وارزقنی وعافنی واہدنی کی قائم مقام

ہوتی ہین قرآن کی واسطی اوس کسیکی کہ نہ پڑھ سکی قرآن جسمین یاد کچھ یہہ کلمی پس خصوص یہا یا نہ اپنا پہلا ہی

نقل کیے یہہ ابو داود اور نسائی نی * ومن ایضاً ... اللہ علیہ ... وتبارک اللہ قبض علیہن ملک

فضمہن تحت جناحہ وصعد بہن لا یمر بہن علی جمع من الملائکۃ الا استغفروا لقائلہن

حتی یحیی بہن وجہ الرحمٰن * مو * یعنی اور یہہ کلمی بغیر دعا کی یعنی سوا اللہم ارحمنی آخر تک کی ساتھ

وتبارک اللہ کی یہہ فضیلت رکھتی ہین کہ متعین ہوتا ہی ان پر فرشتہ پس جمع کرتا ہی انکو نیچے دونا نپی کی یعنی کمال

احتیاط رکھتا ہی اور لی چڑھتا ہی انکو آسمان پر نہین گذرتا ہی ساتھ انکی کسی جماعت فرشتون پر مگر کہ بخشش

چاہتی ہین واسطی کہنی والی انکی کی یہان تلک کہ تعریف کی جاتی ہی ساتھ انکی ذات اللہ تعالی کے یعنی انکو

درگاہ باریتعالی مین عرض کرتی ہین تا رحمت و خوشنودی اوسکی پڑھنی والی پر متوجہ ہو نقل کیے یہہ موفق حاکم نی

ان اللہ اصطفی من الکلام اربعا سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر فمن قال

سبحان اللہ کتب لہ عشرون حسنۃ وحطت عنہ عشرون سیئۃ ومن قال اللہ اکبر فمثل ذلک ومن قال اللہ اکبر فمثل ذلک

ومن قال لا الہ الا اللہ فمثل ذلک ومن قال الحمد للہ رب العالمین من قبل نفسہ کتبت لہ

ثلاثون حسنۃ وحطت عنہ ثلاثون سیئۃ * س آمس * یعنی تحقیق اللہ تعالی نی چن لی کلام ادمی سی

چار کلمی سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر پس جو شخص کہی سبحان اللہ لکھی جاتی ہین واسطی اوسکی بیس

نیکیان اور دور کی جاتی ہین اوس سی بیس گناہ اور جو شخص کہی الحمد للہ پس ثواب اوسکا مانند اسیکی ہی اور

کہے اسکو اس ثواب اوسکا مانند اسی کے ہی اور جو کوئی کہے لا الٰہ الا اللہ پس ثواب مانند اسکی ہی اور جو شخص کہے
الحمد للہ رب العالمین اپنے خوشی یعنی دل سے بدون ریا اور جبر کرنے کسی کی لکہی جاتی ہین اوسکی لیئے تیس نیکیان
اور دور کیئے جاتی ہین تیس گناہ اوس سی نقل کیے ہیہ نسائی احمد حاکم بزار نی اَمَا يَسْتَطِيعُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّعْمَلَ
كُلَّ يَوْمٍ مِثْلَ اُحُدٍ عَمَلًا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ يَّسْتَطِيعُ ذٰلِكَ قَالَ كُلُّكُمْ يَسْتَطِيعُهٗ قَالُوْا
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاذَا قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ ٭ ر ط ٭ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی صحابہ کو کہ نہین
طاقت رکہتا ایک تم مین سی یہہ کہ کری ہر دن مانند پہاڑ احد کی عمل یعنی ثواب اوسکا اتنا ہو عرض کیا صحابہ نی
ای رسول اللہ کی کون کرسکتا ہی یہہ فرمایا ہر ایک تم مین سی کرسکتا ہی یہہ عرض کیا اونہون نی ای رسول
خدا کی کیا ہی وہ فرمایا ثواب سبحان اللہ کا بہت بڑا ہی احد سی اور ثواب لا الٰہ الا اللہ کا بہت بڑا ہی احد سے
اور ثواب الحمد للہ کا بہت بڑا ہی احد سی اور ثواب اللہ اکبر کا بہت بڑا ہی احد سی نقل کیا ہیہ بزار طبرانی نی سُبْحَانَ اللّٰهِ
مِائَةَ تَعْدِلُ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمٰعِيلَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِائَةَ تَعْدِلُ مِائَةَ فَرَسٍ مُسْرَجَةٍ
مُلْجَمَةٍ يُحْمَلُ عَلَيْهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِائَةَ تَعْدِلُ مِائَةَ بَدَنَةٍ مُقَلَّدَةٍ مُتَقَبَّلَةٍ
س ق مس ط مص ٭ بمکۃ ٭ ط ٭ ثواب سو بار سبحان اللہ کہنے کا برابر ہوتا ہی ساتہہ ثواب
سو بردی آزاد کرنی کے کہ وہ اولاد اسمعیل کیسی ہون اور ثواب سو بار الحمد للہ کہنے کا برابر ہوتا ہی ساتہہ
ثواب سو گہوڑون زین والون لگام والون کے کہ سوار کیا جاوی اونپر غازیون کو اللہ کی راہ مین یعنی جہاد
لئے اور ثواب سو بار اللہ اکبر کہنے کا برابر ہوتا ہی ساتہہ ثواب قربانی کرنی سو اونٹون کی جو قلادہ والی مقبول
ہون نقل کیے ہیہ نسائی ابن ماجہ حاکم طبرانی ابن ابی شیبہ نی اور طبرانی کی ایک روایت مین یہہ بھی ہے
کہ ذبح کیئی جاوین وہ مکہ مین یعنی یہہ بہت فضیلت رکہتا ہی ایسا ثواب پاویگا **ف** قلادہ کہتے ہین اوسکو کہ
وہان کے قربانی کی علامت کی لیئے کچہہ گلے مین جانور کی باندہ دیتی ہین وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ

وَالْاَرْضِ * س ق مس ا ط * اور ثواب لا الہ الا اللہ کا بہر دیتا ہی آسمان و زمین کی چیز کو کہ درمیان آسمانوں و زمین کی ہی نقل کیے یہہ نسائی ابن ماجہ حاکم احمد طبرانی نی بَخٍ بَخٍ خَمْسٌ مَا اَثْقَلَهُنَّ فِي الْمِيْزَانِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَالْوَلَدُ الصَّالِحُ يُتَوَفّٰى لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فَيَحْتَسِبُهُ * س حب مس ر ا ط * خوشوقتی ہی خوشوقتی ہی ساتہہ پانچ چیزونکی کیا بہاری ہین وہ ترازو مین کہ وہ یہہ مین کہنا لا الہ الا اللہ اور سبحان اللہ اور الحمد للہ اور اللہ اکبر کا اور بیٹا نیکبخت یعنی مسلمان کہ مری مرد مسلمان کا اس کو ثواب چاہی اوسپر یعنی ساتہہ صبر اور شکر اور رضا کی نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم بزار احمد طبرانی نی اِنَّ مِمَّا تَذْكُرُوْنَ مِنْ جَلَالِ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَنْعَطِفْنَ حَوْلَ الْعَرْشِ لَهُنَّ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ تُذَكِّرُ بِصَاحِبِهَا اَمَا يُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَكُوْنَ اَوْ لَا يَزَالَ مَنْ يُذَكِّرُ بِهِ * ق مس * تحقیق قسم اون چیزونسے کہ ذکر کرتی ہو تم بزرگی اللہ کیسی یہہ کلمے ہین سبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ اور الحمد للہ پہرتی ہین یہہ گرد عرش کے انکی لیئی آواز سی ہی مانند آواز شہد کی مکہی کے یاد دلاتی ہین اللہ تعالی کو حال کہنی والی اپنی کا کیا نہین چاہتا ایک تم مین سی یہہ کہ ہووی یا ہمیشہ ہووی وہ چیز کہ یاد دلاتی رہی اوسکی نقل کیے یہہ ابن ماجہ حاکم نے اِسْتَكْثِرُوْا مِنَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ * س حب * بہت کہو تم باقی رہنی والی نیکیان کہ وہ یہہ ہین اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ اور سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا حول و لا قوۃ الا باللہ نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان نے قُلْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهَا كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ * ع ا ر ط * بہت کہہ لا حول و لا قوۃ الا باللہ پس تحقیق یہہ کلمہ خزانہ ہی خزانون بہشت کیسی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین اور احمد بزار طبرانی نی بَابٌ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ * ا ط س * یہہ کلمہ دروازہ ہی دروازون بہشت کیسی نقل کیے یہہ احمد طبرانی نسائی نے غِرَاسُ الْجَنَّةِ * حب ا ط * یہہ کلمہ درخت ہی بہشت کا یعنی اسکی پڑہنی سی درخت وہان لگتا ہی نقل کیے یہہ ابن حبان احمد طبرانی نی تَقَدَّمَ اَلتَّهَادُوْا مِنْ نِعْمَةٍ وَتِسْعِيْنَ دَاءً اَيْسَرُهَا الْهَمُّ * مس ط * اور پہلی گذری کہ تکبیر

نقل کیا ہے ابو یعلی نے اور نسائی نے اونکا غم ہی نقل کیا ہے حاکم طبرانی نی کُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَهَا رسول اللہ
فَقَالَ اَتَدْرِيْ مَا تَفْسِيْرُهَا قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ لَا حَوْلَ عَنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اِلَّا بِعِصْمَةِ اللّٰهِ
وَلَا قُوَّةَ عَلٰى طَاعَةِ اللّٰهِ اِلَّا بِعَوْنِ اللّٰهِ * ص * کہا ابن مسعود نے تہا مین پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے
پس پڑہا مینے یہہ کلمہ یعنی لاحول ولا قوۃ الا باللہ پس فرمایا حضرت نے جانتا ہی تو کیا ہین معنی اسکے عرض کیا
مینے اللہ اور رسول اوسکا بہت جانتے ہین فرمایا یہہ معنی ہین نہین ہو سکتا پہرنا گناہ اسکیسے مگر ساتہہ محافظت
اللہ کی اور نہین ہی قوت اللہ کی طاعت پر مگر ساتہہ مدد اللہ کی نقل کیے یہہ بزار نے وَهِيَ مَعْقِلٌ لَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ
اِلَّا اِلَيْهِ كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ * ص * مر ہوا اور یہی لاحول ساتہہ لا منجا من اللہ الا الیہ کے خزانہ ہی خزانون
بہشت کیسے نقل کیے یہہ نسائی نے بزار نے ف معنی اسکے یہہ ہین نہین جگہہ نجات کی عذاب اللہ کیسے مگر
طرف اوسکی مَنْ قَالَ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَرَسُوْلًا
وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ * س * مد حص * جو کوئی کہے رضیت باللہ لفظ رسولاً تک واجب ہوتی ہی اوسکی لئی بہشت
معنی اسکے یہہ ہین راضی ہوا مین ساتہہ اللہ کی ازروی پروردگار ہونیکی اور ساتہہ اسلام کی ازروی دین ہونے
کی اور ساتہہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ازروی نبی اور رسول ہونیکے
نقل کیے یہہ نسائی مسلم ابو داود ابن ابی شیبہ نے مَنْ قَالَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ
وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِيْ
مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّيْ اِنْ اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اِلَّا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِمَلٰٓئِكَتِهٖ اِنَّ عَبْدِيْ عَهِدَ عِنْدِيْ
عَهْدًا فَاَوْفُوْهُ اِيَّاهُ فَيُدْخِلُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْجَنَّةَ * جو کوئی پڑہے دعا اللہم رب السموات والارض کو

لاتخلف المیعاد تک فرما دیگا اللہ عزوجل دن قیامت کی اپنی فرشتون کو کہ تحقیق بندہ میری نی باندہا تہا مجہسی عہد
پس پورا کرو اوسکو واسطی اوسکی پس داخل کریگا اوسکو اللہ عزوجل بہشت مین معنی دعا مذکور کی یہہ ہین یا اللہ پروردگار آسمانون
اور زمین کی جاننی والی پوشیدہ اور ظاہر کی تحقیق مین عہد کرتا ہون طرف تیری اس زندگانی دنیا مین ساتہہ اسکی کہ
تحقیق مین گواہی دیتا ہون ساتہہ اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر تو ایک ہی تو نہین کوئی شریک تیرا اور تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم
بندی تیری ہین اور رسول تیری پس تحقیق تو اگر سونپیگا مجکو طرف نفس میری کی اور توفیق و عنایت تیری شامل نہوگی
نزدیک کریگا مجکو برائی سی یعنی اس لئی کہ وہ ہوا و حرص سی بہری ہوی ہی کریگا اور دور کریگا مجکو بہلائی سی اور تحقیق مین نہین اعتماد کرتا
ہون مگر ساتہہ رحمت تیری کی پس ثابت کر میری لئی نزدیک اپنی ایک عہد یعنی ساتہہ قبول کرنی طاعات کی اور بخشش کی اور داخل کر
بہشت کی پورا کر تو اوسکو دن قیامت کی تحقیق تو نہین خلاف کرتا ہی وعدہ کو ف لفظ الا کا الا قال مین ہی
ترجمہ موافق اسکی کیا گیا یا نفی سمجہی جاتی ہی پہلی عبارت سی اور ستی استثناسی گویا یون کہا کہ نہین
کہتا ہی اسکو بندہ مگر کہی گا اللہ تعالی یون اوسکی لئی کذا ذکرہ الفخر والعلی قال سهيل فاخبرت القاسم
بن عبد الرحمن ان عونا اخبرني بكذا وكذا فقال ما في اهلنا جارية الا وهي تقول هذا
في خدرها ** کہا سہیل نی یعنی راوی اس حدیث کی نی کہ تبع تابعین مین سی ہین پس خبر دی مین نی قاسم
بن عبد الرحمن کو کہ بزرگ تابعین سی ہین کہ تحقیق عوف نی کہ وہ بہی تابعین سی ہین خبر دی مجکو ساتہہ
اس اس طرح کی پس کہا قاسم نی نہین ہی گہر والون ہماری مین کوئی لڑکی مگر کہ وہ پڑہتی ہی یہہ دعا
پردی اپنی مین یعنی یہہ حدیث صحیح ہی اور حرز و بزرگاری مین مشہور ہی نقل کی ہی احمد نی ولما جلس الرجل
وقال الحمد لله حمدا كثيرا طيبا مباركا فيه كما يحب ربنا ويرضى فقال صلى الله عليه
وسلم والذي نفسي بيده لقد ابتدرها عشرة املاك كلهم حريص على ان يكتبوها
فما دروا كيف يكتبونها حتى رفعوها الى ذي العزة فقال اكتبوها كما قال عبدي ** حسن
حصن ** اور سبب کہ بیٹہا ایک آدمی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا الحمد للہ یعنی تک کہ معنی اسکی یہہ ہین

سبحان ... اوسکی لیۓ تعریف بہت پاک بابرکت جیسی کہ دوست رکھتا ہی پروردگار ہمارا اور راضی ہوتا ہے
پس فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکی ہاتھہ مین ہی البتہ تحقیق دوڑی طرف
ان لفظون کی دس فرشتی کہ سب آرزومند تھی انکی ثواب لکھنی پر پس نجانا اونہون نی کہ کیونکر لکھین ثواب انکا
یہان تلک کہ اوٹھالی گئی اونکو طرف اللہ تعالی کی پس فرمایا لکھو انکو جیسی کہ کہا بندی میری نی صدق واخلاص سی
نقل کیا ہی یہان حاکم نی ف مراد یہہ کہ الفاظ اسکی لکھہ رکھو اور دری لکھنی ثواب کی نہ ہو کہ ثواب
اوسکا میری فضل و کرم پر موقوف ہی جتنا چاہونگا دونگا کذا ذکرہ الفخر اور روایت کی ابو یعلی اور قاضی یوسف نی
سنن اپنی مین اور ابو الحسن قطان نی مطولات مین اور ابن سنی نی کتاب عمل الیوم واللیلۃ مین اور ابن منذر
اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نی حضرت عثمان بن عفان سی کہ کہا اونہون نی پوچھی مین نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سی مراد اس قول اللہ تعالی کی لَهُ مَقَالِيدُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یعنی اوسکی لیۓ کنجیان آسمانون اور زمین کی
ہین پس فرمایا مجکو ای عثمان البتہ پوچھا تونی مجہسی کچھ پوچھا کہ نہین پوچھا مجہسی اوسکو کسی نی پہلی تیری مقالید
السموات والارض یہہ ہی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ یعنی جیسی کنجی سی خزانہ کہلتا ہے
اور تصرف مین آتا ہی ویسی اسکی کہنی سی برکتین آسمان و زمین کے اسکی پڑھنی والی کو حاصل ہوتی ہین اور معنے
اسکی یہہ ہین کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہی اور پاک ہی اللہ اور سب تعریف ہی اللہ کی لیۓ
اور بخشش مانگتا ہون مین اللہ سی وہ جو نہین کوئی معبود مگر وہ اول ہی اور آخر ہی اور ظاہر ہی اور باطن ہی جلاتا ہے
اور مارتا ہی اور وہ زندہ ہی کہ نہ مریگا اوسکی ہاتھہ مین بہلائی ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی ای عثمان جو کوئی
پڑھی اسکو ہر دن مین سو بار تو دیا جاتا ہی سبب اسکی دس چیزین اول تو یہہ کہ بخشی جاتی ہین گناہ اوسکے
جو پہلی کئی ہین اور دوسری لکہی جاتی ہی اوسکی لیۓ نجات آگ سی اور تیسری متعین ہوتی ہین ساتھہ اوسکے
دو فرشتی کہ محافظت کرتی ہین اوسکی رات دن مین آفتون اور بلاؤن سی اور چوتھی دیا جاتا ہی قنطار یعنی

بہت ثواب اور پانچوین اوسکی لیی ہوتا ہی ثواب اوس شخص کا سا کہ آزاد کری دس گردنین آزاد اولاد ... سی
کیسی اور ساتوین بنایا جاتا ہی اوسکی لیی گہر بہشت مین اور آٹھوین حورعین سی بیاہ کیا جاویگا اور نوین رکہا جاویگا
اوسکی سر پر تاج وقار کا اور دسوین شفاعت قبول کی جاویگی اوسکی بیچ حق ستر آدمیون کی اہلبیت اوسکی کا
ای عثمان اگر اوسکی توہی ناغہ ہوہیہ کوئی دن زمانی سی مراد پاویگا توسبب اسکی ساتہہ مراد پانی والون کے
اور سبقت لیجاویگا توسبب اسکی اولین و آخرین پر اور ابن مردویہ نی ابن عباس سے روایت کی ہی کہ حضرت
عثمان رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس حاضر ہوی اور عرض کی کہ مقالید السموات والارض سی مجہی خبر دیجی
پس فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاہِرُ
وَالْبَاطِنُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ جو کوئی پڑہی اسکو صبح کو دس بار اور شام کو دس بار
ای عثمان دیتا ہی اوسکو اللہ تعالی چہہ چیزین اول یہہ کہ محفوظ رہتا ہی ابلیس سے اور لشکر اوسکی سی اور دوسری دیا
جاتا ہی قنطار یعنی تودہ ثواب بہشت مین اور تیسری نکاح کیا جاویگا حور بڑی آنکہون والی سی اور چوتہی بخشی
جاتی ہین گناہ اوسکی اور پانچوین ہوگا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی ساتہہ بیچ قبہ اونکی کی اور چہٹی حاضر ہوتے
ہین بارہ فرشتی نزدیک مرنی اوسکی کی خوشخبری دیتی ہین اسکو ساتہہ جنت کی اور بناؤ کر لیجاوینگی اوسکو قبر اوسکی کی
طرف موقف کی پس اگر پہونچی گی اوسکو کوئی خبر ہولون قیامت کیسی تو کہینگے فرشتی نہ ڈر تو امن والون مین سے
ہی پہر حساب کریگا اللہ تعالی اوس سے حساب آسان پہر حکم کیا جاویگا اوسکو طرف جنت کی کہ بناؤ کر لیجاوینگی اوسکو
طرف جنت کی موقف اوسکی سی جیسی کہ لیجاتی ہین دولہن کو یہان تلک کہ داخل کرینگی اوسکو بہشت مین ساتہہ حکم
اللہ تعالی کے اوس حال مین کہ لوگ شدت حساب مین ہونگی کذا فی تفسیر در المنثور و نقل مسئلۃ الاستغفار
خ مس ــہ اور پہلی گذرا بیان سید الاستغفار کا یعنی صبح کی دعاؤن مین ساتہہ روایت بخاری نسائی کی
اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ص ہ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ فِی الْیَوْمِ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً ہ ص طس ... علیہ
علیہ وسلم نی کہ تحقیق مین البتہ بخشش چاہتا ہون اللہ سی نقل کے یہہ ابو یعلی نی اور توبہ کرتا ہون ...

[Margin notes: ... پانچ ... / بیان ... استغفار ...]

ستر بار نقل کیے ابو یعلی نے اور طبرانی نے اوسط مین ف یعنی ابو یعلی کی یہہ حدیث مین دو روایتین
لکہتی ہی ایک مین فقط استغفر ہی اور دوسری مین واتوب الیہ ہی اور آخر حدیث کا دونون روایتون مین
یہی ہی فی الیوم سبعین مرۃ کذا ذکرہ الفقیر اکثر من سبعین مرۃ * خ س ق طس * توبہ اور استغفار
کرتا ہون زیادہ ستر بار سے نقل کیے یہہ بخاری نسائی ابن ماجہ نے اور طبرانی نے اوسط مین مائۃ مرۃ * طس
مص * ہر دن توبہ اور استغفار کرتا ہون سو بار نقل کیے یہہ طبرانی نے اوسط مین اور ابن ابی شیبہ نے توبوا
الی ربکم فانی اتوب الیہ فی الیوم مائۃ مرۃ * عو * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے توبہ کرو طرف
پروردگار اپنے کے واسطے کہ مین توبہ کرتا ہون طرف اوسکی دن مین سو بار نقل کیا اسکو ابو عوانہ نے ما اصر من
استغفر وان عاد فی الیوم سبعین مرۃ * د * نہ دوام کیا گناہ پر اوس شخص نے کہ استغفار کی اور اگرچہ
بار بار وہی گناہ کرے دن مین ستر بار نقل کیے یہہ ابو داود نے ف اصرار کرنا گناہ پر یہہ ہی کہ اصرار صغیرہ کا کبیرہ
ہوتا ہی اور اصرار کبیرہ پر قریب کفر کے پہونچاتا ہی پس فرمایا جو کوئی استغفار کرتا ہی اور شرمندہ ہوتا ہی گناہ صغیرہ
یا کبیرہ خارج ہوتا ہی حد اصرار سے کہ مصر وہی ہی کہ استغفار نکرے اور نادم نہووے کذا ذکرہ الفقیر انہ لیغان
علی قلبی وانی لاستغفر اللہ فی الیوم مائۃ مرۃ * م د س * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
تحقیق البتہ پردہ کیا جاتا ہی دل میرے پر اور تحقیق مین البتہ بخشش چاہتا ہون اللہ تعالی سے دن مین سو بار نقل کیے
یہہ مسلم ابو داود نسائی نے ف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکہتے تھے کہ دل مبارک ہر وقت جناب
باری مین حاضر رہے اور غافل نہو پس بسبب مشغول ہونے کے چیزون مباح مین مثل کہانے کے اور پینے سے
خلط کرنے کے اور سوا انکے او دہری فی الجملہ غفلت جو ہوتی تہی اوسکو نسبت اپنی پردہ اور گناہ جانکر استغفار
کرتے تہے حضرت کی اور بہی کتنی معنی لکہے ہین اور اکثرون نے لکہا ہی کہ یہہ متشابہات سے ہی علم اسکا اللہ اور
رسول کو ہی کذا ذکرہ الفقیر والذی نفسی بیدہ لو اخطأتم حتی تملأ خطایاکم ما بین السماء والارض
ثم استغفرتم اللہ لغفر لکم والذی نفس محمد بیدہ لو لم تخطئوا لجاء اللہ بقوم یخطئون ثم

يَسْتَغْفِرُوْنَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ احص * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے
ہاتھہ مین ہی اگر گناہ کرو تم یہان تلک کہ پہونچین گناہ تمہارے اوس چیز کو کہ درمیان آسمان و زمین کے
ہی پہر استغفار کرو تم اللہ تعالی سے تو البتہ بخش دے گناہ تمہارے اور قسم ہی اوس ذات کی کہ جان محمد کی
اوسکی ہاتھہ مین ہی اگر نہ گناہ کرو تم تو البتہ لاوے اللہ ایک قوم کو کہ گناہ کرین پہر وہ بخشش چاہین
اللہ سے پس بخشے اللہ اونکو نقل کیے یہہ احمد ابویعلی نے ف مراد بیان مغفرت اور
رحمت اللہ تعالی کا ہے کہ وہ ایسا بخشنے والا ہے واسطے ظاہر کرنے معنی اسم غفور کی تا لوگ توبہ کرنے
مین رغبت کرین اور مقصود گناہ پر رغبت دلانی نہین ہی اس لیے کہ اوس سے منع کیا ہی اور رسول مقبول
کو اسی لیے بہیجا ہی کذا ذکرہ النصر وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَذَهَبَ اللّٰهُ بِكُمْ وَلَجَاءَ بِقَوْمٍ يُذْنِبُوْنَ
فَيَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ * م * فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکی
ہاتھہ مین ہی اگر نہ گناہ کرو تم تو البتہ لیجاوے اللہ تمکو اور لاوے ایک قوم کو کہ گناہ کرین وہ پس بخشش چاہین اللہ سے
پس بخشے اللہ اونکو نقل کی یہہ مسلم نے مَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ * ت س * جو کوئی بخشش چاہے اللہ سے بخشے
اللہ اوسکو نقل کیے یہہ ترمذی نسائی نے مَنْ اَحَبَّ اَنْ تَسُرَّهُ صَحِيْفَتُهُ فَلْيُكْثِرْ فِيْهَا مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ
طس * جو کوئی چاہے یہہ کہ خوش کرے اوسکو اعمالنامہ اوسکا پس چاہیے کہ بہت درج کرے اوسمین استغفار
نقل کیے یہہ طبرانی نے اوسط مین مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعْمَلُ ذَنْبًا اِلَّا وَقَفَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِاِحْصَاءِ ذُنُوْبِهِ ثَلٰثَ
سَاعَاتٍ فَاِنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ مِنْ ذَنْبِهِ ذٰلِكَ فِيْ شَيْءٍ مِنْ تِلْكَ السَّاعَاتِ لَمْ يُوْقِفْهُ عَلَيْهِ وَلَمْ يُعَذَّبْ
يَوْمَ الْقِيَامَةِ * مس * نہین کوئی مسلمان کہ کرتا ہی ایک گناہ مگر کہ ٹہیرا رہتا ہی فرشتہ جو متعین ہی ساتھہ
لکہنے گناہون اوسکی کی تین ساعت تلک یعنی تہوڑی دیر ڈہیل کرتا ہی کہ اعمالنامہ مین نہین لکہتا پس اگر
بخشش چاہی گنہگار نے اللہ تعالی سے اس گناہ سے کسی ساعت مین ان تین ساعتون سے نہ آگاہ کریگا فرشتہ
اوسکو اوسپر یعنی آخرت مین جب کہ ہر کسی کو گناہ اوسکی دکہاوینگے اور نہ عذاب دیا جاویگا دن قیامت کے

نقل کی حاکم نی اِنَّ اِبْلِیْسَ قَالَ لِرَبِّهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ لَا اَبْرَحُ اُغْوِیْ بَنِیْ اٰدَمَ مَادَامَتِ الْاَرْوَاحُ فِیْهِمْ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ فَبِعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَا اَبْرَحُ اَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُوْنِیْ

اص ٭ تحقیق شیطان نی عرض کیا اپنی پروردگار عز وجل سی قسم ہی عزت تیری کی اور بزرگی تیری کی ہمیشہ گمراہ کرونگا مین بنی آدم کو جب تلک کہ جان بیچ اونکی ہی پس فرمایا اوسکو پروردگار اوسکی نی پس قسم ہی عزت اور بزرگی اپنی کی کہ ہمیشہ بخشتا رہونگا مین اونکو جب تلک کہ بخشش چاہینگی وہ یہی نقل کیا

احمد و ابو یعلی نی وَتَقَدَّمَ حَدِیْثُ الرَّجُلِ الَّذِیْ جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَاذُنُوْبَاهُ

مس ٭ اور پہلی گذری یعنی صلوٰۃ التوبہ مین حدیث اوس شخص کی کہ آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس عرض کیا اوسنی افسوس گناہ میری پر یعنی اوسکو بہی استغفار کی لیی فرمایا نقل کی وہ حاکم نی مَا مِنْ حَافِظَیْنِ یَرْفَعَانِ اِلَی اللّٰهِ فِیْ یَوْمٍ صَحِیْفَةً فَیَرٰی فِیْ اَوَّلِ الصَّحِیْفَةِ وَفِیْ اٰخِرِهَا اِسْتِغْفَارًا اِلَّا قَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ مَا بَیْنَ طَرَفَیِ الصَّحِیْفَةِ ٭ مس ٭ نہین کراماً کاتبین کہ لیجاتی ہین اللہ کی پاس دن مین اعمالنامہ کسیکا پس دیکہتا ہی اللہ تعالیٰ اول اعمالنامہ مین اور آخر اوسکی مین استغفار مگر کہ فرماتا ہی اللہ برکت والا اور برتر کہ تحقیق بخشی مینی بندی اپنی کی لیی وہ چیز کہ درمیان دونون سرون اعمالنامہ کی ہی یعنی سب گناہ آجکی استغفار کی سبب سی بخش دیی مینی نقل کیے یہہ بزار نی ف ٭ ایک فرشتہ داہنی طرف ہی کہ نیکیان لکہتا ہی اور ایک بائین طرف داہنی ہاتہہ والا سردار ہی بائین ہاتہہ والی پر جب بندہ نیکی کرتا ہی داہنی ہاتہہ والا وہ جیسی لکہتا ہی اور جب برائی کرتا ہی بائین ہاتہہ والا اجازت چاہتا ہی داہنی ہاتہہ والی سی پس وہ کہتا ہی ذرہ ٹہیر جا شاید استغفار کری پس جب تین بار کہتا ہی اور اجازت چاہتا ہی اور بندہ استغفار بہی نہین کرتا ہی تو داہنی ہاتہہ والا اجازت دیتا ہی کہ اب لکہہ کذا ذکرہ الفخر رح مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ کَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِکُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ حَسَنَةً ٭ ط ٭ جو کوئی بخشش چاہی مومن مردون اور مومن عورتون کی لیی لکہتا ہی اللہ تعالیٰ اوسکی لیی بدلی ہر مومن مرد کی اور مومن عورت کی ایک ایک نیکی نقل کی یہہ طبرانی نی وَتَقَدَّمَ مَنْ

لزم الاستغفار و من اکثر منه جعل الله له من کل ضیق مخرجا الحدیث د س ق حب اور بعضی
دعاؤں میں یہہ حدیث کہ جو کوئی ہمیشگی کرے استغفار پڑہنے کی اور جو کوئی بہت پڑہے اوسکو کرتا ہی اللہ اوسکے لیی
ہر تنگی سی راہ نکلنی کے سارے حدیث نقل کیے وہ ابوداود و نسائی ابن ماجہ ابن حبان نی وتقدم من استغفر
للمؤمنین والمؤمنات کل یوم الحدیث ط اور پہلی گذری یعنی سونی کی وقت کی دعاؤں میں یہہ حدیث
کہ جو شخص بخشش چاہی مومن مردون اور مومن عورتون کی لیی ہر دن سارے حدیث نقل کی وہ طبرانی نی وتقدم
حدیث الرجل الذی جاء النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله احدنا یذنب قال یکتب علیه
قال ثم یستغفر منه قال یغفر له ط س ط اور پہلی گذری نماز توبہ کی بیان میں حدیث اوس شخص کے
کہ آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس پس عرض کیا یا رسول اللہ ایک ہم میں کا گناہ کرتا ہی فرمایا لکہا جاتا ہی اوپر
کہا اوس نی پہر بخشش چاہتا ہی وہ اوس سی فرمایا حضرت نی کہ بخشا جاتا ہی گناہ اوسکا نقل کیے وہ طبرانی نی
اوسط و کبیر میں یقول الله تعالی یا ابن آدم انک ما دعوتنی ورجوتنی غفرت لک علی ما کان
منک ولا ابالی یا ابن آدم لو بلغت ذنوبک عنان السماء ثم استغفرتنی غفرت لک یا ابن آدم
لو اتیتنی بقراب الارض خطایا ثم لقیتنی لا تشرک بی شیئا لاتیتک بقرابها مغفرة ت
فرماتا ہی اللہ تعالی ای بیٹی آدم کی تحقیق تو جب تلک کی دعا کریگا مجہسی اور امید رکہیگا مجہسی بخشونگا مین تجہکو اوپر
کسی حالت کی ہو تو اور نہیں پروا رکہتا میں ای بیٹی آدم کی اگر پہونچیں گناہ تیری بلندی آسمان تلک پہر بخشش
چاہی تو مجہسی بخشونگا میں تیری لیی ای بیٹی آدم کی اگر لاوی تو میری پاس زمین بہر گناہ پہر ملی مجہسی کہ نہ شریک
کرتا ہو ساتہہ میری کسیکو البتہ لاؤن میں تیری لیی زمین بہر کر بخشش نقل کیے یہہ ترمذی نی ان عبدا اصاب
ذنبا فقال رب اذنبت ذنبا فاغفره لی فقال ربه اعلم عبدی ان له ربا یغفر الذنب ویأخذ به غفرت
لعبدی ثم مکث ما شاء الله ثم اصاب ذنبا فقال رب اذنبت ذنبا آخر فاغفر لی فقال اعلم عبدی
ان له ربا یغفر الذنب ویأخذ به غفرت لعبدی ثم مکث ما شاء الله ثم اصاب ذنبا فقال رب

اذنب ذنبا اخر فاغفره لي فقال اعلم عبدي ان له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثلثا
فليعمل ما شاء ﴿خ م س﴾ تحقیق ایک بندہ بندگان خدا سے پہونچا گناہ کو پس کہا اے پروردگار میرے کیا میں نے گناہ
پس بخش اوسکو میرے لئے پس کہا رب اوسکے نے فرشتوں سے کیا جانا بندہ میرے نے کہ تحقیق اوسکے لئے رب ہے کہ
بخشتا ہے گناہ اور پکڑتا ہے سبب اسکے بخشا میں نے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا وہ بندہ گناہ سے اوس مدت تلک کہ چاہا اللہ
تعالی نے پھر پہونچا ایک گناہ کو پس کہا اے رب میرے کیا میں نے گناہ اور پس بخش اوسکو میرے لئے پس فرمایا اللہ تعالی
نے کیا جانا بندہ میرے نے کہ تحقیق اوسکے لئے رب ہے کہ بخشتا ہے گناہ اور پکڑتا ہے سبب اوسکے بخشا میں نے بندے اپنے
کو پھر ٹھہرا گناہ سے بندہ اوس مدت تلک کہ چاہا اللہ تعالی نے پھر پہونچا ایک گناہ کو پس کہا اے رب میرے
کیا میں نے گناہ اور پس بخش اوسکو میرے لئے پس فرمایا اللہ تعالی نے کیا جانا بندہ میرے نے کہ تحقیق اوسکے
لئے رب ہے بخشتا ہے گناہ اور پکڑتا ہے سبب اوسکے بخشا میں نے بندے اپنے کو تین بار پس چاہیے کہ کرے جو چاہے نقل کی
یہہ بخاری مسلم نسائی نے ﴿ف﴾ لفظ ثلثا کرر اوی نے بیان تکرار کا کیا یعنی سوال جواب بندے اور رب کا
حدیث میں تین بار ہے اور فلیعمل قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے فرمایا کرے جو چاہے جب تلک استغفار
کرتا ہے اور ندامت کرتا ہے اوسکے کرنے پر یہہ بیان فضیلت استغفار کا ہے اور بیان تاثیر اوسکی کا بخشش
گناہوں میں اور ظاہر کرنا کمال عنایت اللہ تعالی کا ہے نہ امر کرنا گناہوں پر کذا ذکرہ الفخر والعلی طیبی طوبى لمن وجد
في صحيفته استغفارا كثيرا ﴿ق﴾ خوشحالی ہے واسطے اوسکے کہ پاوے اپنے اعمالنامہ میں استغفار بہت نقل کی
یہہ ابن ماجہ نے ﴿ق﴾ وتقدم حديث الذي شكى الى رسول الله صلى الله عليه وسلم ذرب لسانه
فقال اين انت من الاستغفار ﴿مص تی﴾ اور پہلے گذری حدیث اوس شخص کے کہ شکوہ کیا اوس نے
پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے تیزی زبان اپنی کا پس فرمایا کہاں ہے تو استغفار سے نقل کی وہ ابن ابی شیبہ اور ابن
السنی في كيفية الاستغفار اور یہہ بیان ہے طریق استغفار کا استغفر الله استغفر الله ﴿مو﴾
بخشش مانگتا ہوں میں اللہ تعالی سے بخشش مانگتا ہوں میں اللہ تعالی سے نقل کی یہہ موطا مسلم نے ﴿ف﴾

کسی سے نہیں ہے عہد یعنی بہت سی بخشش اوس سے چاہتا ہون کذا ذکر الفخر من قال استغفر اللہ الذی

لا الہ الا ہو الحی القیوم واتوب الیہ غفر لہ وان کان قد فر من الزحف د ت ثلث مرات

ت حب مو یعلم جو کوئی کہی استغفر اللہ الذی لفظ الیہ تک کہ معنی یہہ ہین بخشش چاہتا ہون مین اوس اللہ سے کہ نہین

کوئی معبود مگر وہ زندہ قائم رہنی والا اور توبہ کرتا ہون مین طرف اوسکی تو بخشش کی جاتی ہی اوسکی لئی اور اگرچہ تحقیق بہاگا ہو

لڑائی کافرون کیسی کہ وہ کبیرہ ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد و ترمذی سے پڑہی یہہ تین بار نقل کیے یہہ ترمذی اور ابن حبان نی

مرفوعاً اور طبرانی نی موقوفاً خمس مرات غفر لہ وان کان علیہ مثل زبد البحر مص جو کوئی پڑہی اس

استغفار کو پانچ بار بخشش کیے جاتی ہی اوسکی اور اگرچہ ہوون گناہ اوسپر مانند جھاگ دریا کی نقل کیے یہہ ابن ابی شیبہ نی

حتی کنا لنعد لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المجلس الواحد رب اغفر لی وتب علی

انک انت التواب الرحیم مائۃ مرۃ عہ حب اور تحقیق تہی ہم یعنی اصحاب البتہ گنتی واسطی رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک مجلس مین اس دعا کو ای پروردگار میری بخشش مجہکو اور توبہ قبول کر میری تحقیق تو ہی ہی توبہ

قبول کرنی والا مہربان فرماتی سو بار یعنی اکثر زبان مبارک پر یہہ جاری ہوتی نقل کیے یہہ چارون نی اور ابن

حبان نی وما احسن قول الربیع بن خثیم رضی اللہ عنہ لا یقل احدکم استغفر اللہ واتوب الیہ

فیکون ذنبا وکذبا بل یقول اللہم اغفر لی وتب علی اور کیا اچھی ہی بات ربیع بن خثیم تابعی کی

راضی ہووی اللہ اونسی کہ نہ کہی ایک تم مین کا غفلت دلسی بخشش چاہتا ہون مین اللہ سے اور رجوع کرتا ہون

طرف اوسکی پس ہوتا ہی یہہ کہنا گناہ اور جہوٹہہ بلکہ کہی یا اللہ بخشش مجہکو اور رجوع کر مجہپر ساتہہ رحمت اور

توفیق طاعت کی ف اسلئی کہ غفلت مقام توبہ اور استغفار مین کہ وقت ندامت اور حضور کا ہی

حقیقت مین استہزا اور بی ادبی ہی اور یعنی اسکی خبر دینی ہوتی ہی طلب مغفرت اور توبہ سے پس حقیقت

مین جب غلطیہ نہ ہوئی تو جہوٹہہ ہوا لیکن گناہ سے گناہ شرعی مراد نہین ہی بلکہ تقصیر طریقت کی ...

او ... ہی مراد ہی کیونکہ اہل طریقت کی نزدیک غفلت معصیت ہی ... مقام ...

استغفار بیچ وقت خشوع اور خضوع کا ہی کذا ذکرہ الفرح اور ملا علی قاری بیچ بھی لکھا ہی کہ یہہ گناہ شرعی نہیں ہی بلکہ
بہ نسبت مقربین کی مراد ہی مانند اس قول کے حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّئَاتُ الْمُقَرَّبِیْنَ یعنی نیکیاں اچھونکی برائیاں مقربون کے
ہوتی ہین سبکی رحمہ اللہ سے منقول ہی کہ استغفار مین ہر حال نفع ہی لیکن ساتھہ حضور قلب کی نورٌ علی نور ہوتا ہی پس لیکن آگے
چھوڑنے مین گناہ نہیں لازم آتا ہی اسلئے اجماع ہی علماء رحمہ اللہ کا اسپر کہ جو کوئی یاد کرتا ہی اللہ تعالی کو یا استغفار
کرتا ہی زبان سے بغیر حضور قلب کی نہیں ہوتا ہی گنہگار بلکہ عابد ہی ہوتا ہی باعتبار بعض اعضا اپنی کی تمام ہوئی تقریر ملا علی قاری کی
اب سنیے کہ لفظ تب ہی تلک کلام ربیع کا تمام ہوا بعد اوسکی جو نووی نے کتاب الاذکار مین بعد اس قول نقل کرنے کے
شبہ کیا ہی کہ کراہت استغفر اللہ کی اور جو شبہہ ہوئی اسکی پر مطلع نہیں ہوا ہین اوسکا جواب مصنف نے ولیس فہم
کر دیا ہی کذا ذکرہ الفرح وَلَيْسَ كَمَا فَهِمَ بَعْضُ اَئِمَّتِنَا اَنَّ الْاِسْتِغْفَارَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْهِ يَكُوْنُ كَذِبًا بَلْ هُوَ
ذَنْبٌ فَاِنَّهُ اِذَا اسْتَغْفَرَ عَنْ قَلْبٍ لَاهٍ لَا يَسْتَحْضِرُ طَلَبَ الْمَغْفِرَةِ وَلَا يَلْجَأُ اِلَى اللّٰهِ بِقَلْبِهٖ فَاِنَّ ذٰلِكَ
ذَنْبٌ عِقَابُهُ الْحِرْمَانُ وَهٰذَا كَقَوْلِ رَابِعَةَ اِسْتِغْفَارُنَا يَحْتَاجُ اِلَى اسْتِغْفَارٍ كَثِيْرٍ وَاَمَّا اِذَا قَالَ اَتُوْبُ
اِلَى اللّٰهِ وَلَمْ يَتُبْ فَلَا شَكَّ اَنَّهُ كَذِبٌ اور نہین ہین معنی قول ربیع کی جیسی کہ سمجھی ہین بعضی پیشوا ہمارے نووی نے یعنی
سے کہ تحقیق استغفار اسطرح پر یعنی ساتھہ لفظ استغفر اللہ کی ہوتا ہی جھوٹھہ یعنی یہہ معنی نہیں ہین تا اعتراض اوسکا وارد ہو
بلکہ کہتا ہون مین کہ وہ گناہ ہی اسلئے کہ تحقیق کہنے والے بخشش چاہنے دل غافل سے کہ نہ حاضر کرے مانگنے بخشش کو اپنے دل سے
یعنی توجہ دل سے نہ مانگی اور نہ التجا لاوے طرف اللہ تعالی کے ساتھہ دل اپنی کے پس تحقیق یہہ گناہ ہی کہ سزا اوس
کی نصیب ہوتا ہی یعنی قبولیت استغفار ہی اور یہہ بات یعنی استغفار بغیر حضور دل کے گناہ ہونا مانند بات حضرت
رابعہ بصری کے کی ہی کہ استغفار ہمارے کہ غفلت دل سے ہوتی ہی محتاج ہی طرف بہت سی استغفار کی اور اگر کہے جسوقت
کہا زبان سے یعنی رجوع کرتا ہون مین طرف اللہ کی اور نہ رجوع کی دل سے پس نہیں شک کہ تحقیق یہہ جھوٹھہ ہوا ہی
ماحصل مراد مصنف کا یہہ ہی کہ ربیع کی قول کو یعنی ذنب و کذب کو محمول لف و نشر پر کیا ہی یعنی غفلت سے استغفار
کہنے مین گناہ لازم آتا ہی اور غفلت سے اتوب کی کہنے مین جھوٹھہ لازم آتا ہی اسلئے کہ مومن ہمیشہ طالب مغفرت کا

ہوتا ہی اگرچہ بعضی وقت بسبب غفلت کی آگاہی نہ رکہتا ہو پس غافل کہ مغفرت مانگتا ہی صادق ہی اسلئی کہ واقع مین
وہ طلب اپنی ساتہہ رکہتا ہی اگرچہ اسوقت حاضر نہو پس معلوم ہوا کہ استغفر اللہ کہنی مین کذب نہین لازم آتی کا مگر
گناہ بسبب غفلت کی لیکن لفظ اتوب الیہ مین کاذب ہوگا جو دل سی نہ کہی گا اسلئی کہ یہہ بیان اپنی رجوع کا ہی اور وہ کبھی ہوتا
ہی اور کبھی نہین پس نووی نی جو مطلق کذب لازم آنا سمجہہ کر اعتراض کیا تہا دفع ہوا واللہ اعلم کذا ذکر الفیح وَاَمَّا الدُّعَاءُ
بِالْمَغْفِرَةِ وَالتَّوْبَةِ فَاِنَّهُ وَاِنْ كَانَ غَافِلًا فَقَدْ يُصَادِفُ وَقْتًا فَتُقْبَلُ فَمَنْ اَكْثَرَ طَرْقَ الْبَابِ يُوْشِكُ اَنْ يَّلِجَ
وَيُوَضِّحُ ذٰلِكَ اِكْثَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ مِنْهُ مِائَةَ مَرَّةٍ وَقَطْعُهُ لِمَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ بِالْمَغْفِرَةِ وَاِنْ كَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ مَرَّةً اَوْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مد اور ای پر دعا کرنی سانہہ
بخشش اور توبہ کی یعنی اللّٰہم اغفر لی وتب علی کہ دعا کرنی پس تحقیق دعا کرنی والا اگرچہ ہووی غافل پس تحقیق پا لیتا ہے
ایک وقت کو یعنی وقتون قبولیت سی پس قبول کیجاتی ہی دعا اسلئی کہ جو شخص بہت کہٹ کہٹاتا ہی دروازہ قریب ہے
یہہ کہ داخل ہوگا اور واضح کرتا ہی اسکو یعنی کہنا اللّٰہم اغفر لی وتب علی کا بہتر ہی بہت کہنا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک
مجلس مین اسی کو سو بار اور قطعی حکم کرنا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا اوس شخص کے لئی کہ کہی استغفر اللہ واتوب الیہ ساتہہ
بخشش کے یعنی بشرط حضور قلب کی اور اگرچہ ہو کہ تحقیق بہاگا ہو جہاد سی ایکبار کہی یا تین بار ف بالمغفرة
متعلق وقطعہ کا ہی یعنی وقطعًا اور جزمًا حکم بخشش کا کرنا اسکی کہنی والی کو بہی اسپر دلالت کرتا ہی فَهَا قَدْ كُشِفَ
لَكَ الْغِطَاءُ فَاخْتَرْ لِنَفْسِكَ مَا يَحْلُوْ وَفِيْ كِتَابِ الزُّهْدِ عَنْ لُقْمَانَ عَوِّدْ لِسَانَكَ بِاَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ
فَاِنَّ لِلّٰهِ سَاعَاتٍ لَا يَرُدُّ فِيْهِنَّ سَائِلًا ۔ پس ہوشیار رہ کہ کہولا گیا تیری لئی پردہ یعنی اس تحقیق یا ہے
حقیقت حال کے واضح ہوگئی پس اختیار کر نفس اپنی کی لئی وہ چیز کہ خوش کری تجہکو اور کتاب الزہد مین روایت
حضرت لقمان رضی کہ عادت ڈال زبان اپنی کو اوپر کہنی سیری ساتہہ اللّٰہم اغفر لی کی اسلئی کہ تحقیق خدا تعالی کی لئی ساعتین
ہین کہ نہین محروم کرتا اونمین سائل کو

فَضْلُ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَسُوَرِهٖ وَاٰيَاتِهٖ

قرآن بزرگ کی فضیلت کا اور سورتون اوسکی کا اور آیتون اوسکی کا اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهُ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفِيْعًا

ھ: فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی پڑہو قرآن شریف پس تحقیق وہ آویگا دن قیامت کی شفاعت کرنی والا واسطے
پڑہنی والون اپنی کے نقل کی یہہ مسلم نی یقول اللہ سبحانہ وتعالی من شغلہ القرآن عن ذکری ومسئلتی
اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین وفضل کلام اللہ علی سائر الکلام کفضل اللہ تعالی علی خلقہ
ت: فرماتا ہی اللہ پاک اور برتر جسکو باز رکہی قرآن یاد میری سی اور مانگنی میری سی دیتا ہون مین اوسکو بہتر
اوس چیز سی کہ دیتا ہون مین مانگنی والون کو اور بزرگی اللہ تعالی کی کلام کی سب کلامون پر مانند بزرگی اللہ تعالی کی ہی
اوپر سب خلق اوسکی کی نقل کی یہہ ترمذی دارمی نی ف حدیث کی سری کی یہہ معنی ہین کہ جو کوئی قرآن شریف
پڑہنی مین مشغول رہا اور کچہہ ذکر اور دعا جیسی نہ کی تو اوسکو دعا کرنی والون سی زیادہ دیتا ہون من کان للہ کان اللہ لہ
یعنی جو اللہ کا ہو رہتا ہی اللہ کارساز ہوتا ہی اوسکا کذا ذکر الفخر تعلموا القرآن واقرؤہ فان مثل القرآن لمن
تعلمہ فقرأہ وقام بہ کمثل جراب مملوء مسکا یفوح ریحہ فی کل مکان ومثل من تعلمہ فیرقد
وھو فی جوفہ کمثل جراب اوکی علی مسک ت س ق حب: سیکہو قرآن اور پڑہو اوسکو یعنی
مداومت کرو تلاوت پر اور عمل کرو اوسپر کہ مقصود اصلی تلاوت سی عمل ہی پس تحقیق مثال قرآن سے کہ واسطے
اوس شخص کے کہ سیکہتا ہی اوسکو پہر پڑہتا ہی اور عمل کرتا ہی اوسپر یا رات کو قیام کرتا ہی ساتہہ اوسکی مانند مثال تہیلی کی
ہی کہ بہری ہو مشک سی پہونچتی ہو خوشبو اوسکی تمام مکان مین اور مثال اوس شخص کے کہ سیکہتا ہی اوسکو پہر سو رہتا ہی
یا غافل ہوتا ہی عمل کرنی سی اور قرآن اوسکی دل مین ہی مانند مثال تہیلی کی ہی کہ بند کی گئی مشک پر یعنی تا خوشبو
نہ پہیلی نقل کی یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حبان نی ف سینہ قاری کا مانند تہیلی مشک کی ہی اور قرآن شریف
مانند مشک کی پس اگر قرآن پڑہا برکت اوسکی پڑہنی والی کو اور سننی والون کو پہونچی اور ثواب حاصل ہوا جسنی
اور جو سیکہا اور نہ پڑہا نہ پہونچی برکت اوسکی نہ اوسکو اور نہ اور کسیکو کذا ذکر الفخر من قرأ حرفا من کتاب اللہ
فلہ حسنۃ والحسنۃ بعشر امثالہا لا اقول الم حرف الف حرف ولام حرف ومیم حرف
ت: جو کوئی پڑہی ایک حرف کلام اللہ کا پس اوسکی لئی نیکی ہی اور نیکی برابر دس نیکی کی نہین کہتا ہین کہ سارا الم ایک حرف ہے

بلکہ الف ایک حرف ہی اور لام ایک حرف ہی اور میم ایک حرف یعنی الم کہنی مین تیس نیکیان للہی گئین نقل کی یہہ ترمذی نے

لَا حَسَدَ اِلَّا فِیْ اثْنَتَیْنِ رَجُلٌ اٰتَاہُ اللہُ الْقُرْاٰنَ فَھُوَ یَقُوْمُ بِہٖ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّھَارِ وَرَجُلٌ

اٰتَاہُ اللہُ مَالًا فَھُوَ یُنْفِقُہٗ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّھَارِ متفق علیہ نہین ہی رشک مگر بیچ دو شخصون کے

یعنی رشک کرنا کہین بہی لیا ہی ہو جاوی کسی پر نہ چاہیی مگر دو پر ایک وہ کہ دیا اوسکو اللہ تعالی نی قرآن یعنی حافظ

ہی پس وہ قیام کرتا ہی ساتھہ اوسکی وقتون رات کی مین اور وقتون دن کی مین اور دوسرا وہ شخص کہ دیا اوسکو اللہ

نی مال پس وہ خرچ کرتا ہی اوسکو وقتون رات کیمین اور وقتون دن کی مین نقل کی یہہ بخاری مسلم نی ف اور روایت

مین آیا ہی کہ خرچ کرتا ہی اوسکو راہ حق مین اور خوشنودی اوسکی مین پس اگر بطور اسراف کی کوئی خرچ کرتا ہو تو رشک کرنا

نہوگا حاصل حدیث کا یہہ ہی کہ کسی نعمت والی کو دیکھہ کر رشک نہ کرنا چاہیی مگر اوس نعمت والی پر کہ نعمت اوسکی اللہ

سی نزدیک کرتی اور ایسی حکم مین داخل مین شہید اور مجاہد اور سوا انکی اون درجون کی بہی آرزو جائز ہی کہا

ذکر المصرح یُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اقْرَاْ وَارْتَقِ وَرَتِّلْ کَمَا کُنْتَ تُرَتِّلُ فِی الدُّنْیَا فَاِنَّ مَنْزِلَکَ عِنْدَ

اٰخِرِ اٰیَۃٍ تَقْرَاُھَا دت کہا جاویگا قرآن پڑہنی والی کو پڑہ اور چڑہ یعنی بہشت کی درجون پر اور ٹہیر ٹہیر کر پڑہ جیسے

ٹہیر ٹہیر کر پڑہتا تہا تو یعنی بی تکلف تجوید سی دنیا مین پس تحقیق مرتبہ تیرا نزدیک آخر آیت کی ہی کہ پڑہیگا تو نقل کی یہہ ابوداود

ترمذی نی ف صاحب قرآن وہ ہی کہ پڑہا کرتا ہی اور عمل کرتا ہی اوسپر اور بعضون نی کہا ہی جو معانی قرآن کی

جانتا ہی اور حافظ اور منقول ہی کہ درجات بہشت کی بقدر شمار آیتون قرآن کی ہین پس جو کوئی تمام قرآن ترتیل سی

پڑہی اوپر کی درجہ بہشت پر کہ لائق اوسکی حال کی ہوگا چڑہیگا اور جسنی تہوڑا ترتیل سی پڑہا اور تہوڑا بغیر ترتیل کی

اوسیقدر چڑہیگا کہ جتنا ترتیل سی پڑہا تہا مصنف نی لکھا ہی کہ اس حدیث مین دلیل ہی کہ جو حافظ

سی پڑہتی ہین اونکی لئی اعلی درجہ بہشت مین ہی پس حاصل یہہ ہی کہ تجوید اور [illegible] قرآن مین تامل کرنا

رتبہ رکہتا ہی کذا ذکر العلی والمصرح اَلَّذِیْ یَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ وَھُوَ مَاھِرٌ بِہٖ [illegible]

اَلَّذِیْ یَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ وَیَتَتَعْتَعُ فِیْہِ وَھُوَ عَلَیْہِ شَاقٌّ لَہٗ اَجْرَانِ متفق [illegible]

ہیں ماہر ہی ساتھ اوسکی ساتھ فرشتون لکھنے والون بزرگ نیکونکی ہوگا اور جو شخص کہ پڑھتا ہی قرآن اور اٹکتا ہی بیچ
اوسکے اور وہ اوسپر مشکل ہوتا ہی اوسکے لئے دوہرا ثواب ہوتا ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم نی ف ماہر یعنی اوستاد
کامل حفظ اور تجوید اور تلاوت مین اور گران ہو اوسپر قراءت بسبب یاد کی پس یہہ آخرت مین اون منازل مین ہوگا
کہ جہان ملائکہ اور انبیا ہونگے اور دوہرا ثواب ایک ثواب قرات کا اور دوسرا مشقت کا اور شک نہین ہی کہ
اجر ماہر کا زیادہ اس سی ہوگا کہ انبیا اور ملائکہ کی ساتھ ہوگا لیکن باعتبار مشقت وتعب کی غیر ماہر کو بھی
ہوگا پس مقصود تسلی طالب کی ہی مشقت اور ریاضت پر کذا ذکر القرطبی اَلْفَاتِحَةُ اَعْظَمُ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ
هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ ہ خ د س ق ہ یعنی بہت بڑی سورت قرآن سی ہی وہ سات آیتون کی
ہی کہ مکرر پڑھی جاتی ہی اور قرآن ہی بڑا نقل کیے یہہ بخاری ابوداود نسائی ابن ماجہ نی ف سورہ فاتحہ کا نام
کلام اللہ مین سبع مثانی اور قرآن عظیم بھی آیا ہی سبع اسلیے کہ سات آیتون کی ہی اور مثانی اسلیے کہ نماز مین
باربار پڑھی جاتی ہی اور قرآن عظیم مبالغۃً واقع ہوا کہ اسرار اور معانی سارے قرآن کے بطور اجمال کی اسمین
ہین کذا ذکر القرطبی اُعْطِيْتُ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ ہ مس ہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
دیا گیا مین سورہ الحمد نیچی عرش کیسی یعنی وہان نکلتی تھی کنایہ ہی بزرگی اوسکیسی نقل کیے یہہ حاکم نی بَيْنَا
جِبْرَئِيْلُ قَاعِدٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ نَقِيْضًا مِنْ فَوْقِهِ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ هٰذَا
مَلَكٌ نَزَلَ اِلَى الْاَرْضِ لَمْ يَنْزِلْ قَطُّ اِلَّا الْيَوْمَ فَسَلَّمَ وَقَالَ اَبْشِرْ بِنُوْرَيْنِ اُوْتِيْتَهُمَا لَمْ يُؤْتَهُمَا
نَبِيٌّ قَبْلَكَ فَاتِحَةُ الْكِتَابِ وَخَوَاتِيْمُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ لَنْ تَقْرَأَ بِحَرْفٍ مِنْهُمَا اِلَّا اُعْطِيْتَهُ ہ
م ف اوسوقت کہ جبرئیل علیہ السلام بیٹھی تھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی پاس سنی جبرئیل نی ایک آواز
اوپر کی طرف سی پس اوٹھایا سر اپنا پس کہا یہہ آواز والا فرشتہ ہی کہ اوترا زمین کی طرف نہین اوترا تھا
کبھی مگر آج پس سلام کیا فرشتہ نی آنحضرت پر اور کہا خوشوقت ہو ساتھ دو نورونکی یعنی ایسی چیزین والی
کہ قیامت کو روشنی ہونگی اور آفات سی بچاینگی کہ دیے گئی تم وہ دونون نہین دیا گیا کسی نبی کو پہلی تم

ایک اونمین سے سورہ فاتحہ ہی اور دوسرا خاتمہ سورۂ بقرہ کا نہین پڑہیگا تو کوئی حرف اونمین سے مگر دیا جاویگا ثواب اوسکا نقل کی یہہ مسلم نسائی نے ف دیا جاویگا ثواب اوسکا یا قبول کیا جاویگا دعا تیری یعنی جو دعا کہ سورۂ فاتحہ اور آخر بقرہ مین ہی مثل اہدنا الصراط المستقیم اور ربنا لا تواخذنا اور سوا انکی کی قبول ہوویگی

اتقہ پہر مراد حرف سی کلمات ہین کہ ان آیتونمین واقع ہوئی ہین یہہ معنی انسب و اولی ہین اولطف سورۂ بقرہ کا بعضون نی آمن الرسول سی کہا ہی اور کعب احبار نے او مصنف نے لله ما فی السموات سی آخر تک کہا ہے

اخرج البقرة * یہہ بیان ہی فضیلت سورۂ بقرہ کا إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْفِرُ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي يُقْرَأُ فِيهِ الْبَقَرَةُ * م ت ن تحقیق شیطان بہاگتا ہی اوس گہر سی کہ پڑہی جاتی ہی اوسمین سورۂ بقرہ نقل کی یہہ مسلم ترمذی نسائی نی اِقْرَأُوهَا فَإِنَّ أَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَلَا يَسْتَطِيعُهَا الْبَطَلَةُ * م پڑہو سورۂ بقرہ کیونکہ پڑہنا اوسکا اور عمل کرنا اوسپر برکت ہی اور چہوڑنا اوسکا سبب حسرت کا ہوگا یعنی قیامت کی دن جب پڑہنی والون کو ثواب ملیگا اور نہین طاقت رکہتی اسکی ساحر نقل کی یہہ مسلم نی ف بطلہ ساحر اور کاہل یعنی کسلمند اور ساحر او باطل والی توفیق اسکی پڑہنی اور سیکہنی کے نہین رکہتی کذا ذکر الفهر الکلشی عن سنادہ

وَسَنَامُ الْقُرْآنِ الْبَقَرَةُ * ت مس حب * ہر چیز کی لئی بلندی ہی اور بلندی قرآن کی سورۂ بقرہ ہی یعنی سب سی بڑی ہی نقل کی یہہ ترمذی حاکم ابن حبان نی مَنْ قَرَأَهَا لَيْلًا لَمْ يَدْخُلِ الشَّيْطَانُ بَيْتَهُ ثَلَاثَ لَيَالٍ وَمَنْ قَرَأَهَا نَهَارًا لَمْ يَدْخُلِ الشَّيْطَانُ بَيْتَهُ ثَلَاثَ أَيَّامٍ * حب * جو کوئی پڑہی سورۂ بقرہ رات کو نہین داخل ہوتا ہی شیطان اوسکی گہر مین تین رات تلک اور جو کوئی پڑہی اسکو دن کو نہین داخل ہوتا ہی شیطان اوسکی گہر مین تین دن تلک یعنی حقیقۃ نہین داخل ہوتا یا تسلط نہین پاتا ہی نقل کی ابن حبان نے

أُعْطِيتُ الْبَقَرَةَ مِنَ الذِّكْرِ الْأَوَّلِ * مس * فرمایا حضرت نی دیا گیا ہون مین سورۂ بقرہ لوح سی نقل کی یہہ حاکم نی ف یاد کرسی کتابین اللہ تعالی کی مراد مین مثل توریت انجیل کی کذا

الْبَقَرَةُ وَآلُ عِمْرَانَ * یہہ بیان ہی فضیلت سورۂ بقرہ و آل عمران کا اِقْرَأُوا الزَّهْرَاوَيْنِ الْبَقَرَةَ

عمران فانهما تأتيان يوم القيامة كأنهما غمامتان او كأنهما غيايتان او كأنهما فرقان
من طير صواف تحاجان عن اصحابهما ه م ت ؛ پڑھو دو سورتین چمکتی ہوئین کہ سورہ بقرہ اور آل عمران ہین پس
تحقیق یہہ دونون آوینگی دن قیامت کی گویا کہ وہ دونون ٹکڑی ہین ابر کی یا گویا کہ وہ دونون سایبان ہین یا گویا کہ
وہ دونون ٹکڑیان ہین پرندونکی صف باندھی ہوئی جھگڑینگی پڑھنی والون اپنی کے طرف سی نقل کی یہہ مسلم نے
آية الكرسي یہہ بیان ہی فضیلت آیة الکرسی کا هي اعظم آية في كتاب الله هـ د ؛ یہہ بزرگتر آیتون
کی ہی یعنی ثواب مین بیچ کتاب اللہ تعالی کی نقل کیا یہہ مسلم ابو داؤد نی هي سيدة آي القرآن ت حب
مس ؛ یہہ افضل آیتون قرآن کی ہی نقل کی یہہ ترمذی ابن حبان حاکم نی لا تقرؤها على مال ولا ولد فيقربه
شيطان حب ؛ جو کوئی پڑھی آیة الکرسی کسی مال پر اور اولاد پر یعنی دم کری یا لکھہ کر لٹکاوی تو نزدیک نہین ہوگا
تیری شیطان یعنی تیری مال و اولاد کے پاس نہین آنیکا اور تصرف نہین کریگا نقل کی یہہ ابن حبان نی الآيتان آمن
الرسول آخر البقرة لا تقرآن في دار ثلاث ليال فيقربها شيطان ت س حب مس ؛ فضیلت
دو آیتون آمن الرسول کے کہ آخیر سورہ بقرہ کا ہی یہہ ہی کہ پڑھی جاتی ہین یہہ دونون آیتین جس گھر مین تین رات پس نہین نزدیک
آتا اوسکی شیطان نقل کی یہہ ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نی ان الله ختم البقرة بآيتين اعطانيهما
من كنزه الذي تحت عرشه فتعلموهن وعلموهن نساءكم وابناءكم فانهما صلوة وقرآن
ودعاء مس ؛ تحقیق اللہ تعالی نی ختم کیا سورہ بقرہ کو ساتھہ دو آیتون کی کہ دی ہین مجکو وہ خزانہ اپنی سی جو
نیچی عرش کی ہی یعنی خزانہ رحمت اپنی سی پس سیکھو اونکو اور سکھاؤ اونکو اپنی عورتون کو اور اپنی بیٹون کو یعنی
گھر والون کو سکھاؤ پس تحقیق وہ آیتین رحمت ہین اور قرآن ہین یعنی ایک ٹکڑا ہین اوسکا اور دعا ہین نقل کی یہہ
حاکم نی الانعام ؛ یہہ بیان ہی فضیلت سورہ انعام کا لما نزلت سبح رسول الله صلى الله عليه
وسلم ثم قال لقد شيع هذه السورة من الملائكة ما سد الافق مس ؛ جب اوتری
سورہ انعام سبحان اللہ کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی یعنی بسبب خوشی کی پھر فرمایا البتہ تحقیق ہمراہ آئی ہین اس سورہ کی

فرشتی اسقدر کہ ڈہانک لیا ہی کنارہ آسمان کو نقل کیے یہہ حاکم نی الکہف میہ بیان ہی فضیلت سورہ کہف کی

من قرأها يوم الجمعة اضاء له من النور ما بين الجمعتين ٭ مس ٭ جو کوئی پڑہی سورہ کہف دن

جمعہ کی روشن رہتا ہی اوسکی لئی دو جمعہ کا اوسکا نور ہی یعنی نور اس سورت کی سی یا نور ثواب اوسکی کی دو جمعہ

دو جمعون کی یعنی جمعہ آیندہ تلک نقل کیے یہہ حاکم من قرأها ليلة الجمعة اضاء له من النور فيما بينه

وبين البيت العتيق ٭ موقی ٭ جو کوئی پڑہی اسکو شب جمعہ مین روشن کرتا ہی اوسکی لئی نور سی اوسقدر

کہ فرق ہی درمیان پڑہنی والی اسکیکی اور درمیان خانہ کعبہ کی یعنی بہت نور حاصل ہوگا نقل کی یہہ موقوفا

بی من قرأها كما انزلت كانت له نورا من مقامه الى مكة ومن قرأ بعشر آيات من

آخرها فخرج الدجال لم يسلط عليه ٭ سن مس ٭ جو کوئی پڑہی سورہ کہف جیسی کہ اوتاری گئی

یعنی ترتیل وتجوید سی بی کم وزیادہ ہوگی اوسکی لئی روشنی جگہہ اوسکی سی یعنی جہان اوسکو پڑہا ہی مکہ تلک

جو شخص پڑہی دس آیتین آخر سورہ کہف سی یعنی وعرضنا جہنم سی آخر تلک پس نکلی دجال تو نہ مسلط کیا جاوے

اوسپر نقل کیے یہہ نسائی حاکم نی من قرأ سورة الكهف كانت له نورا يوم القيامة من

مقامه الى مكة ومن قرأ بعشر آيات من آخرها ثم خرج الدجال لم يضره ٭ طس ٭ جو

پڑہی سورہ کہف ہوگی اوسکی لئی روشنی دن قیامت کی جگہہ اوسکی سی مکہ تلک یعنی جتنی مسافت اسکی مکان

اور مکہ مین دنیا مین تہی اوسقدر وہان نور ہوگا اور جو کوئی پڑہی دس آیتین آخر کہف سی پہر نکلی دجال تو

ضرر کری گا اوسکو نقل کیے یہہ طبرانی نی اوسط مین من حفظ عشر آيات من اولها عصم من فتنة

الدجال ٭ م د ت س ٭ جو کوئی یاد کری دس آیتین اول سورہ کہف سی یعنی من امرنا رشدا تک بچایا

جاویگا فتنہ دجال کیسی نقل کیے یہہ مسلم ابو داود ترمذی نسائی نی من حفظ عشر آيات ٭ مد ٭

قرأ العشر الاواخر من الكهف عصم من فتنة الدجال ٭ م د س ٭ ا جو کوئی

دس آیتین نقل کیے یہہ مسلم ابو داود نی یعنی اس روایت مین بجا حدیث کا یہہ آیا ہی اور یاد

اونکو جو کوئی پڑہی دس آیتین آخر سورۂ کہف کی بچایا جاویگا فتنۂ دجال کیسی نقل کیے یہہ مسلم ابو داؤد نسائی نی
مَنْ قَرَأَ ثَلٰثَ اٰيَاتٍ مِنْ اَوَّلِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ ۔ ت ۔ جو کوئی پڑہی تین آیتین
اول کہف کی بچایا جاویگا فتنۂ دجال کیسی نقل کیے یہہ ترمذی نے مَنْ اَدْرَكَ الدَّجَّالَ فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ
فَوَاتِحَهَا الْحَدِيْثَ ۔ مر عه ۔ جو کوئی پاوی دجال کو پس چاہیی کہ پڑہی اوسپر اول آیتین سورۂ کہف کی یعنی
تین یا پانچ فرمائی ساری حدیث نقل کی یہہ مسلم نی اور چارون نی فَاِنَّهَا جِوَارُكُمْ مِنْ فِتْنَتِهِ ۔ د ۔ اس لیی
کہ وہ آیتین نگہبان ہین تمہاری فتنۂ دجال کیسی نقل کیے یہہ ابو داود نی وَاُعْطِيْتُ طٰهٰ وَالطَّوَاسِيْنَ وَالْحَوَامِيْمَ
مِنْ اَلْوَاحِ مُوْسٰى ۔ مستدرک ۔ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ دیا گیا ہون مین سورۂ طٰہٰ وطواسین یعنی سورۂ
نمل اور شعراء اور قصص اور حمیمین تختیون موسی کیسی نقل کیے یہہ حاکم نی ف یعنی توریت کی تختیون زبرجد کی
لکہی اوتری تہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ حمیمین سات ہین اور دروازی دوزخ کی بہی سات ہین ہر حم
سی آکہڑی ہوویگی ہر دروازی پر اور عرض کریگی یا اللہ نہ داخل کر اس دروازی مین اوسکو کہ ایمان لایا مجہپر اور پڑہا
مجکو اور فرمایا کہ ہر درخت کا ایک پہل ہوتا ہی اور پہل قرآن کی حمیمین ہین وہ باغ ہین ارزانی والی سبزہ والی
جو شخص چاہی کہ میوہ خوری کری باغون جنت مین تو پڑہی حمیمون کو اور جو پڑہی سورۂ دخان شب جمعہ مین صبح کریگا
بخشش کیا گیا اور جو پڑہی الم تنزیل السجدہ اور تبارک رات دن مین گویا کہ موافق ہوا لیلۃ القدر کی یعنی اوسکا
ثواب ملا کذا فی در المنثور اور جو کوئی پڑہی حم الدخان شب جمعہ مین مغفرت کیجاتی ہی اوسکی اور جنت مین
بنایا جاتا ہی اوسکی لیی ایک گہر کذا فی وظائف النبی قَلْبُ الْقُرْاٰنِ يٰسٓ لَا يَقْرَؤُهَا رَجُلٌ يُرِيْدُ اللّٰهَ وَ
الدَّارَ الْاٰخِرَةَ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ اِقْرَؤُهَا عَلٰى مَوْتَاكُمْ ۔ س ق حب ۔ دل قرآن کا یس ہی نہین پڑہتا
ہی اسکو کوئی شخص کہ چاہتا ہی اللہ کو اور آخرت کی گہر کو یعنی محض اللہ تعالی کی خوشی اور جنت کی ملنی کی لیی پڑہتا ہی
مگر بخشش کیجاتی ہی اوسکی پڑہو اسکو مردون اپنی پر نقل کیے یہہ نسائی ابو داؤد ابن ماجہ ابن حبان نی ف
دل قرآن کا یعنی خلاصہ اوسکا کیونکہ ذکر قیامت کا تفصیل اسمین مذکور ہی اور بیان توحید وغیرہ کا بہی ہی اور

سکو ہو آپہنچا اونکو ثواب پہونچے یا مراد ہو دل کی تہجیب الفرکہین تاکہ ذکر قیامت وغیرہ کا سنین اور معانی سمجھے
سمجھین یا احتمال ہی کہ خاصیت رکھی ہی ہو کہ اوس وقت مفید ہو جیسا کہ کہا ہی بعض علما نی کہ جس مطلب کی لیئی پڑہا
جاتی ہی جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا ہی کہ جو اسکو پڑہی خوف کی حالت مین یا امن ہووی بھوکا پیٹ
بہر دیوی ننگا پہنی کپڑا پہنایا جاوی پیاسا پیوی پانی پلایا جاوی اور فرمایا ہی کہ جو کوئی لیس پڑہتا ہی وسکا ام
[illegible] اسکا لکھا جاتا ہی کذا ذکرہ العلی اور وارد ہوا ہی وعدہ مغفرت اور رحمت کا بیچ پڑہنی اسکی کی [illegible]
اقرأ الم و[illegible] النبي [illegible] یہہ بیان ہی فضیلت الم [illegible] کا احب الی مما طلعت علیہ الشمس
مس ت * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی وہ بہت پیاری ہی نزدیک میری اوس چیز سی کہ نکلا اوسپر آفتاب
یعنی دنیا اور دنیا کی چیزون سی نقل کیے یہہ بخاری نسائی ترمذی نی تبارك الملك * یہہ بیان سورہ ملک کا
ثلاثون آية شفعت لرجل حتى غفر له * حب عه مس * تیس آیتین ہین یعنی تبارک شفاعت کی
اونہون نی واسطی ایک آدمی کے یہان تلک کہ بخشا گیا وہ نقل کیے یہہ ابن حبان نی اور چارون نی
تستغفر لصاحبها حتى يغفر له * حب * بخشش چاہتی ہی یہہ پڑہنی والی اپنی کے لیئی یہان تلک
بخشا جاتا ہی وہ نقل کیے یہہ ابن حبان نی وَدِدْتُ اَنَّهَا فِي قَلْبِ كُلِّ مُؤْمِنٍ * مس * فرمایا حضرت
دوست رکہتا ہون مین کہ تحقیق تبارک ہر مومن کی دل مین ہو یعنی یاد کری اور پڑہتا رہی اسکو نقل کیے حاکم
يُؤْتَى الرَّجُلُ فِي قَبْرِهِ فَتُؤْتَى رِجْلَاهُ فَتَقُولُ لَيْسَ لَكُمْ سَبِيلٌ كَانَ يَقْرَأُ بِي سُورَةَ الْمُلْك
يُؤْتَى مِنْ صَدْرِهِ اَوْ مِنْ بَطْنِهِ ثُمَّ يُؤْتَى مِنْ رَأْسِهِ كُلٌّ يَقُولُ ذٰلِكَ فَهِيَ تَمْنَعُ مِنْ عَذَاب
وَهِيَ فِي التَّوْرَاةِ مَنْ قَرَأَهَا فِي لَيْلَةٍ فَقَدْ اَكْثَرَ وَاَطْيَبَ * مو مس * آتی ہین فرشتی عذاب
آدمی کی پاس قبر اوسکی مین یعنی بعد دفن کی سوال کے لیئی پس آتی ہین اوسکی پانو کی طرف سی یعنی
جانب سی سوال شروع کرتی ہین پس کہتی ہین پانو نہین ہی تمکو کوئی راہ ساتھ [illegible] میری کی [illegible]
میری یعنی بسبب قرأت میری کی نماز مین سورہ ملک پڑہتا آتی ہین فرشتی سینہ کی طرف سی [illegible]

اور قبر میں عذاب ہونا ہی یہی بات بیر تبارک منع کرتی ہی فرشتون کو عذاب قبر کیسی اور تبارک کا مذکور ہی توریت میں یا مہدا س
کہ جو شخص پڑہی اسکو کسی رات مین پس تحقیق بہت نیکیان کین اور اچہا کام کیا نقل کیے یہہ موقوفا حاکم نی اِذَا زُلْزِلَتْ
رُبُعَ الْقُرْآنِ ٭ ت ٭ سورۂ اذا زلزلت چوتہائی قرآن کی برابر ہی نقل کی یہہ ترمذی ف اس لیے کہ قرآن مین
بیان توحید او نبوت اور بیان معاش اور احوال آخرت کا ہی پس اس سورت مین آخرت کا بیان خوب ہی اس باعتبار
چوتہائی قرآن برابر ہوئی اور بعضون نے یہہ معنی کہی ہین کہ ثواب اسکا برابر ہوتا ہی اصل ثواب چوتہائی قرآن کے
یعنی بغیر مضاعف کی جو ثواب مقرر ہی کذا ذکر المخرج تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْآنِ ٭ ت مس ٭ برابر ہی
آدہی قرآن کی نقل کیے یہہ ترمذی حاکم نی ف اسلیے کہ قرآن مین ذکر دنیا اور آخرت کا ہی اسمین آخرت کا
خوب مذکور ہی اس باعتبار آدہی قرآن برابر ہی یا ثواب اسکا اصل ثواب آدہی قرآن کی برابر ہی کذا ذکر المخرج یا
رَسُوْلَ اللّٰہِ اَقْرِئْنِیْ سُوْرَۃً جَامِعَۃً فَاَقْرَأَہٗ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ حَتّٰی فَرَغَ مِنْہَا فَقَالَ وَ
الَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ لَا اَزِیْدُ عَلَیْہَا اَبَدًا ثُمَّ اَدْبَرَ الرَّجُلُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
اَفْلَحَ الرُّوَیْجِلُ مَرَّتَیْنِ ٭ د س مس حب ٭ ایک شخص نے عرض کی اے رسول خدا پڑہاؤ مجکو ایک سورت
جامع یعنی اوسمین سب مطالب دین و دنیا کی ہون پس پڑہائی حضرت نی اوسکو اذا زلزلت الارض یہانتک
کہ فارغ ہوئی اوس سی پس کہا اوسنی قسم ہی اوس ذات کی کہ بہیجا تمکو ساتہہ حق کی نہ زیادہ کرونگا مین اسپر کبہی یعنی
بس کافی ہی یہہ مجہی پہر پیٹہ پہیری اوس شخص نے پس فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی مطلب یاب ہوا یہہ شخص
بات دو بار فرمائی نقل کیے یہہ ابو داؤد و نسائی حاکم ابن حبان نے ف جامعیت فمن یعمل مثقال ذرۃ آخر
تک مین ہی کہ سب کچہہ کرنا نہ کرنا اسمین مذکور ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جو کوئی پڑہی بعد مغرب
کی جمعہ کی شب مین دو رکعت اور پڑہی ہر رکعت مین سورۂ فاتحہ ایکبار اور سورۂ اذا زلزلت پندرہ بار فواسطی
کرتا ہی اسپر اللہ تعالی جانکنی اور پناہ دیتا ہی اوسی عذاب قبر سی اور آسان کریگا اوسکو گذرنا پل صراط پر سی قیامت
کذا فی شرح الصدور اَلْکَافِرُوْنَ رُبُعُ الْقُرْآنِ ٭ ت ٭ سورۂ قل یا چوتہائی قرآن کی برابر ہی نقل کی یہہ ترمذی

تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْآنِ * ت مس * برابر ہی وہ چوتھائی قرآن کی نقل کیے ہیہ ترمذی حاکم نی ف قرآن مین
ذکر توحید اور نبوت کا اور احکام اور قصون کا ہی پس اس سورت مین توحید خوب مذکور ہی اس باعتبار چوتھائی ہوئی
یا ثواب اسکا مثل اصل ثواب چوتھائی قرآن کے ہی کذا ذکرہ الفخر نِعْمَ السُّوْرَتَانِ هُمَا تُقْرَآنِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ
قَبْلَ الْفَجْرِ الْكَافِرُوْنَ وَالْإِخْلَاصُ * حب * اچھی ہین دو سورتین کہ وہ پڑہی جاتی ہین دو سنتون فجر کی مین
یعنی قل یا اور قل ہو اللہ نقل کیے ہیہ ابن حبان نی اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ رُبُعُ الْقُرْآنِ * ت * سورۂ اذا جاء چوتھا
قرآن کے برابر ہی نقل کیے ہیہ ترمذی نی ف قرآن مین اگلی لوگون کا اور پچھلون کا قصہ مذکور ہی اور امر و نہی ہی اس
سورہ مین بیان ہی قصہ آیندہ کا اس سبب سی چوتھائی ہوئی یا ثواب اسکا برابر اصل ثواب چوتھائی قرآن کی ہے
کذا ذکرہ الفخر قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ثُلُثُ الْقُرْآنِ * خ م د ت ق * قل ہو اللہ تہائی قرآن کی برابر ہی نقل کی بخاری
مسلم ترمذی ابن ماجہ نی تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ * خ د ت مس * برابر ہی وہ تہائی قرآن کی نقل کی
بخاری ابو داؤد ترمذی حاکم نی ف قرآن مین قصے ہین اور احکام اور توحید اسمین توحید خوب مذکور ہی پس تہائی ہوئی
یا ثواب اسکا اصل ثواب تہائی کی برابر ہی کذا ذکرہ الفخر وَقَالَ عَنْ رَجُلٍ كَانَ يَقْرَأُ بِهَا لِأَصْحَابِهِ فِي الصَّلَاةِ
أَخْبِرُوْهُ أَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهُ * خ م س * اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی جب مذکور ہوا ایک شخص کا کہ پڑہتا تہا قل
ہو اللہ جب امامت کرتا یارون اپنی کی نماز مین خبر دو اوسکو کہ تحقیق اللہ تعالی دوست رکہتا ہی اوسکو نقل کی بخاری
مسلم نسائی نی ف ایک صحابی ہر نماز مین الحمد کی بعد قل ہو اللہ پڑہا کرتی تہی لوگون نی حضرت سی عرض کی فرمایا
پوچہو اوس سی سبب اسکا جب اوسنی پوچہا تو کہا اونہون نی کہ یہہ صفت رحمان کی ہی مین دوست رکہتا ہون اسکو
فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ خبر دو اوسکو کہ اللہ تعالی بہی تجکو دوست رکہتا ہی کذا ذکرہ الفخر وَقَالَ لِرَجُلٍ كَانَ
يَلْزَمُ قِرَاءَتَهَا مَعَ غَيْرِهَا فِي الصَّلَاةِ حُبُّكَ إِيَّاهَا أَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ * خ ت * اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ
وسلم نی واسطی ایک شخص کی کہ ہمیشہ پڑہتا تہا قل ہو اللہ ساتہ غیر اوسکی کی نماز مین دوست رکہنا تیرا اوسکو داخل
کریگا تجکو بہشت مین نقل کیے ہیہ بخاری ترمذی نے ف ایک صحابی ہر نماز مین جب امامت کرتا تہا قل ہو اللہ

اور [illegible] کی بعد او سورۃ پڑہتی لوگون نی کہا کیا ہی تملوکہ اسپر کفایت نہین کرتی تہی پڑہو یا اور ہی پڑہو جب حضرت
اونکی محلہ مین تشریف لیگئی یہہ بات [illegible] پوچہی سبب اسکا پوچہا اونہون نی کہا بہت رکہتا ہون مین اسکو تب فرمایا
حبک ایاہ آخر تلک کذا ذکر الفخر ح وسمع رجلا یقرأ قل ہو اللہ احد فقال وجبت الجنة ای له ۞ مرت
ط ابس مس ۞ اور سنا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ایک شخص کو کہ پڑہتا تہا قل ہو اللہ سو فرمایا کہ واجب ہوئی بہشت
تمہارا اوسنی یعنی اوسکی لئی نقل کی یہہ مسلم ترمذی نی اور موطا مین اور نسائی حاکم نی والذی نفسی بیدہ
انہا لتعدل ثلث القرآن ۞ خ د س ۞ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی قسم ہی اوس ذات کی
جان میری اوسکی ہات مین ہی تحقیق قل ہو اللہ البتہ برابر ہی تہائی قرآن کی نقل کی یہہ بخاری ابوداؤد نسائی نی
من اراد ان ینام علی فراشه فنام علی یمینه ثم قرأ مائة مرة قل هو الله احد اذا کان
یوم القیامة یقول الرب یا عبدی ادخل علی یمینک الجنة ۞ ت ۞ جو کوئی چاہی یہہ کہ سووی
اپنی بچہونی پر پس سووی داہنی کروٹ اپنی پہر پڑہی سو بار قل ہو اللہ جب ہوگا دن قیامت کا تو فرماویگا اوسکو
پروردگار ای بندی میری داخل ہو اوپر داہنی طرف اپنی کی بہشت مین نقل کی یہہ ترمذی نی ف
داہنی طرف محل اور باغ وغیرہ فضل مین بائین طرف سی کذا ذکر الفخر اور جو کوئی دس بار قل ہو اللہ پڑہتا ہی ایک محل
بنتا ہی بہشت مین اوسکی لئی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ آئی میری پاس جبرئیل اچہی صورت مین ہنستی
ہوئی روشن چہرہ پس کہا ای محمد اللہ تعالی تمہی سلام فرماتا ہی اور فرماتا ہی کہ ہر چیز کی نسب ہی اور نسب میرا
قل ہو اللہ احد ہی پس جو کوئی آویگا میری پاس امت تیری سی کہ پڑہتی ہوگی اوسنی قل ہو اللہ احد ہزار بار اپنی عمر مین لازم
کرونگا اوسکو نیزہ اپنا یعنی نشان نجات کا دونگا اور آگی اوسکی عرش میرا ہوگا اور شفاعت قبول کرونگا
اوسکی بیچ حق ستر آدمیون کی اونمین سی کہ واجب کیا ہوگا اونکو عذاب اور فرمایا کہ جو کوئی ارادہ سفر کا کری
[illegible] گہر اپنی کی پس پڑہی گیارہ بار قل ہو اللہ احد تو ہوتا ہی اللہ تعالی نگہبان اوسکا
تلک کہ [illegible] اور انس سی روایت ہی کہ تہی ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتہ تبوک مین پس طلوع ہوا آفتاب ایک دن

تھا آیت روشن کہ ویسا کبھی دیکھا ہے اون تھا پہلی اسکے سی پس حضرت نے تعجب کیا اور جبرئیل علیہ السلام سے
کی پوچھا کہ کیا ہی سبب اس روشنی کا کہا اونہوں نے کہ یہہ حسن ... آپکی صحابیوں میں سے ایک سورہ پڑہتی ہیں آج میں
مرتبی ہیں پس بہیجا ہے اللہ تعالی نے طرف اوسکی ستر ہزار فرشتوں کو کہ نماز پڑہیں اوپر پوچھا حضرت نے کیا سبب
اسکا کہا اونہوں نے کہ یہہ بہت پڑہتا تہا قل ہو اللہ احد کہڑی اور بیٹہی اور چلتی اور اوقات رات دن میں
پڑہو اسکو پس تحقیق ہیبت رب تمہاری کی اور جو کوئی پڑہے اسکو پچاس بار بلند کرتا ہے اللہ تعالی پچاس ہزار درجے
اور دور کرتا ہے اوس سے پچاس ہزار برائیاں اور لکھتا ہے واسطے اوسکے پچاس ہزار نیکیاں اور جو کوئی زیادہ پڑہے
زیادہ دیگا اوسکو اللہ ثواب کذا فی در المنثور اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑہے قل ہو اللہ احد
مرض الموت میں تو نہ فتنے میں ڈالا جاویگا قبر اپنی میں اور امن میں رہیگا بہنچنے قبر کیسی اور دن قیامت کے اٹہا
اپنی ہتیلیوں میں اوسکو اوٹہاوینگے یہاں تلک کہ گذارینگے اوسکو پل صراط سے طرف جنت کی کذا فی ...

○ الصمد و الفلق و الناس میں یہہ بیان ہے فضیلت قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کا

خَیْرَ سُوْرَتَیْنِ قُرِئَتَا د س * فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ صحابی کو کیا نہ سکہاؤں میں تجکو
اچہی دو سورتیں کہ پڑہی جاتی ہیں نقل کی یہہ ابو داؤد نسائی نے ف اچہی یعنی بیچ مقدمہ تعوذ کی یعنی
پکڑنی پناہ کی وہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ہین اِقْرَأْ بِهِمَا وَلَنْ تَقْرَأَ بِمِثْلِهِمَا
س ح ب * پڑہ یہہ دونوں سورتیں اور ہرگز نہ پڑہیگا تو کچھ مانند ان دونوں کی یعنی تعوذ کی حق میں نقل کیا
کی یہہ نسائی ابن حبان نے۔ وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَعَيْنِ الْإِنْسَانِ حَتَّى
الْمُعَوِّذَتَانِ أَخَذَ بِهِمَا وَتَرَكَ مَا سِوَاهُمَا ت س ق * اور تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کہ پناہ
پکڑتی تہی جن سے اور نظر آدمی کی سے یعنی ساتھ اور دعاؤں کی یہاں تلک کہ اوتریں قل اعوذ برب الفلق
قل اعوذ برب الناس جب یہہ اتریں تو پکڑا اونکو یعنی ساتھ انکی پناہ پکڑنی اور چہوڑا اوسے ...
نقل کی یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ نے۔ ... وَلَا اسْتَعَاذَ مُسْتَعِيذٌ بِمِثْلِهِمَا

ہونا تھا کہ مانگنی والی نی اور نہ پناہ پکڑی کسی پناہ پکڑنی والی نی ساتھ مانند ان دونون کی نقل کی ہے نسائی نے آپ نے
اقرأ بهما كلما قمت ونمت * ترجمہ * پڑھ ان دونون کو جب سوئے تو اور جب اوٹھے تو نقل
کی ہے ابن ابی شیبہ نی اقرأ يا عقبة قل اعوذ برب الفلق فانك لن تقرأ بسورة احب الى الله وابلغ
عنده منها فان استطعت ان لا تفوتك فافعل * ترجمہ * پڑھ قل اعوذ برب الفلق پس تحقیق تو نہ
پڑھیگا کوئی سورت کہ وہ اس سی بہت پیاری ہو طرف اللہ کی اور بہت پہونچنی والی اور خوب پوری ہو نزدیک
اوسکی یعنی حق تعوذ مین پس جو سکی تو یہ کہ ناغہ ہووی تجہسی یعنی پڑھنا اسکا مطلوب ہر نوبت کی نماز وغیرہ
پس کر نقل کی ہے حاکم نی لن تقرأ شيئا ابلغ عند الله من قل اعوذ برب الفلق * ترجمہ * ہرگز نہ
پڑھیگا تو کوئی چیز کہ خوب پوری ہو نزدیک خدا کی قل اعوذ برب الفلق سی نقل کی ہے ابن سنی نی الم تر آیات
نزلت الليلة لم ير مثلهن قط الفلق والناس * ترجمہ * عجب آیتین ہین اوتریں آج کی
رات نہین دیکھین نہ کی مانند اونکی کبھی وہ سورہ فلق اور سورہ ناس ہین نقل کی ہے مسلم ترمذی نسائی نی
ف جو شخص قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتا ہی نہین باقی رہتی کوئی چیز مگر کہ کہتی ہی اپنی
بچا اسکو میری شر سی اور جو الحمد پڑھتا ہی گویا چوتہائی کلام اللہ پڑھا اور جو الہٰکم التکاثر پڑھتا ہی گویا ہزار آیتین
پڑھین کذا فی در المنثور فی فضائل حوامیم اور پڑھی بعد سلام پھیرنی نماز جمعہ کی بنیت نماز پر سورہ فاتحہ اور اخلاص
اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس سات سات بار تو بخشتا ہی اللہ تعالی اگلی پچھلی گناہ اوسکی اور
دیتا ہی ثواب بقدر گنتی ہر مومن کی اور ایک روایت مین بعد اسکی یہ دعا سات بار پڑھنی زیادہ آئی ہی اللهم یا غنی
يا حميد يا مبدئ يا معيد يا رحيم يا ودود اكفني بحلالك عن حرامك وبطاعتك عن معصيتك واغنني بفضلك
عمن سواك پس جو کوئی مواظبت کرتا ہی اسپر غنی کرتا ہی اوسکو اللہ تعالی خلق اپنی سی اور رزق دیتا ہی اوسکو ایسی
جا سی کہ گمان نہین رکھتا ہی وہ اسکا اور روایت کی ہی ابن سنی نی حضرت عائشہ سی کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی
فرمایا کہ جو کوئی پڑھی بعد نماز جمعہ کی قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس سات سات بار

تو پناہ دیتا ہی اوسکو اللہ تعالی اوس سبب سے اوس ہر بلا سی جمعہ دوسری تلک کذا فی وظائف النبی اور بعضی فضائل
کلام اللہ کی اور بعضی سورتون کی کہ مصنف رحمہ اللہ نی بیان نہین کئی ہین مشکوۃ وغیرہ سی چن کر لکہتا ہون تا منفعت
ہون فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ تحقیق دل زنگ آلودہ ہوجاتی ہین جیسی کہ لوہا پانی پہونچنی سی
زنگ آلودہ ہوتا ہی عرض کیا صحابہ نی جلا اوسکی کیا ہی فرمایا بہت یاد کرنا موت کا اور تلاوت قرآن کی
اور فرمایا کہ جو کوئی پڑہی قرآن اور عمل کری اوسپر پہنائی جاوینگی ماں باپ اوسکی تاج دن قیامت کی روشنی
اوسکی بہت اچہی ہوگی روشنی آفتاب کیسی دنیا کی گہرون مین اگر ہو روشنی آفتاب کی اندر گہرون تمہاری کی
پس کیا گمان ہی تمہارا ایسا تہا اوس شخص کی کہ عمل کیا اوسپر یعنی اوسکا کیا کچہہ درجہ ہوگا جب اوسکی ماں باپ کا
یہہ درجہ ہوا اور فرمایا کہ جسنی پڑہا قرآن اور یاد کیا اوسکو اور حلال جانا حلال اوسکی کو اور حرام جانا حرام
اوسکی کو یعنی عمل کیا اوسپر داخل کریگا اوسکو اللہ تعالی بہشت مین اور قبول کریگا اوسکی شفاعت بیچ
دس شخصون کی اہل بیت اوسکی سی کہ سب ایسی ہی ہونگی کہ واجب ہوگی اونکی لئی آگ اور فرمایا کہ نہین کوئی شخص کہ
پڑہی قرآن کو پہر بہول جاوے اوسکو مگر کہ ملاقات کریگا اللہ تعالی سی دن قیامت کی کٹا ہوا ہاتہہ اور فرمایا کہ نہین ایمان
لایا قرآن پر وہ شخص کہ حلال جانا حرام اوسکی کو اور فرمایا ای اہل قرآن تکیہ نکرو قرآن سی یعنی غافل ہوکر فکر
کرو بیچ معنون اوسکی سی اور کہولنی اسرار اوسکی سی اور فرمایا پڑہو قرآن حق پڑہنی اوسکا اوقات رات کی
مین اور دن کی بیچ مین یعنی پڑہنی اوسکی مین چار باتین چاہیین ایک تو یہہ کہ لفظون کو درست پڑہنا اور دوسری
معنون کو سمجہنا اور تیسری معنون کا مقصد سمجہنا اور چوتہی اوسکی موافق عمل کرنا جب اسطرح پڑہی حق
پڑہنی کا ادا ہوتا ہی اور فرمایا ظاہر کرو قرآن کو یعنی ظاہر تین طرحسی ہوتا ہی پڑہنا اور عمل کرنا اور تعظیم کرنی
اور فرمایا آواز خوش مین پڑہو قرآن کو اور فکر کرو اوس چیز کہ اوسمین ہی یعنی جو آیتین [illegible]
اور ہول کی ہین اوسمین بہت [illegible] کرو تو کہ تم [illegible] ہوا اور فرمایا نہ جلدی کرو ثواب [illegible]
دنیا مین [illegible] اوسکی ثواب [illegible] اور فرمایا کہ سورۂ فاتحہ [illegible]

اور جو کوئی پڑھی سورہ آل عمران جمعہ کی دن پڑھی رحمت بھیجتی ہین اوسپر فرشتی رات تلک اور فرمایا پڑھو سورہ ہود دن
الجمعہ کی اور فرمایا جو کوئی سورہ یٰسین اوّل دن مین پڑھتا ہی روا کی جاتی ہین حاجتین اوسکی اور جو کوئی اسکو پڑھتا
ہی اللہ تعالی کی خوشنودی کی لئی بخشی جاتی ہین گناہ اوسکی اور فرمایا ہر چیز کی لئی زینت ہی اور زینت قرآن
کی سورہ الرحمن ہی جو کوئی پڑھی سورہ واقعہ ہر رات مین نہ پہنچی اوسکو فاقہ کبھی اور ابن مسعود اپنی بیٹون کو حکم کیا کرتی تھی
پڑھنی کا اسکو ہر شب دوست رکھتی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سورہ سبح اسم ربک الاعلی کو اور فرمایا جو کوئی پڑھی
شب کو سورہ حم دخان پڑھی صبح کرتا ہی کہ بخشش مانگتی ہین اوسکی لئی ستر ہزار فرشتی اور جو کوئی پڑھی ہر دن قل ہو اللہ
دو سو بار دور کئی جاتی ہین اوس سی گناہ پچاس برس کی مگر یہہ کہ ہو اوس پر دین یعنی بندون کا حق نہین
بخشا جاتا اور فرمایا کہ جسکی دل مین کچھہ قرآن مین سی نہین وہ مانند گھر ویرانکی ہی اور جامع صغیر مین روایت ہی
کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی جب دوست رکھی کوئی تم مین کہ کلام کری رب اپنی سی پس پڑھی قرآن اور
تلاوت قرآن کی افضل عبادات کی ہی اور جیسی اسکی پڑھنی سی نزدیکی اللہ تعالی کی حاصل ہوتی ہی اور چیز سی ویسی نہین
ہوتی تمام ہوئی حدیث کلام اللہ پڑھنا جب شروع کری تعوذ پہلی پڑہی اور یہہ جانی کہ اپنی رب سی مین مناجات
کرتا ہون اور رووی اگرچہ بتکلف ہو اور جب آیت رحمت پر پہونچی خوش ہووی اور دعا کری اور اگر آیت عذاب پر
پہونچی ڈری اور پناہ مانگی اور باقی آداب کہ اول کتاب مین گذری ہین یعنی آداب الذاکرین بجا لاوی اور اخیر سورہ فاتحہ
کی اور اخیر سورہ بقرہ کی آمین کہی اور فَبِاَیِّ آلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ کی جواب مین کہی وَلَا بِشَیْءٍ مِّنْ نِعَمِکَ رَبَّنَا نُکَذِّبُ
فَلَکَ الْحَمْدُ اور اخیر سورہ قیامت کی بلی اور آخر مرسلات کی آمَنْتُ بِاللّٰہِ اور اول سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی کی سُبْحَانَ
رَبِّیَ الْاَعْلٰی اور آخر سورہ والتین کی بَلٰی وَاَنَا عَلٰی ذٰلِکَ مِنَ الشَّاہِدِیْنَ کہی اور مسنون ہی تکبیر کہنی اخیر والضحی سی
آخر قرآن تلک پس کہی وقت ختم سورت کی لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اور جب ختم کری قرآن الحمد اور سر اسورہ بقرہ کا
مفلحون تلک پڑھی یہہ خلاصہ ہی وظائف النبی مین سی مفصل اوسمین لکھی اور کتاب قرات مین اس مقام کو
لکھی ۔ الادعیۃ التی ھی غیر مخصوصۃ بوقت ولا سبب ۔ اور یہہ بیان اون دعاؤن کا ہی کہ وہ مخصوص نہین

کی گئین ساتھ کسی وقت اور سبب کی ف بلکہ شامل ہین تمام وقتون اور حالون اور مطالب و [illegible]

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰی وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ

فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَایَا كَمَا نَقَّیْتَ

الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ كَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

ع یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیری کاہلی سی اور بہت بڑہاپی سی اور قرض سی اور گناہ

یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیری عذاب آگ کیسی اور فتنہ آگ کیسی یعنی امتحان سی کہ موجب

دخول دوزخ کا ہو یا [illegible] کیسی اور فتنہ قبر کیسی یعنی حیرانی جواب منکر نکیر کیسی اور عذاب

قبر کیسی اور برائی فتنہ تونگری کیسی یعنی فسق و فجور اور اسراف اور حرام مال کمانیسی اور برائی فتنہ محتاجی

کیسی یعنی بی صبری اور حسد کرنا مال اغنیا پر اور طمع اور برائی فتنہ کانی دجال کیسی یا اللہ پاک کر گناہ میری ساتھ

پانی برف کی اور اولی کی اور پاک کر دل میرا گناہون سی جیسی کہ پاک کیا جاتا ہی کپڑا سفید میل سی اور دور کر

درمیان میری اور درمیان گناہون میری کے جیسی کہ دوری کی تونی درمیان مشرق و مغرب کی نقل کی

سب صحاح ستہ مین اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ

الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ خ م د ت حب مس ط یا اللہ تحقیق مین

پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری عاجزیسی اور کاہلی سی اور نامردی اور بڑہاپی سی اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری

عذاب قبر سی اور پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیری فتنہ زندگانی اور موت کیسی نقل کی بخاری مسلم ابوداؤد ترمذی

ابن حبان حاکم نی اور طبرانی فی صغیر مین وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْ[illegible]

الْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُ بِكَ [illegible] وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الصَّمَمِ [illegible] سَیِّئِ الْاَسْقَامِ حب

اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ تیری شکلی سی اور غفلت سی یعنی ادا طاعت مین اور فقر و فاقہ سی اور ذلت سی اور محتاجگی سی اور
پناہ لیتا ہون ساتھہ تیری محتاجگی سی کی ساتھہ دوسری کے ہو اور کفر سی اور نافرمانی سی اور مخالفت حق اور اہل دین کی سی اور دکھلانے
اور ریا سی یعنی عبادت لوگون کے سنانی دکھانی کو کرنی سی اور پناہ لیتا ہون ساتھہ تیری بہری پن سی اور
گونگی پن سی اور سودی سی اور جذام سی اور تمام بری بیماریون سی نقل کے یہہ ابن حبان حاکم نی اور طبرانی نی
صغیر ہہ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ
وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ ؛ خ د ت س ؛ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری فکر اور غم سی اور عاجزی
اور کاہلی اور بخیلی اور نامردی سی اور بوجھہ قرض کیسی اور غلبہ آدمیون کیسی نقل کے یہہ بخاری ابو داؤد ترمذی نسائی
نی اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوذُ
بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ؛ خ ت س ؛ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا
ہون ساتھہ تیری بخیلی سی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری نامردی سی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری اس
کہ پھیرا جاؤن طرف خوار تر عمر کی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری فتنہ دنیا کیسی یعنی سب بلاؤن دنیا کی سی
کہ بیماری گناہ وغیرہ ہین اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب قبر کیسی نقل کے یہہ بخاری ترمذی نسائی نے
اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ اللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي
تَقْوَاهَا وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ
وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا ؛ م ت س مص ؛ یا اللہ تحقیق
مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عاجزی اور کاہلی سی اور نامردی اور بخل اور بہت بڑہاپی سی اور عذاب قبر
یا اللہ دی نفس میری کو پرہیزگاری اوسکی اور پاک کر اوسکو تو بہتر ہین اون شخصونکا ہی کہ پاک کرتی ہین نفس کو
بیکار سا تہی اوسکا اور مددگار ہی اوسکا یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری علم سی کہ نفع دی یعنی
علم دین کا نہو یا علم بی عمل اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اللہ سی اور اون نفس سے کہ نہ سیر ہو اور دعا نہ قبول اللہ کی یعنی

اور حارص ہو دنیا پر اور اوس وعلم سی کہ نہ قبول کیجاوی اور خلاف مرضی حق کے ہو نقل کیے یہہ مسلم ترمذی نسائی ابن ابی شیبہ نی ف دوسری معنی لایخشع کی یہہ ہین کہ نہ اطمینان وتسکین پاوی دل ساتہہ ذکر اسکی اور نہ ڈرے ساتہہ اوس چیز کی کہ مقدر کی اسد نی اور حکم فرمایا اوس نی منع فرمایا کذا ذکر العلی اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَسُوْءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ د س ق حب یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیرے نامردی سی اور بخیلی سی اور برائی عمر کیسی یعنی زندگانی مین اعمال صالح نہوں یا معیشت مین ہوا اور فتنہ سینہ کی سی یعنی عقائد فاسدہ وغیرہ اور عذاب قبر کیسی نقل کیے یہہ ابو داود ابن ماجہ ابن حبان نی اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِي اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِي لَا يَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ يَمُوْتُوْنَ م خ س یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ غلبہ تیری کہ نہین کوئی معبود مگر تو اس سے کہ گمراہ کری تو مجہکو تو ہی زندہ جو نہ مریگا اور جن اور آدمی سب مرینگی نقل کیے یہہ مسلم بخاری نسائی نے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ خ یا اللہ تحقیق ہم پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری مشقت بلا کیسی اور پالینی بدبختی کیسی اور بری تقدیر سی اور خوش ہونی دشمنون کیسی یعنی بسبب مصیبت میری کے نقل کیے یہہ بخاری نی ف حضرت عمر رضی اللہ عنہ سی منقول ہی کہ مشقت بلا کی قلت مال کیے اور کثرت اولاد کی ہی اور مراد بری تقدیر سی بری چیز ہی کہ تقدیر سی حاصل ہو کذا ذکر الفحر اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ م د س ق یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری برائی اوس چیز کی کہ کی مینی یعنی گناہ اور برائی اوس چیز کیسی کہ نہین کی مینی یعنی آیندہ کوئی کام خلاف مرضی تیری کی نہ ہو نقل کیے یہہ مسلم ابوداود نسائی ابن ماجہ نی اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ س مص یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری برائی اوس چیز کی سی کہ جانتا ہون مین یعنی امور دین اور دنیا کی اور برائی اوس چیز کیسی کہ نہین جانتا ہون مین نقل کیے یہہ نسائی ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اِنِّي

أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيعِ سَخَطِكَ ٭ م د س ٭ یا اللہ
تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری جاتی رہنی نعمت تیری کیسی اور بدلنی عافیت تیری کیسی اور ناگہاں
عذاب تیرے سے اور سب غصوں تیرے سے نقل کیے مسلم ابو داؤد نسائی نے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ
مِنْ شَرِّ سَمْعِي وَمِنْ شَرِّ بَصَرِي وَمِنْ شَرِّ لِسَانِي وَمِنْ شَرِّ قَلْبِي وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّي ٭ ت د س
مستدرک ٭ یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری برائی سماعت اپنی کیسی یعنی بری بات ہی باتیں
نہ سنوں اور برائی بینائی اپنی کیسی یعنی گناہ کی چیز نہ دیکھوں اور برائی زبان اپنی کیسی یعنی کلام لایعنی اور
فحش نہ بکوں اور برائی دل اپنی کیسی یعنی عقائد باطل اور حسد وغیرہ نہ ہوں اور برائی منی اپنی کیسی یعنی
زنا میں نہ خرچ ہو نقل کیے ترمذی ابو داؤد نسائی حاکم نے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ
وَالذِّلَّةِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ ٭ د س ق مس ٭ یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں
ساتھ تیری فقر و فاقہ سے اور خواری سے اور پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ تیری اس سے کہ ظلم کروں میں یا ظلم
کیا جاؤں میں نقل کیے ابو داؤد نسائی ابن ماجہ حاکم نے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَأَعُوذُ
بِكَ مِنَ التَّرَدِّي وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ
عِنْدَ الْمَوْتِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَمُوتَ فِي سَبِيلِكَ مُدْبِرًا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَمُوتَ لَدِيغًا
د س مس ٭ یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری مکان کے گرنے سے یعنی مکان وغیرہ میں دب
جاؤں اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری گر پڑنے بلندی کیسی اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیری ڈوبنے اور جلنے
سے اور بہت بڑھاپے سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیری اس سے کہ حیران کرے مجھکو شیطان نزدیک مرنے کے
یعنی وسوسے ڈالے اور گمراہ کرے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیری اس سے کہ مروں میں تیری راہ میں پیٹھ پھیر کر یعنی
جہاد سے بھاگ کر اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیری اس سے کہ مروں میں سانپ بچھو کے کاٹنے سے نقل کی یہ ابو داؤد
نسائی حاکم نے ف غرق وغیرہ سے مرنا اگرچہ حکم شہادت کا رکھتا ہے لیکن اس سے پناہ اسلئے مانگی کہ وہ وقت نازک

ہوتا ہی ساتھ اوسکی صبری کری اور شیطان قابو پاکر گمراہ کر دی کذا ذکرہ الفجر ح اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ

الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَھْوَاءِ ت حب مس وَالْاَدْوَاءِ ت یا اللہ تحقیق میں پناہ

مانگتا ہوں ساتھ تیری بری اخلاق سی اور بری عملوں سی اور بری خواہشوں سی نقل کیے یہہ ترمذی ابن

حبان حاکم نی اور ترمذی کے روایت میں یہہ بہی ہی اور بری بیماریوں سی اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا

سَاَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ت یا اللہ تحقیق ہم

مانگتا ہوں تجہسی بہلائی اوس چیز کی کہ مانگی تجہسی وہ نبی تیری نی کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور پناہ پکڑتی ہیں

ہم ساتھ تیری برائی سی اوس چیز کیسی کہ پناہ مانگی اوس سی تیری نبی نے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور

تجہسی مدد مانگی گئی ہی اور تجہپر ہی کفایت یعنی تو ہی سبہوں کو کافی ہی اور نہیں ہی پہرنا گناہوں سی اور نہ قوت

عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کی نقل کی یہہ ترمذی نی ف ابو امامہ صحابی رضی اللہ عنہ کہتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم نی بہت سی دعا کی مجہی یاد نہ رہی تب عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپنی بہت سی دعا کی کہ مجہی یاد نہ رہی فرمایا کہ بتاتا

ہوں تمکو ایسی دعا کہ سب دعائیں اوسمیں آجاویں یہہ اللھم انا نسالک سارے دعا تعلیم فرمائی کہ جامع ہی کذا ذکرہ

الفجر ح اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَۃِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِیَۃِ یَتَحَوَّلُ مس حب

مس ت یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری ہمسایہ بُری سی بیچ گہر سکونت کی کیونکہ تحقیق ہمسایہ جنگل کا

یعنی سفر کا بدل جاتا ہی یعنی وہاں سی اور جاہی چلا جاتا ہی برائی اوسکی سہل ہی نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الْکُفْرِ وَالدَّیْنِ مس حب مس ت پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کی کفر سی اور قرض سی یہہ

نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ [illegible]

[illegible] الْاَعْدَاءِ مس حب [illegible] ساتھ تیری [illegible]

[illegible]

لَا یَخْشَعُ وَدُعَاءٍ لَا یُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ ۔ مس مص ۔ وَمِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِیْعُ ۔ مس

مص ۔ وَمِنَ الْخِیَانَةِ فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ وَمِنَ الْکَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَمِنَ الْهَرَمِ وَمِنْ اَنْ

اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ

عَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَمُنْجِیَاتِ اَمْرِکَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ

وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ۔ مس ۔ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری اوس علم سی کہ نہ نفع دی اور اوس جی سی کہ نہ ڈرے

اور اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو اور اوس نفس سی کہ نہ سیر ہو نقل کیے ہیہ حاکم ابن ابی شیبہ نی اور پناہ مانگتا

ہون بہوک سی کیونکہ وہ بری ہمخواب ہی یعنی سبب اوسکی حضور او خاطر جمعی مین فتور آتا ہی او بسبب ضعف کی عبادت سی

باز رہتا ہی نقل کیے ہیہ حاکم ابن ابی شیبہ نی اور پناہ مانگتا ہون خیانت سی پس بری خصلت پوشیدہ ہی

اور کاہلی سی او بخیلی سی او نامردی سی او بہت بڑہاپی سی اور اس سی کہ پہیرا جاون طرف خوارتر عمر کی اور

فتنہ دجال کی سی اور عذاب قبر کی سی اور فتنہ زندگانی او موت کی سی یا اللہ تحقیق ہم مانگتی ہین تجہسی عملکہ لازم

کرین بخشش تیری کو اور مانگتی ہین عمل کہ نجات دین حکم تیری سی یعنی عمدہ حکم تیری سی خلاصی دین او محفوظ

رہنا ہر گناہ سی او غنیمت ہر نیکی سی اور مراد کو پہونچنا ساتہہ بہشت کی او نجات آگ سی نقل کیے ہیہ حاکم نی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ ۔ حب ۔ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی

علم نفع دینی والا اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری اوس علم سی کہ نہ نفع دی نقل کیے ہیہ ابن حبان نی اَللّٰهُمَّ

اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَعَمَلٍ لَا یُرْفَعُ وَقَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَقَوْلٍ لَا یُسْمَعُ ۔ حب مس مص

یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری اوس علم سی کہ نہ نفع دی اور اوس عمل سی کہ نہ چڑہایا جاوی آسمان پر

یعنی مقبول ہو بسبب باطل ہونی کی یا نہ ہونی اخلاص کے اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اور اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو

نقل کیے ہیہ ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ اَنْ نَرْجِعَ عَلٰی اَعْقَابِنَا اَوْ نُفْتَنَ عَنْ

دِیْنِنَا ۔ م ۔ یا اللہ تحقیق ہم پناہ مانگتی ہین ساتہہ تیری اس سی کہ پہرین ہم اوپر ایڑیون اپنی پر یعنی مرتد ہو جاوین

بعد ایمان کی یا فتنہ مین ڈالی جاوین دین اپنی سے یعنی دین مین قصور آجاوے نقل کیے یہہ مسلم نے تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ ۔ ع ۔ پناہ مانگتی ہین ہم ساتھہ اللہ کی عذاب آگ کیسی پناہ مانگتی ہم ساتھہ اللہ کی فتنون سی جو ظاہر ہوتی ہین اونمین سی اور جو پوشیدہ ہین یعنی آیندہ کو ظاہر ہونگی پناہ مانگتی ہین ہم ساتھہ اللہ کی فتنہ دجال کی نقل کیے یہہ ابو عوانہ نی اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْأَرْبَعِ ۔ مص طس ۔ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری اوس علم سی کہ نہ نفع دیوی اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اور اوس نفس سے کہ نہ سیر ہو اور اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری ان چارون سی نقل کیے یہہ ابن ابی شیبہ نے اور طبرانی نی اوسط مین اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَخَطَايَايَ وَعَمَدِيْ ۔ طس ۔ یا اللہ بخش میری سب گناہ میری جو بہ چوک کری ہین اور جو جان کرکی ہین نقل کیے یہہ طبرانی نی اوسط مین اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ ۔ ط ۔ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اور اوس نفس سی کہ نہ سیر ہو نقل کیے یہہ طبرانی نے اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ۔ ط ۔ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری کاہلی سی اور بہت بڑہاپی سی اور فتنہ سینہ کی سی یعنی بری عقائد اور کینہ اور حسد وغیرہ سی اور عذاب قبر کیسی نقل کیے یہہ طبرانی نی اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَوْمِ السُّوْءِ وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ ۔ ط ۔ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری بری دن سی یعنی جسمین برائی دین و دنیا کی واقع ہووے اور بری رات سے اور بری ساعت سے یعنی جسمین [illegible] یاد سی غافل ہوؤن اور یار بری سی یعنی جو نیک صلاح نہ دیوی اور بری ہمسائی سی بیچ گہر سکونت کی نقل کیے یہہ طبرانی نی اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ

الاسقام * د س مص * یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری کوڑہ سی اور سودے سی اور جذام سی اور

بری بیماریون سی نقل کیے یہہ ابو داؤد نسائی ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَ

النِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ * د * یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری مخالفت سی اور نفاق سے

اور بری خلقون سی نقل کیے یہہ ابو داؤد نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَاَعُوْذُ

بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ * د * یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری بھوک سی تحقیق کہ

وہ بری ہمخواب ہی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری خیانت سی پس تحقیق وہ بری مصاحب ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد نے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ

وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ * د * یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری چار چیزسی اوس علم سی کہ نفع نہ دے

اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اور اوس نفس سی کہ نہ سیر ہو اور اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو نقل کیے یہہ ابو داؤد نی

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ * خ م د س *

یا اللہ پروردگار ہمارے دے ہمکو دنیا مین بھلائی یعنی عافیت وغیرہ اور آخرت مین بھلائی یعنی بخشش اور جنت اور بچا

ہمکو عذاب آگ کیسی نقل کیے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ

فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ * خ م مص یا اللہ بخش واسطی میری گناہ کہ چوک کر کی ہین اور انجان

سی کئی ہین اور زیادتی میری بیچ کام میری کی اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننا ہی اوسکو مجھسی نقل کی یہہ بخاری

مسلم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ وَخَطَائِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ * خ

م * یا اللہ بخش میری لئی گناہ کہ قصداً کئی ہین اور ہنسی سی کئی ہین اور چوک کر کئی ہین اور جان کر کئی ہین اور یہہ سب

میری پاس موجود ہین یعنی یہہ عاجزی اور اقرار اپنی گناہون کا ہی نقل کیے یہہ بخاری مسلم نی اور ایک روایت مین

یہہ جملہ بھی زیادہ آیا ہی اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ * خ م * تو ہی آگی

کرنی والا یعنی ساتھہ رحمت اور بخشش اپنی کی اور تو ہی پیچھی رکھنی والا رحمت سی اور تو ہر چیز پر قادر ہی نقل کی یہہ بخاری مسلم نے

وں اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ وَخَطَائِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ ۔ مص ۔ یا اللہ بخش میرے
گناہ جو قصداً کئے ہیں اور ہنسی سے کئے ہیں اور چوک کر کئے ہیں اور جانکر کئے ہیں اور یہہ سب میرے پاس موجود ہیں نقل کی یہہ
ابی شیبہ نے اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّيْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ
مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۔ خ م ۔ یا اللہ دہو گناہ
میرے ساتھہ پانی برف اور اولے کے اور پاک کر دل میرا گناہوں سے جیسے کہ پاک کیا تو نے کپڑے سفید کو میل سے اور دور
ڈال درمیان میرے اور درمیان گناہوں میرے کے جیسے کہ دوری کی تو نے درمیان مشرق و مغرب کے نقل کی یہہ بخاری مسلم نے
اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ۔ م س ۔ یا اللہ پھیرنے والے دلوں کے پھیر دل ہمارے
طاعت اپنی پر نقل کی یہہ مسلم نسائی نے اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ۔ م ۔ یا اللہ راہ دکھا مجکو اور استقامت دے مجکو
راہ مستقیم پر نقل کی یہہ مسلم نے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالسَّدَادَ ۔ م ۔ یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے
ہدایت اور استقامت نقل کی یہہ مسلم نے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى
م ت ق ۔ یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور بے پروائی خلق سے اور توانگری دل کی
نقل کی یہہ مسلم ترمذی ابن ماجہ نے اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ
فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ
رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ ۔ م ۔ یا اللہ سنوار میرے لئے دین میرا وہ جو بچاؤ ہے کام میرے کا اور سنوار میرے لئے دنیا میری کہ
جسمیں زندگانی میری ہے اور سنوار میرے لئے آخرت میری کہ جسمیں بازگشت میری ہے اور کر زندگانی کو سبب
زیادتی کا واسطے میرے ہر نیکی میں یعنی اوسکے سبب سے نیکی بہت کروں اور کر موت کو راحت میرے لئے ہر برائی
سے نقل کی یہہ مسلم نے ف ۔ دین بچاؤ کام کا اسلئے ہے کہ درستی تمام امور کی درستی دین سے ہوتی ہے اور بچاؤ
اور مال میں اس سے حاصل ہوتا ہے اور باعث بچنے کا گناہوں سے اور عذاب آخرت کی ہے [illegible]
دنیا کا وجہ معیشت کی حاصل ہونے سے ہے اور توفیق عبادت کی اور رضا [illegible] باعث [illegible] آخرت [illegible]

